دو ہزار ۲۰۰۰ مرکبات پر مشتمل

مرکبات پر تمام کتب سے بڑی کتاب

کتاب المرکبات

المعروف

مخزن المرکبات

RIAZ

مع

علاج الامراض و معلم دواسازی

مؤلفہ و مرتبہ

شمس الاطباء حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی خان صاحب

ناشر

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور

حب رمان۔ بڑے بچوں میں دستوں کو بند کرنے کے لئے مفید و معمول ہے استعمال ۔ ایک گولی شربت انجبار ا تولہ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ انار خام شیریں ایک عدد۔ افیون ا ماشہ جوزبوا ایک عدد۔ ․سباسہ سات ماشہ ترکیب۔ کچے انار شیریں کو سر پر سے تراشیں اور تھوڑے دانے نکال کر کچھ حصہ خالی کر لیں۔ اس میں پہلے افیون اور پھر جوزبوا رکھ کر تراشا ہوا حصہ اوپر رکھ کر کچا سوت لپیٹ دیں کہ جس سے انار کا تمام حصہ ڈھک جائے۔ پھر گھی میں اس قدر بھونیں کہ دھاگہ سرخ ہو جائے۔ سرخ ہونے پر سوت کو علیحدہ کر کے افیون اور جو زبوا کو کھرل کر لیں اور ․سباسہ شامل کر کے کھرل ہو جانے پر گولیاں سیاہ مرچ کے برابر بنائیں۔

حب رمد۔ آشوب چشم میں مفید ہے استعمال۔ گولی کو پانی میں گھس کر آنکھ کے چاروں طرف لیپ کریں۔ نسخہ۔ رسوت آٹھ ماشہ۔ افیون دو ماشہ۔ پھٹکری بریان چودہ ماشہ حسب معمول عرق لیموں میں حل کر کے گولیاں بنائیں۔

حب ریوند۔ مرض سوء القنیہ اور استسقاء لحمی میں اخراج مواد کے لئے بطور مسہل مفید و معمول ہے استعمال۔ ہمراہ عرق مکوہ ۶ تولہ و عرق کاسنی چھ تولہ۔ شربت دینار دو تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ریوند۔ گوگل ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ غاریقون تین ماشہ۔ تربد مجوف چھ ماشہ زراوند مدحرج ایک ماشہ۔ انیسون چار رتی۔ حسب معمول گولیاں بنائیں اور دو خوراک کریں۔

حب ریگ ماہی۔ امساک لاتی ہے اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے استعمال۔ ایک گولی جماع سے دو گھنٹہ قبل گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ریگ ماہی۔ لونگ مازو۔ شنگرف ہر ایک چار ماشہ۔ زعفران۔ مشک افیون ہر ایک ایک ماشہ۔ نک چھکنی ورق طلاء ہر ایک تین ماشہ۔ کاپھل۔ دار چینی۔ ورق نقرہ ہر ایک سات ماشہ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب زحیر۔ پیچش میں مفید اور پرانے دستوں میں معمول ہے خصوصا اس وقت جب کہ بخار موجود نہ ہو استعمال۔ ایک گولی ساٹھی کے چاولوں کی پیچ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ مائیں خورد کات سفید۔ افیون ہر ایک ایک ماشہ۔ حسب معمول سیاہ مرچ کی برابر گولیاں بنائیں۔

حب زرنباد۔ قے کو روکتی ہے۔ متلی اور ابکائی میں مفید و معمول ہے استعمال ۔ دو گولی ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ و عرق الائچی چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زرنباد بیس تولہ عرق گلاب دس تولہ۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب زنگار۔ آتشک کے لئے نافع ہے استعمال۔ روزانہ ایک گولی بالائی میں رکھ کر
کھائیں اور زخموں پر طلاء کریں نسخہ۔ کتھ سفید دو تولہ۔ زنگار۔ جلوتری ہر ایک تین
ماشہ۔ افیون سپاری کہنہ ہر ایک دو ماشہ۔ کونپل بید انجیر دو تولہ۔ بالائی بیس تولہ تمام دواؤں
کو معہ بالائی کے کانسی کے برتن میں ڈال کر کانسی کے دستہ سے تین روز تک کھرل کریں
اور گولیاں بقدر دانہ نخود تیار کریں۔

حب زہر مہرہ۔ حرارت کو تسکین دیتی ہے۔ صفرا کے جوش کو زائل کرتی ہے اور
مزادی قے کو روکتی ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق پودینہ چھ تولہ ۔ شربت عناب دو تولہ
استعمال کریں نسخہ۔ زہر مہرہ سائیدہ دو ماشہ۔ مروارید صلایہ نمودہ ایک ماشہ۔ حسب معمول
عرق گلاب میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔

حب زیرہ بواسیر خونی میں خون کو بند کرنے کے لئے مفید و معمول ہے استعمال ۔
تین ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ و شربت انجبار دو تولہ استعمال کریں نسخہ۔ صمغ عربی بریاں
زیرہ سیاہ مدبر۔ زیرہ سفید مدبر۔ تخم خرفہ بریاں ہر ایک چار ماشہ۔ کشنیز خشک بریان چھ ماشہ۔
گلنار چھ دانہ۔ پوست خشخاش ایک عدد۔ کہرباء طباشیر ہر ایک ایک ماشہ حسب معمول چنے
کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب سبز۔ آشوب چشم میں مفید ہے استعمال۔ پانی میں گس کر پپوٹوں پر لیپ کریں
نسخہ۔ پھٹکڑی اٹھائیس ماشہ۔ رسوت۔ افیون ہر ایک چودہ ماشہ۔ برگ نیم پانچ عدد۔
زعفران پانچ رتی۔ تمام دواؤں کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر قدرے پانی شامل کر کے آہنی
دستہ سے رگڑیں۔ پانی خشک ہونے پر گولیاں تیار کرلیں۔

حب سرخ۔ گلے کی خراش کو دور کرتی ہے۔ نزلہ کو زائل کرتی ہے اور کھانسی کو
روکتی ہے استعمال ۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں نسخہ۔ صمغ عربی۔ رب
السوس۔ تخم خشخاش۔ نشاستہ۔ افیون ہر ایک ایک تولہ۔ حسب معمول لعاب بیہدانہ میں
گولیاں بنائیں۔

حب سرخ دیگر۔ آنکھوں کی سرخی کاٹتی ہے اور سوزش و جلن کو تسکین دیتی ہے
استعمال ۔ ایک گولی پانی میں گس کر پپوٹوں پر نیم گرم لیپ کریں۔ نسخہ۔ گیرو چار تولہ۔ افیون

دس ماشہ۔ سونٹھ۔ صمغ عربی ہر ایک چار ماشہ۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب سرخباوہ۔ بچوں میں مرض سرخبادہ کے لئے معمول و مفید ہے استعمال چھ ماہ کے بچے کو نصف سے ایک گولی تک ماں کے دودھ میں حل کر کے اور اس سے زائد کو ایک سے دو گولی ہمراہ شربت عناب دو تولہ استعمال کریں نسخہ۔ رسوت۔ صندل سرخ زرکچور ہر ایک دو ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ چاکسو دو ماشہ۔ زرد چوبہ۔ برگ حنا ہر ایک ایک ماشہ۔ مردار سنگ چار رتی۔ برگ نیب۔ برگ بکائن ہر ایک پندرہ عدد حسب معمول سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب سرفہ۔ (بنسخہ خاص) کھانسی کے لئے نہایت مفید و معمول ہے استعمال ایک گولی منہ میں ڈال کر چوستے رہیں نسخہ۔ صمغ عربی۔ رب السوس۔ تخم خشخاش۔ نشاستہ۔ افیون جملہ ادویہ مساوی الوزن لے کر سوائے افیون کے سب کو باریک پیس لیں اور افیون کو لعاب بہدانہ میں حل کر کے بقیہ دوائیں ملا دیں اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔

حب سرفہ دیگر۔ نزلہ کو روکتی ہے گلے کی خراش کو زائل کرتی ہے نیز خشک کھانسی میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں نسخہ ۔ صمغ عربی۔ کیترا۔ نشاستہ۔ اصل السوس مقشر ہر ایک چھ ماشہ۔ افیون۔ دانہ خشخاش سفید۔ مغز بہدانہ ہر ایک چار ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ مغز بادام دس دانہ لعاب بہدانہ میں چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب سعال۔ بلغمی اور خشک کھانسی میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر عرق چوستے رہیں نسخہ۔ صمغ عربی۔ کیترا۔ نشاستہ ہر ایک تین ماشہ۔ مغز بہدانہ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین ہر ایک دو ماشہ۔ مغز بادام مقشر۔ تخم خشخاش سفید۔ ہر ایک چار ماشہ۔ شکر طبرزد سات ماشہ۔ لعاب اسپغول میں گولیاں تیار کریں۔

حب سکبینج۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور معدہ کے درد کو تسکین دیتی ہے جب کہ درد قبض کی وجہ سے ہو استعمال۔ دو گولی گرم پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ سکبینج۔ ایلوا۔ گوگل غاریقون مساوی الوزن حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب سل۔ سل میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ روزانہ دس گولیاں یکے بعد دیگرے منہ میں ڈال کر عرق چوستے رہیں نسخہ۔ سنگجرات ایک تولہ۔ شیرہ جو مقشر چھ ماشہ۔ رب السوس۔

عظیم آبادی۔ مغز بادام مقشر ہر ایک چار ماشہ۔ صمغ عربی کتیرا۔ مغز تخم کدو شیریں۔ افیون مقشر۔ خشخاش سفید۔ گل داغستانی۔ بسد سوختہ ہر ایک تین ماشہ۔ مغز بہدانہ۔ مغز تخم خربزہ۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی ہر ایک دو ماشہ۔ مغز تخم خیارین دو تولہ (سب کو کوٹ کر علیحدہ رکھیں) گل بنفشہ چار ماشہ۔ گل نیلوفر۔ تخم خطمی۔ خبازی ہر ایک چھ ماشہ جہان اسوڑہ دو عدد۔ کوکنار تین عدد۔ اسپغول دو ماشہ۔ پرسیاؤشاں دو ماشہ۔ زوفائے خشک تین ماشہ۔ بقیہ دواؤں کو پانی میں جوش دے کر جب ایک حصہ رہ جائے۔ شیرہ جات ملا کر قوام پر لے آئیں۔ اور پھر کٹی چھنی دواؤں کو ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب سلارس۔ پرانی کھانسی میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت ایک گولی منہ میں رکھ کر عرق چوستے رہیں نسخہ۔ افیون چار رتی۔ صمغ عربی ایک ماشہ۔ میعہ سائلہ۔ کندر۔ رب السوس۔ مرکی ہر ایک دو ماشہ۔ بدستور معلوم سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب السلاطین۔ قولنج اور خراب فاسد مواد کو خارج کرنے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ایک یا دو گولی ہمراہ عرق گلاب کہ شکر سے میٹھا کر لیا گیا ہو استعمال کریں نسخہ۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ تخم خرفہ مقشر۔ ہر ایک اٹھارہ ماشہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ مغز بہدانہ۔ گل نیلوفر۔ نشاستہ ہر ایک دس ماشہ۔ کشنیز خشک۔ مصطگی۔ طباشیر۔ کتیرا ہر ایک سات ماشہ۔ مغز جمال گوٹہ مدبر تین تولہ۔ حسب معمول لعاب اسپغول میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب سم الفار۔ جوڑوں کے درد میں نیز آتشک وجذام میں معمول و مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ ایک گولی ہمراہ معجون سورنجان شیریں سات ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنکھیا سفید چھ ماشہ۔ سورنجان شیریں ایک تولہ۔ آب لیموں کاغذی ۶ تولہ۔ شیرہ کٹائی خورد چھ تولہ۔ تمام دواؤں کو لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔ پھر دوبارہ کٹائی خورد کے شیرہ میں کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب سناء۔ بدہضمی اور نفخ کو دور کرتی ہے۔ رفع قبض میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ نو ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ سنا مکی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ قلفل گرد ہر ایک چار ماشہ۔ مویز منقی چار تولہ حسب معمول تیار کریں۔

حب سنجیونی۔ ہیضہ۔ پیٹ کے درد۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام کو دور کرتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے۔ پیٹ کے درد اور بلغمی اور سوداوی بیماریوں میں مفید ہے استعمال۔ تپ

لرزہ میں دو تین گولی۔ عرق بادیان بارہ تولہ کے ہمراہ تین تین گھنٹہ کے بعد دیں اور بد ہضمی میں ایک رتی ہیضہ میں دو رتی اور سنپات میں چار رتی شیرہ ادرک کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ ہلیلہ کابلی۔ پوست بیخ چیتہ۔ بابڑنگ کابلی۔ بلیلہ۔ بھلانوہ (کلاہ دور کردہ) بیخ خراسانی۔ گلوئے خشک۔ بچھناک مدبر ہر ایک بیس ماشہ۔ تمام دواؤں کو سر پھوکہ کے جوشاندہ میں کھرل کرکے ایک رتی کی مقدار میں گولیاں تیار کریں۔

حب سندروس۔ بواسیر خونی اور بادی میں معمول و مفید ہے استعمال۔ پانچ گولی ہمراہ عرق مکوہ و عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست بیضہ مرغ (جلایا ہوا) سندروس۔ شیطرج ہندی ہر ایک پانچماشہ۔ نوشادر پانچ رتی۔ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب سندری مندری۔ ہاضمہ درست کرتی ہے۔ ریاح توڑتی اور معدہ کے درد کو زائل کرتی ہے استعمال۔ دو گولی ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ گل آک۔ سیاہ مرچ ہر ایک دو تولہ۔ حسب معمول پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب سورنجاں۔ عرق النساء نیز نقرس اور جوڑوں کے درد میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تین ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ صبر سقوطری۔ پوست ہلیلہ زرد سورنجاں شیریں ہر ایک سات ماشہ۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب سوزاک۔ پیشاب کی جلن اور سوزش کو زائل کرتی ہے۔ زخم کو مندمل کرتی ہے پیپ اور مواد کو روکتی ہے۔ نئے اور پرانے سوزاک میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ایک ایک گولی صبح۔ دوپہر شام کو شربت بزوری دو تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ طباشیر دو تولہ۔ گیرو دو تولہ۔ شورہ قلمی۔ سنگجراحت۔ کہرباء۔ دانہ الائچی کلاں حجر الیہود ہر ایک نو ماشہ گل ارمنی صمغ عربی ہر ایک سات ماشہ۔ کندر کف دریا۔ ہر ایک پانچ ماشہ۔ روغن صندل دو تولہ حسب معمول روغن صندل میں گولیاں تیار کریں۔

حب سیاہ۔ مرض سل آشوب چشم میں سرخی کاٹنے اور درد کو تسکین دینے کے لئے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی پوست خشخاش کے پانی میں گس کر پپوٹوں پر لیپ کریں نسخہ۔ رسوت پانچتولہ۔ پھٹکڑی بریان دو تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ برگ

بب پانچ عدد زعفران پانچ رتی حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب سیماب۔ آتشک کی وجہ سے جو جوڑوں میں درد ہو اسے دور کرتی
استعمال۔ روزانہ علی الصباح ایک گولی بالائی میں لپیٹ کر حلق سے اتار لیں۔
احتیاط ہے کہ دانتوں کو نہ لگنے پائے۔ نسخہ سیماب۔ اجوائن خراسانی۔ بلادر (کلاہ دور
کردہ) اجمود۔ اسپند ہر ایک تین ماشہ۔ گڑ اٹھائیس ماشے۔ چنے کے برابر گولیاں تیار
کریں۔

حب شاہترہ۔ جلدی بیماریوں میں مفید و معمول ہے استعمال۔ نو ماشہ ہمراہ
عرق منڈی بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سقمونیا سات ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ
زرد ہر ایک سترہ ماشہ۔ ایلوا چوبیس ماشہ۔ آب شاہترہ حسب ضرورت آب شاہترہ
میں گولیاں تیار کریں۔

حب شیبار۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے۔ کان کے بہرہ پن کو زائل کرتی
ہے۔ معدہ کو مواد سے پاک کرتی ہے۔ بخار اور کھانسی کو دور کرتی ہے۔ جگر اور تلی
کے ورم کو تحلیل کرتی ہے نیز بواسیری مسوں کو دور کرتی ہے استعمال۔ تین سے
سات ماشہ تک گولیوں پر چاندی کا ورق لپیٹ کر چار گھڑی رات رہے عرق بادیان
بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ اور صبح منضج پئیں۔ اور روغن بادام میں گھس کر
مسوں پر لیپ کریں نسخہ۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ سنامکی ہر ایک آٹھ تولہ۔ گل سرخ۔ حب
النیل ہر ایک تین تولہ۔ ایلوا۔ کندر ہر ایک دو تولہ۔ گوگل۔ عصارہ ریوند مصطگی ہر
ایک تین ماشہ۔ کتیرا۔ دس ماشہ۔ پانی کے ساتھ گولیاں تیار کر کے سایہ میں خشک
کریں۔

حب شری۔ غلبہ صفرا کی وجہ سے پتی اچھلنے میں مفید و معمول ہے نسخہ۔
کیترا چار رتی ایارج فیقرا تین ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد سات ماشہ۔ آب کرفس بقدر
حاجت استعمال۔ پانچماشہ ہمراہ زلال تمر ہندی و شیر خشت استعمال کریں۔ حسب
دستور آب کرفس میں گولیاں تیار کریں۔

فائدہ۔ مناسب یہ ہے کہ گولیاں بعد تلیین یا فصد استعمال کریں۔
حب شفا۔ تندرستی کو قائم رکھتی ہے۔ تمام سرد اور اکثر گرم بیماریوں کو زائل

کرتی ہے سر کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ پرانے بخاروں میں خصوصیت سے مفید ہے
استعمال۔ ۲ سے ۳ گولی تک ہمراہ بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ جو زمانٹل ۳
تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ سونٹھ ا تولہ۔ صمغ عربی ا تولہ۔ ترکیب صمغ عربی اور سونٹھ
کو پانی میں حل کریں۔ اور باقی بدستور معلوم گولیاں تیار کریں۔
فائدہ۔ اس کے استعمال سے افیون کھانے کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

حب الشمع۔ بواسیر خونی کو دور کرتی ہے اور خون بند کرتی ہے استعمال۔ ایک
گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ شربت انجبار ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ موم
(بقدر کنار صحرائی) ورق نقرہ اعدد ترکیب۔ موم کی دو گولیاں بنا کر ورق نقرہ میں لپیٹ
لیں۔

حب شنگرف۔ آتشک میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ۴ رتی گڑ میں لپیٹ کر
کھائیں نسخہ۔ شنگرف ۱۴ ماشہ۔ مغز حب السلاطین ۵۶ ماشہ۔ آب لیموں حسب حاجت
ترکیب ۔ آب لیموں میں کھرل کر کے گولیاں تیار کریں۔

حب شیر الاغ۔ دق میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ صبح شام تین تین
گولیاں ہمراہ عرق ہرا بھرا ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ برنج ساٹھی حسب ضرورت
شیر مادہ خر سیاہ۔ حسب حاجت ترکیب۔ سیاہ گدھی کے دودھ میں چاول تر کریں جب
دودھ جذب ہو جائے تو چاولوں کو پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب شیطرج۔ جوڑوں کے درد کو دور کرتی ہے۔ اور مواد سوداوی کو بذریعہ
اسہال خارج کرتی ہے استعمال ۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ
۔ ایلوا ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ ترب مدبر۔ سورنجاں۔ گوگل۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔
سونٹھ شیطرج۔ نمک ہندی۔ تخم حنظل۔ مجیٹھ ہر ایک ۳ ماشہ۔ نانخواہ۔ درج ترکی۔
فلفلدراز فلفل گرد ہر ایک ۶ ماشہ۔ شکر دس ماشہ۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں
تیار کریں۔

حب صبر۔ تلی کے ورم اور صلابت میں نہایت مفید و مجرب ہے استعمال ۔ ایک
گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ عرق مکو ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست بیخ کبیر۔ ریوند ہر ایک ۶ ماشہ۔ اجوائن دیسی۔ تخم کرفس۔ نمک لاہوری ہر
ایک ۳ ماشہ۔ مرکی ۲ ماشہ۔ سب کو مغز گھیکوار کے ساتھ کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر
گولیاں تیار کریں۔

حب صرع۔ مرگی کے مادہ کو خارج کرنے میں نہایت مفید و معمول و مجرب ہے

استعمال۔ تین گولیاں رات کو سوتے وقت اور دو گولیاں صبح کے وقت گرم پانی کے
ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ حب الملوک (انگور کے ہرے پتوں میں مدبر کئے ہوئے)
تین تولہ۔ تربد سفید۔ اسطو خود دس۔ مغز بادام شیریں ہر ایک دو تولہ۔ زنجبیل۔ عود
ملیٹھ۔ فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ کتیرا نوماشہ۔ سب کو باریک پیس کر حسب
معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب صرع الاطفال۔ بچوں کی مرگی میں نہایت مفید ہے استعمال ۔ ایک گولی
صبح اور ایک شام ماں کے دودھ میں گھس کر استعمال کرائیں نسخہ۔ خون سنگ پشت
(کچھوا) خون خرگوش۔ آروجو۔ شہد خالص۔ جملہ مساوی الوزن باہم ملا کر سیاہ مرچ کے
برابر گولیاں تیار کریں۔

حب ضیق النفس۔ کھانسی اور دمہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔
ایک گولی دورہ کے وقت عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ پیپل ۔
کاکڑا سنگی۔ اصل السوس ۔ لونگ۔ پوست انار شیریں۔ جواکھار ہر ایک ۶ ماشہ۔ شہد
حسب ضرورت ترکیب۔ حسب معمول شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب طاعون۔ طاعون کے لئے مفید ہے استعمال۔ ۲ گولی صبح ۲ دوپہر دو شام
ہمراہ مفرح بارد ۵ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مرکی۔ جدوار۔ زہر مہرہ۔ بنسلوچن۔
درونج عقربی۔ کافور ہر ایک ۶ ماشہ۔ ترکیب۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے
برابر گولیاں بنائیں نسخہ دیگر۔ ایلوا دو تولہ۔ مرکی ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ فائدہ ۔
بطور حفظ ماتقدم استعمال ایک گولی روزانہ ہمراہ عرق بید مشک یا عرق گلاب ۶ تولہ
استعمال کریں اور تین روز کھا کر اس کے بعد تین روز ناغہ کردیں۔ بیماری کی حالت میں یہ
گولیاں نہ کھائیں ترکیب۔ پانی میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب طاعون جواہر والی۔ طاعون میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ صبح
و شام دو دو گولی ہمراہ مفرح بارد ۵ ماشہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید۔ ورق طلاء۔
ورق نقرہ ہر ایک تین ماشہ۔ عقیق سرخ۔ مرجان۔ زہر مہرہ ہر ایک ایک تولہ۔ یاقوت۔
کافور درونج عقربی۔ جدوار خطائی ہر ایک ۶ ماشہ ترکیب۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے
بقدر ایک رتی گولیاں تیار کریں۔

حب طاعون عنبری۔ طاعون میں خصوصیت سے مفید ثابت ہوئی ہیں
استعمال ۔ بطور حفظ ماتقدم دو گولی تازہ پانی کے ساتھ اور بحالت بیماری دو صبح اور دو
شام ہمراہ مفرح بارد ۵ ماشہ استعمال کریں۔ درونج عقربی۔ جدوار اصلی۔ نرکچور بہمن سفید
ہر ایک ۶ ماشہ۔ صندل سرخ۔ گل مختوم۔ گل ارمنی۔ دار چینی۔ جنطیانہ۔ زراوند

مدحرج۔ طباشیر۔ حب بلسان ہر ایک چار ماشہ۔ زعفران۔ یشب سبز۔ زہر مہرہ۔ مروارید یاقوت ہر ایک تین ماشہ۔ عنبرا شہب ا ماشہ۔ ورق طلاء ا ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ عرق کیوڑہ ہر ایک ۵ تولہ ترکیب۔ عنبر کو جداگانہ عرق کیوڑہ میں حل کریں اور دیگر جواہر کو دیگر عرق میں بعد ازاں بقیہ دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کرلیں اور ورق طلاء وغیرہ ملا کر گولیاں بوزن ایک رتی تیار کرلیں۔

حب طلاء۔ تقویت باہ میں مفید و معمول ہے استعمال۔ روزانہ ۲ گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عود ہندی۔ مصطگی رومی۔ زعفران ہر ایک ۱۰ ماشہ غنچہ گلسرخ ۷ ماشہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ عنبرا شہب ۳ ماشہ۔ مروارید ۳ ماشہ یاقوت سرخ ۳ ماشہ۔ ورق طلاء ۴ ماشہ۔ مصری ۹ تولہ ترکیب۔ جواہرات و ورق طلاء کے علاوہ دوائیں کوٹ چھان کر اور عرق نارنگی میں سب کو جوش دے کر مصری ملا کر قوام پر لے آئیں۔ اور سرد ہو جانے پر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب عطائی۔ دمہ اور کھانسی میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ ۲ سے ۵ ماشہ تک عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ زراوند مدحرج۔ افیون ہر ایک ۴ ماشہ۔ علک البطم۔ میعہ سائلہ۔ کندر۔ مرصاف ہر ایک ا تولہ ترکیب۔ حسب معمول کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں (مجربہ حکیم شریف خاں)

حب عنب۔ آنتوں کو قوت دیتی ہے اور اسہال معدی کو بند کرتی ہے استعمال دو گولی ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ۔ شربت حب دو تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مصطگی [illegible] ماشہ۔ سماق منقی۔ حب آلاس۔ گلنار ہر ایک ا تولہ۔ حب عنب۔ تخم زبیب۔ صمغ عربی ہر ایک دو تولہ۔ ترکیب حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب عنبر مومیائی۔ تمام اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ جماع کے بعد کی سستی اور کمزوری کو دور کرتی ہے تقویت باہ میں نہایت مفید ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت دو گولی گائے کے دودھ کے ساتھ (اس ترکیب سے کہ دودھ میں عرق گذر ۶ تولہ۔ عرق ماء اللحم ۶ تولہ۔ اور مصری ۲ تولہ ملا کر سفوف ثعلب ۳ ماشہ (چھڑک لیا ہو) استعمال کریں نسخہ مومیائی۔ مصطگی۔ مروارید۔ طباشیر۔ لونگ۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دار چینی۔ شقاقل مصری۔ سونٹھ۔ درونج عقرب۔ عود صلیب۔ ثعلب مصری جدور خطائی ہر ایک ایک ماشہ۔ عنبر مشک ایک ماشہ۔ روغن پستہ حسب حاجت ورق طلا پانچ عدد بطریق معلوم مونگ کی برابر

گولیاں تیار کریں۔

حب عفص۔ دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مازو۔ ۱۴ ماشہ۔ افیون ۷ ماشہ۔ نانخواہ پانچ ماشہ ترکیب۔ بدستور معروف گولیاں تیار کریں۔

حب غاریقون۔ جگر کے سدوں کو کھولتی ہے اور استسقاء نیز جگر کی بیماریوں میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی و عرق مکوہ ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ افتیمون۔ ایلوا۔ ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ غاریقون ۱۴ ماشہ۔ انیسون۔ نطر اسالیون۔ تخم کرفس۔ دوقو ہر ایک ۷ ماشہ۔ سقمونیا ۳ ماشہ ترکیب حسب معمول پانی کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب غافث۔ بلغمی اور سوداوی بخاروں میں مفید ہے۔ نیز تپ کہنہ میں معمول ہے استعمال ۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ افسنتین۔ ہلیلہ زرد۔ عصارہ غافث۔ مصطگی۔ زعفران۔ ریوند چینی۔ انیسوں۔ لک مغسول۔ شاہترہ ایارج فیقرا ایک ایک تولہ حسب معمول مکو کے پانی میں بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

حب غری السمک۔ سل اور کھانسی نیز گرم نزلہ میں مفید ہے استعمال ۔ عورت یا بکری یا گدھی کے دودھ کے ساتھ ایک گولی استعمال کریں نسخہ۔ تخم خشخاش سفید۔ صمغ عربی شکر تیغال۔ کتیرا۔ مغز بادام مقشر۔ گرد آسیا۔ غری السمک۔ تخم خطمی۔ گل گاؤ زبان رب السوس۔ ہر ایک دو ماشہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ تخم کاہو مقشر ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ زعفران ۴ رتی ترکیب۔ حسب معمول لعاب بہدانہ کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب فاد زہر حیوانی۔ کمزوری دل کے باعث جو نقصان ہو۔ اس میں مفید ہے استعمال۔ ۲ گولی ہمراہ عرق گذر ۶ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ فاد زہر حیوانی ۴ رتی۔ مشک خالص عنبر اشہب۔ مومیائی ہر ایک دو رتی۔ مروارید۔ کہرباء۔ بسد محرق ہر ایک دو ماشہ یاقوت رمانی ۱ ماشہ۔ طباشیر سفید ۴ ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۳۰ عدد صندل سفید ۵ ماشہ۔ زعفران۔ صمغ عربی ہر ایک ایک ماشہ ترکیب۔ مومیائی اور عنبر کو روغن بلسان میں پگھلائیں اور جواہرات کو کھرل کر کے باقی دواؤں کو

کوٹ پیس کر شامل کر کے گولیاں تیار کریں۔

حب فالج۔ جوڑوں کے درد میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ا گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ سورنجان۔ بوزیدان۔ تخم حنظل ہر ایک ۴ رتی غاریقون ایلوا ہر ایک ۲ ماشہ۔ تربد مجوف خراشیدہ ۳ ماشہ۔ گوگل محلول ۳ ماشہ ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر اور گوگل کو عرق گندنا میں حل کر کے دوائیں ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب فاوانیا۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے اور مرگی کو خصوصیت سے زائل کرتی ہے استعمال تین گولی تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ فاوانیا ۹ ماشہ۔ جند بیدستر۔ مشک تبتی ہر ایک ۳ ماشہ۔ حب الملوک مدبر ۴ رتی ترکیب۔ بدستور معروف گولیاں تیار کریں۔

حب قابض۔ دستوں کو روکنے میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے استعمال۔ ا گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ۔ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ کات گلنار ہر ایک ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ سائیدہ۔ آملہ۔ صمغ عربی۔ بیلگری ہر ایک ۲ ماشہ۔ افیون مائیں۔ مازو۔ سونف۔ زیرہ سفید بریان۔ ہر ایک ا ماشہ۔ کافور ایک رتی۔ سیاہ مرچ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب قاطع۔ بواسیری خون کو بند کرنے میں معمول و مجرب ہے استعمال ۲ گولی ہمراہ عرق بارتنگ ۷ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ دم الاخوین۔ صندل سودہ۔ گلنار ہر ایک ۳ ماشہ۔ بارتنگ۔ طباشیر بسد محرق ہر ایک ۴ ماشہ۔ رسوت ۷ ماشہ۔ بیخ انجبار ۹ ماشہ۔ گوگل ا تولہ ترکیب۔ گوگل کو گندنا سبز کے پانی میں حل کر کے اور تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر گوگل محلول میں ملا کر گولیاں تیار کریں۔

حب قدرت۔ باہ کو قوت دیتی ہے اور سرعت انزال کو دور کرتی ہے استعمال ایک گولی ہمراہ عرق ماء اللحم ۵ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ فاد زہر حیوانی ۴ ماشہ۔ مروارید۔ یاقوت رمانی۔ بسباسہ۔ مشک تبتی۔ درونج عقربی۔ کباب چینی۔ اسارون ہر ایک ۹ ماشہ۔ فاد زہر معدنی۔ دانہ الائچی خورد۔ جو زبوا۔ قرنفل۔ مصطگی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ خصیتہ الثعلب۔ شقاقل۔ صمغ عربی۔ کتیرا ہر

ایک ایک تولہ۔ عنبرا شہب ۴ ماشہ۔ سعد کوفی۔ دار چینی۔ افیون ہر ایک دو ماشہ۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد ورق طلاء ۳۰ عدد ترکیب۔ افیون کو صاف کر کے اور جواہرات کو کھرل کر کے باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر باہم ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب قرطم۔ حمی مونطبنہ۔ تپ لرزہ و بلغمی میں معمول و مفید ہے استعمال ایک گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ حب القرطم ۳ ماشہ۔ تربد موصوف ۳ ماشہ۔ غاریقون سپید۔ تخم کرفس۔ انیسون ہر ایک ۲ ماشہ۔ نمک ہندی ا ماشہ ترکیب۔ حسب معمولی سونف کے عرق میں ایک گولی تیار کریں۔

حب قوبا۔ داد وغیرہ ہیں مفید ہے استعمال۔ داد کو سخت کپڑے سے رگڑ کر ایک گولی عرق لیموں میں حل کر کے لگائیں نسخہ۔ پلاس پاپڑہ۔ گندھک۔ سہاگہ بریان۔ افیون ہر ایک تین ماشہ ترکیب۔ تمام دواؤں کو عرق لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔

حب قوقایا۔ دماغ کے تنقیہ اور دیگر دماغی سرد بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق مکوہ ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ایلوا۔ افستین۔ غاریقون۔ مصطگی ہر ایک ٦ ماشہ۔ تخم حنظل۔ سقمونیا ہر ایک ۹ ماشہ ترکیب حسب دستور عرق کرفس کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب قولنج۔ قولنج اور معدہ کے درد کو تسکین دینے میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ ایک گولی گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ہینگ۔ مغز تخم بیدانجیر مغز کرنجوہ۔ سونٹھ۔ نکچھکنی ہر ایک ٦ ماشہ ترکیب۔ جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کافور مرداریدی۔ طاعون اور وبائی نیز ہر قسم کے بخاروں میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ روزانہ ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ عرق گاؤ زبان ۹ تولہ۔ عرق بید مشک ۳ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید ا تولہ۔ زہر مہرہ ۴ تولہ۔ صندل سفید ۲ تولہ جدوار ۹ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ۔ کافور ا ماشہ۔ صمغ عربی ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ا ماشہ ترکیب۔ حسب معمول گوند کے لعاب میں چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کافوری۔ صفرادی بخاروں نیز دق میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ تین سے پانچ گولی تک شیرہ مغز تخم کدو شیریں ٦ ماشہ۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ تین ماشہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ صندل سفید (عرق گلاب میں گھسا ہوا) ایک تولہ۔ کافور ۲ ماشہ۔

طباشیر زہر مہرہ (عرق گلاب میں گھسا ہوا) سبزی کنول گٹہ ہر ایک ایک ماشہ۔ کاٹ سفید چار ماشہ۔ سب کو باریک کر کے باہم ملا کر حسب دستور چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کبد نوشادری۔ جگر کے بلغمی سدوں کو کھولتی ہے۔ ورم کو دور کرتی ہے نیز جگر کی تمام بیماریوں میں مفید و معمول ہے استعمال۔ دو گولی صبح اور دو شام پانی کے ساتھ اور گرمی میں ہمراہ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ شیرہ تخم خیارین ۳ ماشہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نوشادر۔ نمک لاہوری۔ نمک طعام۔ نمک سیاہ۔ سہاگہ بریان نرکچور۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ بابڑنگ۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ ہر ایک ۶ ماشہ ترکیب۔ عرق گلاب میں چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کبر۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرنے نیز تلی کے درد کو تسکین دینے کے لئے خاص چیز ہے استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ ماالعسل ۳ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ پوست بیخ کبر۔ ریوند چینی ہر ایک ۶ ماشہ۔ ایلوا۔ مرجان سوختہ۔ تخم کرفس۔ غاریقون سفید۔ نمک سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب کبریت صغیر۔ معدہ کی رطوبت کو خشک کرتی ہے غذا کو ہضم کرتی ہے بلغمی امراض اور کمی اشتہا میں نہایت مفید ہے استعمال۔ ۳ گولی ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق پودینہ ۶ تولہ استعمال کریں نسخہ گندھک مغسول ایک تولہ۔ فلفل گرد ۴ تولہ۔ نمک ہندی ۲ ماشہ ترکیب۔ بدستور لیموں کے عرق میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کبریت کبیر۔ بھوک لگاتی ہے۔ غذا ہضم کرتی ہے۔ سو ہضم میں مفید و معمول ہے استعمال روزانہ علی الصبح دو گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گندھک مغسول۔ فلفل گرد۔ بابڑنگ۔ اجمود۔ جواکھار ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ نمک سیاہ۔ دار فلفل ۔ سمندر جھاگ۔ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ نمک سیندھا ۴۲ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۵۶۔ ماشہ ترکیب۔ تمام دواؤں کو ادرک کے عرق میں کھرل کر کے خشک کر لیں۔ پھر دوبارہ لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کتھ۔ گٹھیا آتشک نیز دیگر سوداری بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے
استعمال۔ ایک گولی مویز منقی میں رکھ کر نگل لیں۔ اور احتیاط رکھیں۔ کہ دوا دانتوں کو نہ لگے نسخہ۔ کافور۔ رسکپور۔ کتھ پاپڑیہ۔ موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ ترکیب۔ دواؤں کو پان کے عرق میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کچلہ۔ جوڑوں کے درد میں مفید و معمول ہے استعمال۔ روزانہ ایک گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ کھائیں نسخہ۔ کچلہ مدبر۔ بیخ خنطل۔ فلفل گرد ہر ایک ۲۸ ماشہ شہد خالص حسب ضرورت ترکیب۔ کچلہ کو باریک ریت کے اور دیگر ادویہ کو کوٹ کر سب کو ملا کر شہد کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کرامات۔ آتشک اور دیگر جلدی بیماریوں نیز سودادی زخموں میں مفید ہے
استعمال۔ ایک گولی گھی میں حل کر کے دانوں پر لگائیں نسخہ۔ کمیلہ۔ چونہ۔ نیلا تھوتھا۔ ہلیلہ زرد۔ کتھ پپڑیا ہر ایک دو ماشہ ترکیب۔ بدستور پانی کے ساتھ گولیاں تیار کر لیں (مجربہ واصل خاں و شریف خاں)

حب کرنجوہ۔ بچوں کے مرض ڈبہ میں مفید ہے استعمال۔ ایک گولی سونف کے عرق میں گھس کر پلائیں نسخہ۔ مغز کرنجوہ ا عدد۔ توتیائے سبز خام ایک رتی ترکیب۔ حسب معمول سرسوں کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کشمکش۔ قبض کو توڑتی غلیظ اور فاسد مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتی ہے۔ بلا ضرر مسہل ہے رفع قبض کے لئے ۵ ماشہ کی مقدار میں رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ اور ۲ تولہ تک تلیئن کے لئے عرق بادیان ۶ تولہ۔ عرق گاؤ زبان ۶ تولہ شربت دینار ۴ تولہ کے ہمراہ صبح کے وقت کھلائیں نسخہ قرنفل ۲ ماشہ بادیان۔ انیسوں ہر ایک ۳ ماشہ گل بنفشہ ۶ ماشہ پوست ہلیلہ زرد۔ کشمکش سبز ہر ایک ا تولہ سنامکی۔ ترنجبین۔ گلقند آفتابی ۲ تولہ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کلف۔ بدن کے سیاہ اور سفید داغ کو دور کرنے میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ ایک گولی تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اسپند سوختی۔ حنا نمک سنگ ہر ایک ۷ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ انزروت۔ ایلوا۔ ہر ایک ۱۷ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب کنعانی۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے۔ نگاہ کو تیز کرتی ہے اور فالج وغیرہ کو دور

کرتی ہے بلغمی امراض میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ روزانہ تین گولی عرق بادیان کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ایلوا زرد۔ مغز بادام شیریں۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۴ ماشہ۔ ترکیب۔ بدستور چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کوتوالی۔ سر کے درد کو دور کرتی ہے۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے اور بالخصوص بینائی کو تیز کرتی ہے استعمال۔ ۵ سے سات گولی تک غذا کے بعد تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ایلوا۔ سقمونیا مشوی۔ تخم حنظل۔ عصارہ افسنتین۔ مصطگی ہر ایک ۶ ماشہ۔ گوگل ۴ ماشہ کتیرا ۲ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کوچک۔ باہ کو قوت دیتی ہے۔ سرعت انزال کو دور کرتی ہے اور سرور بخشتی ہے استعمال۔ ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ چرس۔ تخم گندر۔ خصیتہ الثعلب ہر ایک ۹ ماشہ۔ درونج عقربی۔ افیون ہر ایک ایک تولہ۔ جدوار ۴ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول آب کوکنار سبز کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کہربا بچوں کی پیچش میں معمول و مفید استعمال۔ صبح و شام دو دو گولی ہمراہ عرق گلاب استعمال کرائیں نسخہ۔ کہربا۔ صمغ عربی بریان ہر ایک ۷ ماشہ۔ گلنار ۳ ماشہ۔ چاکسو بریاں ۶ ماشہ۔ رسوت ۹ ماشہ۔ بسد سوختہ۔ نرکچور ہر ایک ۲ ماشہ ترکیب بدستور چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کیمیائے عشرت۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے امساک لاتی ہے۔ قوت مخصوصہ کی تمام شکایات کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ روزانہ ایک گولی صبح ایک شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ورق طلا۔ ورق نقرہ مشک۔ عنبر اشہب ہر ایک ۱ ماشہ۔ زرشک منقی ۱ تولہ۔ جدوار خطائی ۲ تولہ۔ بسباسہ ۲ تولہ۔ ساذج ہندی ۲ تولہ۔ کبابہ۔ اسارون۔ حب صنوبر۔ مرکی ہر ایک دو تولہ۔ جوزبوا ۲ تولہ دار فلفل ۳ تولہ۔ بالچھڑ۔ درونج عقربی۔ عود قماری۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ۳ تولہ۔ دار چینی۔ نرکچور۔ سعد کوفی۔ میعہ سائلہ ہر ایک ۱ تولہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ یشب۔ کشتہ عقیق۔ کہربائے شمعی ہر ایک ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔
ترکیب۔ مشک، عنبر۔ ورق طلاء وغیرہ نیز کشتہ جات کو عرق گلاب میں کھرل کریں۔ اور بقیہ اجزاء کو کوٹ چھان کر روغن بلسان ۳ ماشہ کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب گل پستہ۔ سینہ اور پھیپھڑے کے بلغم کو چھانٹتی ہے۔ اور بلغمی کھانسی کو دور کرنے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں نسخہ گل پستہ۔ بلیلہ مساوی الوزن ترکیب۔ حسب معمول ادرک کے عرق میں مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب لاجورد۔ سوداوی گنٹھیا اور آتشک نیز سوداوی زخموں میں مفید و معمول ہے استعمال روزانہ بقدر ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ میں لپیٹ کر گرم پانی کے ساتھ حلق سے اتار لیں نسخہ۔ انیسوں۔ کتیرا۔ ہر دو ۱ ماشہ۔ ایارج فیقرا ۴ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول روغن گاؤ سے چرب کر کے عرق گلاب کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب لب الخشخاش۔ گلے کی خراش کو دور کرتی ہے۔ نزلہ اور زکام کو زائل کرتی ہے کھانسی کو دور کرتی ہے اور امساک لاتی ہے۔ بلغمی کھانسی اور نزلہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ نزلہ کے لئے ایک گولی رات کو سوتے وقت عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ اور سرعت کے لئے گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ اجوائن خراسانی۔ مصطگی رومی۔ کہرباشمعی۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ تخم کاہو۔ گل گاؤ زبان۔ تخم خشخاش۔ مغز خیارین۔ افیون۔ رب السوس ہر ایک ۲ تولہ۔ گل ارمنی ۴ تولہ ترکیب۔ حسب معمول کو کنار سبز کے پانی میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب لبوب۔ گرم بخاروں اور گرم کھانسی میں مفید و معمول ہے استعمال ۔ ۲ گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک ۶ ماشہ کاہو مقشر ۳ ماشہ۔ رب السوس ۲ ماشہ ترکیب تمام دواؤں کو لعاب اسپغول میں گھوٹ کر برگ خرفہ سبز کے پانی کے ساتھ گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں اور دوبارہ کوٹ کر آب انگور ترش کے ہمراہ گولیاں بنائیں۔

حب لعاب بہدانہ۔ بلغمی کھانسی کو دور کرتی ہے۔ اور سل کو زائل کرتی ہے۔ استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں نسخہ۔ مغز بہدانہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین ہر ایک ۲ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ کیترا۔ ہر

ایک ۳ ماشہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ رب السوس۔ مویز منقی۔ خشخاش سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ شکر سفید ۷ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول بہدانہ کے لعاب میں ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب اللبان۔ کھانسی کو دور کرتی ہے اور سینہ کے بلغم کو بذریعہ قے خارج کرتی ہے۔ استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں نسخہ۔ رب السوس۔ کتیرا۔ بنفشہ۔ ترنجبین ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ تخم خشخاش۔ مغز بہدانہ ہر ایک ۲۴ ماشہ۔ مویز منقی ۱۴ ماشہ۔ انیسون۔ بادیان۔ مغز بادام تلخ۔ گندہ بیروزہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ لبان (کندر) آرد باقلا ہر ایک ۲۴ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول لعاب اسپغول میں چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب لولوی۔ اعضاء رئیسہ کو قوت دینے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ دو گولی چاندی کے ورق میں لپیٹ کر ہمراہ گاؤ زبان ۱۲ تولہ۔ شربت انار ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ صندل سفید۔ مروارید ناسفتہ ہر ایک ۱ تولہ ۔ عرق کیوڑہ ۔ عرق گلاب حسب ضرورت ترکیب۔ تمام دواؤں کو عرق کیوڑہ و عرق گلاب میں حل کر کے ایک ماشہ کی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔

حب لیموں۔ سوداوی بیماریوں کو زائل کرتی ہے۔ آتشکی وجع المفاصل کو دور کرتی ہے اور تنقیہ کے بعد آتشک میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی صبح اور ایک شام کو تازہ پانی کے ہمراہ حلق سے اتار لیں۔ نسخہ۔ مردار سنگ ۲ تولہ۔ کتھ سفید۔ حب النیل۔ پوست الائچی کلاں سوختہ۔ سپاری کہنہ ہر ایک ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۲ تولہ ترکیب۔ تمام دواؤں کو ۲۰۰ عدد لیموں کے عرق میں کھرل کر کے لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ سے گھوٹیں اور بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

حب مازریون۔ استسقائی زقی میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ شربت کثوث ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ریوند چینی۔ عصارہ غافث۔ تخم کرفس ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ غاریقون ۱۵ ماشہ۔ مازریون مدبر ۷ ماشہ۔ ترکیب۔ حسب معمول چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب مبارک پیٹ کے درد اور قبض میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تلیین کے لئے بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ اور بطور مسہل ۲ تولہ گرم پانی کے ساتھ

استعمال کریں نسخہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ بادیان۔ انیسون ہر ایک ۳ ماشہ۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ کشمش سبز ہر ایک ۱ تولہ۔ سنائکی۔ ترنجبین خراسانی۔ گلقند آفتابی ہر ایک ۲ تولہ ترکیب۔ گلقند اور کشمش کے ہمراہ دوبارہ کوٹیں اور بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

حب مبہی۔ تقویت باہ و امساک کے لئے بے حد مفید و مجرب ہے۔

استعمال۔ بواسیر میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ ایک گولی کھا کر بعد کو مولی زاش کر شکر کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ۔ دانہ الائچی خورد۔ مغز بنولہ ہر ایک ۵ ماشہ زیرہ سفید ۲ ماشہ۔ رسوت ۱۲ ماشہ ترکیب سب کو عرق گکرونده میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مخترع۔ مرض سل میں دستوں کی حالت میں مفید و معمول ہے استعمال ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا۔ صندل سفید لعل۔ یاقوت رمانی۔ زہر مہرہ۔ طباشیر۔ ابریشم مقرض۔ سرطان سوختہ۔ انجبار دم الاخوین۔ مغز بہدانہ۔ نشاستہ۔ شادنج مغسول، حب و صمغ عربی۔ کتیرا۔ رب السوس۔ بسد سوختہ۔ اقاقیا مغسول۔ ریشہ برگد۔ طرا ثیث۔ گل داغستانی۔ گل مختوم۔ گل ارمنی ہر ایک ۱ ماشہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ کاہو مقشر ہر ایک کو کھرل کر کے اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر باہم سب کو ملا کر لعاب اسپغول اور لعاب بہدانہ میں موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب مدر۔ رحم کی خرابیوں کو دور کرتی ہے اور خصوصا ایام ماہواری کو باقاعدہ لاتی ہے استعمال ایام مقررہ سے تین روز قبل ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ایلوا۔ زعفران ہر ایک ۲ تولہ۔ ہیرا کسیس ۱ تولہ ۳ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں فائدہ۔ زمانہ ایام میں استعمال نہ کرنا چاہیے۔

حب مرداسنگ۔ آتشک میں مفید ہے استعمال۔ ایک ایک گولی صبح و
شام ہمراہ عرق شاہترہ استعمال کریں نسخہ۔ مرداسنگ۔ کافور ہر ایک ۹ ماشہ۔ قرنفل ۴
ماشہ۔ آب برگ تنبول ۲ چھٹانک ترکیب۔ مصالحہ لگے ہوئے پان کے عرق میں
دواؤں کو خوب کھرل کریں اور سولہ گولیاں بنائیں۔

حب مرواریدی۔ قے اور متلی کو روکتی ہے اور مرض سیلان الرحم کو
زائل کرتی ہے استعمال ۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق عنبر ۵ تولہ استعمال کریں
نسخہ۔ سہاگہ نیم بریان۔ مازوسوختہ ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ ۔ کچلہ مدبر
۱ تولہ مروارید۔ عنبراشہب ہر ایک ایک تولہ ۔ عرق گلاب بقدر ضرورت ترکیب
بدستور معروف عرق گلاب میں چنے کے برابر گولیاں تیار کریں فائدہ حمل کی حالت
میں استعمال نہ کریں۔

حب مسکین نواز۔ معدہ کو قوت دیتی ہے قبض توڑتی ہے پیچش زائل
کرتی ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے استعمال۔ بواسیر اور معدہ کی شکایات میں ۳ گولی
عرق بادیان کے ہمراہ اور رفع قبض کے لئے رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ کے
ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سیماب۔ گندھک۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ سونٹھ۔
فلفلدراز۔ فلفل گرد۔ سہاگہ۔ سجی۔ ریوند چینی۔ میٹھا تیلیا مدبر ہڑتال ورقی ہر ایک
۱ تولہ جمال گوٹہ مدبر ۷ تولہ ترکیب۔ حسب معمول سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب مسہل۔ بدن کے تمام فاسد مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتی ہے
استعمال۔ دو گولی صبح نہار منہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ جمالگوٹہ مدبر ۱
تولہ ۔ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ۔ برنج ساٹھی ۲ تولہ ترکیب۔ بدستور چنے کے برابر گولیاں تیار
کریں۔

حب مشکل کشا۔ سرعت انزال کو دور کرتی ہے۔ نیز جریان میں مفید ہے
استعمال ۔ تین روز تک سات گولیاں صبح کو اور چوتھے روز سات سات گولیاں صبح
شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عاقر قرحا۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔
دار چینی۔ لونگ۔ اسپند۔ کنجد سیاہ۔ افیون ہر ایک ۷ ماشہ ترکیب۔ بدستور معروف
شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مصفی خون۔ خون کو صاف کرنے میں جلدی بیماریوں کو دور کرنے میں معمول ہے استعمال چھوٹے بچوں کو نصف گولی ماں کے دودھ میں اور بڑے بچوں کو ایک گولی شربت عناب کے ساتھ اور نوجوان کو ۲ گولی شربت صندل کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ نسخہ رسوت۔ چاکسو۔ برہمڈنڈی۔ منڈی۔ نیل کنٹھی۔ گل نیلوفر۔ سرپھوکہ۔ صندل سفید صندل سرخ۔ شاہترہ۔ برگ حنا۔ جوانسہ۔ برگ نیب۔ برگ بکائن۔ گل کچنال ہر ایک ا تولہ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں
(معمولہ مطب)

حب مغز بادام۔ پرانی کھانسی کو زائل کرتی ہے۔ آواز کھولتی ہے۔ سینہ کی کھردراہٹ کو دور کرتی ہے اور پھیپھڑہ کے زخموں کو بھرتی ہے استعمال۔ ۳ گولی ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مغز بادام شیریں ا تولہ۔ زفت رومی ٦ ماشہ۔ قند سفید ا تولہ ترکیب۔ بدستور گولیاں تیار کریں (معمولہ مطب)

حب مغلظ۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے اور سوزاک کو زائل کرتی ہے۔ بالخصوص مادہ منویہ کو گاڑھا کرتی ہے استعمال۔ ۷ ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ست سلاجیت۔ مغز تخم خیارین۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ پکھان بید مصری ہر ایک ۱۴ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول شہد میں چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مفاصل۔ جوڑوں کے درد کو تسکین دینے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت ۳ ماشہ گرم پانی کے ہمراہ کھائیں نسخہ۔ سورنجاں تلخ۔ ایلوا۔ تربد سفید۔ سنا مکی۔ افستنین۔ نمک سانبھر۔ تخم خنظل۔ اجمود ہر ایک ٦ ماشہ۔ ترکیب۔ اجمود کو گرم پانی میں ڈال کر عرق نکالیں اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر عرق مذکورہ میں دانہ موٹھ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مقوی باہ۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے اور اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے استعمال۔ ایک گولی گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں نسخہ۔ قرنفل۔ مالکنگنی۔ اندر جو شیریں۔ کلونجی۔ مصطگی۔ بیش مدبر۔ قسط۔ بسباسہ۔ تخم دھتورہ۔ عاقر قرحا۔ گھونگچی۔ جند بید ستر ہر ایک ۹ ماشہ۔ دار چینی ۷ ماشہ۔ سعد کوفی۔ خراطین ہر ایک

ایک تولہ۔ ریگ ماہی ۶ ماشہ۔ بلادر مدبر ۶ ماشہ۔ مشک ۲ سرخ ترکیب۔ حسب معمول ایک ماشہ کی گولیاں تیار کریں (معمولہ مطب)

حب مقوی ممسک۔ دل و دماغ اور باہ کو قوت دیتی نیز امساک لاتی ہے اس پر مداوت رکھنے سے افیون وغیرہ نشیلی چیزوں کی عادت چھوٹ جاتی ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت ایک گولی ہمراہ خمیرہ گاؤ زبان ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ نارجیل ۲ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ افیون ۱ تولہ۔ جدوار ۳ ماشہ ترکیب۔ بطریق معروف مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں (معمولہ مطب)

حب مقل۔ بواسیر ریحی کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ رات کو سوتے وقت ۳ ماشہ گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ پوست ہلیلہ کابلی گوگل ۴ تولہ ترکیب۔ ہلیلہ جات کو کوٹ چھان کر روغن زرد سے چرب کرلیں اور گوگل کو آب گند نا سبز میں حل کر کے سب کو ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ملذذ ۔ لذت پیدا کرتی ہے اور سرور بخشتی ہے استعمال ۔ بوقت ضرورت ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر عضو مخصوص پر طلا کریں نسخہ۔ خون خرگوش ۶ ماشہ۔ خون گلہری ۱ ماشہ۔ پیتال کبوتر صحرائی۔ عطر موتیا ہر ایک ۱ ماشہ ترکیب۔ سب کو شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

بنسخہ دیگر۔ نائزہ ریچھ۔ عطر حناء۔ افیون۔ لوبان۔ کافور ہر ایک ۱ ماشہ۔ عطر موتیا ۶ سرخ شہد حسب ضرورت۔

حب ملیم۔ بچوں کے چرنے دور کرنے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ایک گولی ماں کے دودھ میں گھس کر دیں نسخہ۔ ایلوا۔ ملیم۔ کات سفید۔ افیون۔ برگ کنار نارجیل کہنہ تمام مساوی الوزن ترکیب۔ حسب معمول دانہ موٹھ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب ملین۔ قبض کو رفع کرتی ہے ریاح کو توڑتی ہے اور معدے سے بلغم کو صاف کرتی ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ہلیلہ سیاہ ۴ ماشہ۔ نرکچور۔ سونف ہر ایک دو ماشہ۔ سہاگہ بریان ۱ ماشہ ترکیب۔

بستور پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب ممسک۔ قوت باہ بڑھاتی ہے۔ سرعت انزال کو دور کرتی ہے اور امساک پیدا کرتی ہے
استعمال۔ ایک گولی جماع سے ایک گھنٹہ پہلے گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔
زعفران۔ جوزبوا۔ عقرقرحا۔ افیون۔ شہد ہر ایک مساوی الوزن ترکیب۔ بدستور معروف مونگ کے
دانہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب ممسک رمانی۔ بچوں کی پیاس اور دستوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔
بمطابق عمر ایک سے ۳ گولی تک ہمراہ عرق بادیان ایک سے تین تولہ تک استعمال کریں نسخہ۔ زیرہ
سفید بریاں۔ بادیان ہر ایک ۶ ماشہ۔ جوزبوا ۲ ماشہ نانخواہ ۱ ماشہ ۶ سرخ ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر
کچے انار کا کچھ حصہ تراش کر دواؤں کو بھر کر تراشا ہوا حصہ اوپر رکھ کر آٹا لپیٹ دیں۔ اور آگ میں
دبا دیں۔ جب آٹا سرخ ہو جائے نکال کر سرد کر لیں۔ سرد ہو جانے پر تمام دواؤں کو معہ انار کے
باریک پیس کر باجرہ کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مستن کبیر۔ فالج۔ لقوہ اور جوڑوں کے درد نیز نقرس میں مفید و معمول ہے استعمال ۷
دانہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سکبینج۔ اشق۔ جاؤشیر۔ گوگل۔ حرمل۔ تخم
حنظل۔ ایلوا۔ تربد سفید۔ پوست ہلیلہ زرد۔ انزروت ہر ایک ایک تولہ۔ ترکیب۔ انزروت کو پانی
میں حل کر کے اور تمام دواؤں کو کوٹ کر سب کو ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب منزل نساء۔ لذت بخشتی ہے اور جلد فارغ کرتی ہے استعمال۔ ایک گولی شہد میں
گھس کر حشفہ کو چھوڑ کر طلا کریں نسخہ۔ سیماب ۱ ماشہ۔ سہاگہ۔ کافور ہر ایک ۲ ماشہ شہد ۶ ماشہ
ترکیب۔ دواؤں کو شہد میں حل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب منشط۔ امساک لاتی ہے اور سرور بخشتی ہے استعمال۔ جماع سے ایک گھنٹہ پہلے
ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ اساروں۔ زعفران۔ تخم کرفس۔ دار چینی۔ ریوند
چینی۔ بالچھڑ۔ مصطگی رومی ہر ایک ۹ ماشہ۔ نرکچور۔ حب الغار۔ عاقرقرحا۔ لونگ۔ بسباسہ۔ صمغ
عربی ہر ایک ۵ ماشہ۔ بزرالبنج۔ قلفل ہر ایک ۱ تولہ۔ افیون ۲ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول گلاب
کے ساتھ بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب منعش۔ پٹھوں کو قوت بخشتی ہے باہ کو برانگیختہ کرتی ہے امساک لاتی ہے اور فالج
رعشہ کو دور کرتی ہے تقویت اعصاب میں بالخصوص معمول و مفید ہے۔ استعمال۔ علی الصبح ایک

گولی تازہ پانی کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ۔ کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ۔ پیلا مول۔ ہر ایک ایک تولہ۔ عنبرا شہب ۳ ماشہ۔ ترکیب۔ بدستور معروف چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب موصلی۔ تقویت باہ میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ موصلی سیاہ ایک سیر۔ دودھ ڈیڑھ سیر۔ جوزبوا ایک پاؤ۔ بسباسہ ایک پاؤ ترکیب۔ موصلی کو دودھ میں جوش دیں۔ دودھ کے جذب ہو جانے پر سایہ میں خشک کر کے دیگر دوائیں ملا کر شہد کے قوام میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب مومیائی سادہ۔ قوت باہ کو برانگیختہ کرتی ہے اور سستی کو دور کرتی ہے۔ جماع کے بعد کی کمزوری کو رفع کرنے میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ جماع کے بعد ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ مرمکی۔ مصطگی خولنجاں ہر ایک دو ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ قرنفل۔ دار چینی۔ لوبان۔ صمغ عربی۔ عود ہندی۔ رب السوس۔ ابریشم مقرض ہر ایک ۶ ماشہ۔ مومیائی۔ میعہ سائلہ ہر ایک ۴ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب مومیائی دیگر۔ جماع کے بعد کی کمزوری و سستی و کاہلی کو فی الفور رفع کر کے بدن میں قوت و چستی پیدا کرتی ہے۔ دماغ و قلب کو مضبوط کرتی ہے۔ نہایت مفید و معمول ہے استعمال۔ گرم دودھ میں شکر ملا کر جماع کے بعد ایک گولی استعمال کریں۔ نسخہ۔ مومیائی اصلی ۳ تولہ۔ صمغ عربی ایک تولہ۔ مصری ۴ تولہ۔

ترکیب۔ اول دونوں کو قدرے عرق گلاب میں اچھی طرح حل کر لیں۔ پھر مصری ملا کر دوبارہ حل کریں اور چنے کے برابر گولیاں تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

حب نارجیل۔ پیاس بجھاتی ہے۔ دستوں کو روکتی ہے۔ متلی اور قے کو بند کرتی ہے۔ ہیضہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ حسب ضرورت ۳ سے ۶ گولی تک ہمراہ عرق پودینہ و عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔

بار بیل دریائی کہنہ (گلاب میں گھسا ہوا) ۲ ماشہ۔ تخم ترنج۔ تخم نارنج ہر ایک ۲ ماشہ ترکیب تمام دواؤں کو عرق گلاب میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب نارمشک۔ معدہ کو قوت دینے ریاح کو تحلیل کرنے یا رکے ہوئے مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرنے قولنج وغیرہ کو دور کرنے اور موڑ نیز معدہ کے درد کو تسکین دینے میں بالخصوص کارآمد ہے۔ استعمال۔ ۱ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ دار فلفل۔ دار چینی۔ سیاہ مرچ۔ نارمشک۔ مصطگی ہر ایک ۴ ماشہ۔ سقمونیا مشوی۔ قند سفید ہر ایک ۲ تولہ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب نزلہ۔ ہر قسم کے نزلہ کو دور کرتی ہے اور بے خوابی کو زائل کرتی ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت ایک گولی پانی کے ہمراہ حلق سے اتار لیں۔ نسخہ۔ بزرا لبنج۔ زعفران۔ افیون۔ تخم کاہو۔ صمغ عربی۔ اصل السوس مقشر۔ کندر۔ کتیرا۔ مرکی۔ بہدانہ ہر ایک برابر وزن ترکیب۔ بطریق معروف سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب نشاط۔ جریان کو دور کرتی ہے باہ کو قوت دیتی ہے اور امساک لانے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال بوقت ضرورت جماع سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی دودھ کے ساتھ کھائیں یا ایک گولی آدھے لیموں پر چھڑکیں اور اس کو آگ پر رکھیں۔ جب پکنے لگے تو نچوڑ کر پئیں۔ نسخہ۔ کشتہ چاندی ۵ ماشہ۔ جاوتری۔ زعفران۔ ریگ ماہی ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ جوزبوا۔ سمندر سوکھ ہر ایک ۹ ماشہ۔ زہر مہرہ ۱ ماشہ۔ مشک ۱ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول برگ پان کے عرق میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب نفث الدم۔ کھنگار میں خون آنے کو روکتی ہے۔ مرض نفث الدم میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عنبر و عرق انجبار ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ۔ کہربا (گھسا ہوا) ۱ ماشہ۔ دم الاخوین۔ صمغ عربی۔ اقاقیا ہر ایک ۲ ماشہ۔ طباشیر۔ نشاستہ۔ ریشہ برگد ہر ایک ۹ ماشہ۔ کتیرا۔ گلنار فارسی۔ ہر ایک ۲ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول عرق بارتنگ کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب نقرس۔ نقرس میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زعفران چار رتی۔ سقمونیا مشوی ۶ رتی تخم حنظل ۲ ماشہ۔ تربد سفید۔

سورنجاں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہر ایک ۵ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب نمک۔ ریاح کو توڑتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نمک لاہوری۔ نمک اندرانی۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ نمک نفطی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ بادیان۔ اجوائن ہر ایک ۳ ماشہ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ پوست شیطرج۔ سونٹھ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ سہاگہ۔ نوشادر۔ سناکی ہر ایک ۶ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۳ ماشہ ترکیب۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر ۲ عدد لیموں کے عرق میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب نوی ہلیلہ۔ نگاہ کو تیز کرتی ہے۔ ضعف بصارت میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی پانی میں گھس کر آنکھ میں لگائیں نسخہ۔ مغز تخم ہلیلہ زرد ۱۲ عدد فلفل دراز ۵ عدد۔ فلفل سیاہ ۱ عدد ترکیب۔ سب کو تازہ آملوں کے عرق میں کھرل کر کے جب سیاہ ہو جاوے تو گولیاں تیار کریں

حب واصلی۔ خنازیری گلٹیوں میں مفید ہے استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں نسخہ۔ بالچھڑ۔ تج۔ حب بلسان۔ عود بلسان۔ اسارون۔ مصطگی۔ دار چینی۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ ایلوا ۴ تولہ اسطو خود دس۔ تخم حنظل ہر ایک ۱۷ ماشہ تربد موصوف ۲۴ ماشہ۔ نمک ہندی ۷ ماشہ۔ سقمونیا مشوی ۱۴ ماشہ ترکیب۔ ادویہ کو کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ہار سنگار۔ بواسیر خونی اور بادی میں مفید و معمول ہے استعمال۔ علی الصبح ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں نسخہ۔ تخم ہار سنگار مقشر ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۳ ماشہ۔ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ہاضم۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے استعمال۔ دو گولی تازہ پانی کے ہمراہ بعد از غذا کھائیں۔ نسخہ۔ چوک ترش۔ سونٹھ ہر ایک ۲ تولہ۔ نمک لاہوری ۱۷ ماشہ۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ فلفل گرد۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک ۲ ماشہ ترکیب۔ چوک کو عرق لیموں میں کھرل کریں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب ہلیلہ۔ ہر قسم کے درد سر میں بے حد فائدہ مند اور مجرب ہے۔ چند روز کے استعمال سے بالکل شکایت رفع ہو جاتی ہے استعمال ۔ چھ سے نو ماشہ کی مقدار میں روغن بادام شیریں سے چرب کر کے اور ورق نقرہ لپیٹ کر سوتے وقت عرق بادیان بارہ تولہ یا گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ گل سرخ ہر ایک تین ماشہ۔ برگ سنامکی ٦ ماشہ غاریقون سفید۔ تربد سفید۔ لاجورد مغسول ہر ایک سات ماشہ۔ سب کو باریک کوٹ چھان کر تازہ پانی کے ہمراہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ہندی۔ شقیقہ اور ہیضہ میں تسکین درد کے لئے مجرب و معمول ہے۔ استعمال ۔ ایک ایک گولی صبح شام تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ایلوا۔ چرائتہ ہر ایک ایک ماشہ۔ جوزبوا ٢ ماشہ۔ زیرہ سفید۔ اجود ہر ایک ٣ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول چھلنی سبز کے عرق میں ١٤ گولیاں تیار کریں۔

حب ہیضہ وبائی۔ ہیضہ میں مفید و معمول ہے استعمال ۔ ایک گولی ہمراہ عرق پودینہ عرق بادیان ١٢ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ گل سرخ۔ زیرہ سیاہ۔ کشنیز خشک مقشر۔ دار فلفل ۔ فلفل سیاہ۔ نانخواہ بادیان۔ سونٹھ۔ شیطرج ہندی۔ دار چینی۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ پودینہ جنگلی۔ پودینہ کوہی۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر۔ نمک سیاہ۔ جواکھار تمام مساوی الوزن ترکیب۔ حسب معمول سرکہ میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب یاقوت۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ قوت باہ بڑھاتی ہے اور امساک لاتی ہے نزلہ اور کھانسی میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ تقویت باہ کے لئے ایک گولی ہمراہ لبوب کبیر ۵ ماشہ یا جوارش جالینوس لولوی ۵ ماشہ استعمال کریں اور تقویت اعضاء کے لئے خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا کے ہمراہ اور نزلہ و کھانسی میں ہمراہ عرق گاؤ زبان ١٢ تولہ شربت بنفشہ ٢ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مشک خالص ٢ ماشہ۔ عنبرا شہب ٣ ماشہ ۔ کہرباء۔ بسد ہر ایک ٦ ماشہ۔ مغز بادام مقشر۔ نشاستہ سفید۔ اگر خام ۔ مروارید ناسفتہ۔ یاقوت سرخ ہر ایک ٣ ماشہ۔ رب السوس۔ صمغ عربی۔ نبات سفید۔ تخم بنفشہ۔ افیون ہر ایک دو تولہ ترکیب۔ حسب معمول بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حریرہ

حریرہ ایک قسم کی پتلی غذا ہے جو مریضوں کو دی جاتی ہے اور عموما آٹے یا سوجی کو
گھی میں بھون کر بنائی جاتی ہے۔

حریرہ سرخ۔ خشک کھانسی کو تسکین دیتا ہے۔ مادہ کو نضج دیتا ہے نہایت مفید ہے
استعمال۔ بوقت صبح نیم گرم پانی پئیں نسخہ۔ سبوس گندم آدھ پاؤ۔ آرد باقلا مقشر ایک
چھٹانک۔ نشاستہ دو تولہ۔ شکر سفید چار تولہ۔ کتیرا مسحوق ۶ ماشہ ترکیب۔ سبوس گندم کو
تین گھنٹہ پانی میں رکھ کر صاف کریں۔ پھر سب کو ادویہ کو باہم ملا کر دیگچی میں خوب جوش
دیں جب کسی قدر غلظت آجائے تو نیم گرم پئیں۔

حریرہ سرفہ نزلی۔ نزلہ کی کھانسی خشک وتر میں مفید ہے۔ نیز بچوں کی کالی کھانسی
میں بے حد مفید اور عجیب الاثر ہے۔ تین دن کے اندر ہر قسم کی کھانسی کو نیست و نابود کر
دیتا ہے استعمال۔ قہوہ کی طرح گرما گرم صبح کے وقت پئیں نسخہ۔ اصل السوس مقشر ۹
ماشہ۔ سپستان تیس دانہ۔ پوست خشخاش ۳ ماشہ۔ مصری تین تولہ ۔ نشاستہ ۶ ماشہ۔
زنجبیل سودہ ۳ ماشہ ترکیب۔ اصل السوس ۔ سپستان۔ پوست خشخاش کو آدھ سیر پانی میں
جوش دیں ۔ جب آدھ پاؤ پانی باقی رہے۔ تو صاف کر کے مصری و نشاستہ ملا کر حسب دستور
حریرہ پکالیں اور زنجبیل اضافہ کر کے پئیں۔ چھوٹے بچوں کو یہ دوا نہ دیں۔
نوٹ ۔ بڑے بچوں کے واسطے بلحاظ عمر مقدار کم کر دیں۔ آٹھویں حصہ سے چہارم حصہ
تک دیں۔

حریرہ صداع۔ درد سر کو جو ضعف دماغ کے باعث ہو اسے بہت فائدہ دیتا ہے۔
دماغ کو قوت دے کر درد سر کو زائل کرتا ہے ہمیشہ مستعمل ہے استعمال حسب معمول پکا
کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ شیرہ خشخاش ایک تولہ ۔ مغز نارجیل ایک تولہ ۔ زنجبیل تین
ماشہ۔ شیر مادہ گاؤ ڈیڑھ پاؤ ترکیب۔ حسب معمول آگ پر جوش کر کے صبح کے وقت پئیں۔

حریرہ مقوی باہ۔ منی کو بڑھاتا ہے۔ جماع کے بعد پینا بے حد مفید ہے
جس قدر منی خارج ہوئی ہو اس سے زائد پیدا کرتا ہے۔ دماغ کو بھی قوت بخشتا ہے
نہایت سریع التاثیر اور عجیب الفعل ہے۔ جماع کے بعد حسب معمول تیار کر کے پئیں

نسخہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ مغز تخم معصفر۔ مغز پنبہ دانہ ہر ایک ایک تولہ۔ تخم
خشخاش تین ماشہ۔ بہمن سفید۔ تودری سفید۔ ثعلب مصری ہر ایک ۶ ماشہ۔ زنجبیل ۲
ماشہ۔ گلاب خالص۔ شیر مادہ گاؤ۔ ہر ایک آدھ پاؤ۔ مصری تین تولہ ترکیب۔
مغزیات و خشخاش کا گائے کے دودھ و گلاب میں شیرہ نکال کر صاف کر کے پکائیں
جب غلظت آجائے۔ تو بقیہ اوودیہ و مصری باریک پیس کر آخری جوش میں ڈال کر
نیچے اتار لیں۔ اور سرد کر کے پئیں۔

بنسخہ دیگر۔ تمام فوائد مثل مذکورہ بالا استعمال۔ ہر روز صبح بطور ناشتہ
استعمال کریں نسخہ۔ مغز بادام۔ مغز فندق ہر ایک بیس عدد۔ نشاستہ دو تولہ۔ ثعلب
مصری۔ شقاقل مصری۔ بہمن سفید ہر ایک دو ماشہ۔ ترکیب۔ سب ادویہ کا ڈیڑھ پاؤ
پانی میں شیرہ نکال کر آگ پر حسب معمول پکائیں۔ درمیان جوش میں مسکہ دو تولہ
مصری تین تولہ اضافہ کریں۔ جب غلظت آجائے تو اتار کر سرد کر کے پئیں۔

حریرہ منضج۔ مرض ذات الجنب کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ مادہ کو نضج
دیتا ہے ملین ہے۔ نہایت فائدہ مند و مستعمل ہے استعمال۔ حسب دستور صبح و شام
پئیں۔ نسخہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ تخم خشخاش۔ مغز بادام مقشر ہر ایک
ماشہ۔ شکر سفید تین تولہ۔ روغن بادام شیریں دو تولہ ترکیب۔ مغزیات کا پانی
شیرہ نکال کر روغن بادام کے ساتھ حسب معمول پکائیں اور شکر اضافہ کر کے پئیں۔

حریرہ مولد شیر۔ جن عورتوں کی چھاتیوں میں دودھ کم پیدا ہوتا ہو۔ ان
کے واسطے نہایت مفید ہے۔ دودھ صالح اور بکثرت پیدا کرتا ہے۔ بہت مفید ہے نسخہ
۔ زیرہ سفید۔ برنج ساٹھی۔ لودھ پٹھانی۔ ہر ایک آٹھ ماشہ۔ شیر مادہ گاؤ آدھ پاؤ
ترکیب۔ ادویہ کو باریک پیس کر گائے کے دودھ میں حریرہ بنا کر پئیں۔

بنسخہ دیگر تمام فوائد مثل مذکورہ بالا۔ استعمال۔ حسب معمول بوقت صبح
بطور غذاء نسخہ۔ نشاستہ دو تولہ گائے کے آدھ سیر دودھ میں حل کر کے شیرہ برنج شیرہ
مغز بادام شیریں۔ شیرہ مغز پنبہ دانہ۔ شیرہ خسکدانہ۔ شیرہ مغز چلغوزہ ہر ایک ایک
تولہ۔ شیرہ بادیان۔ شیرہ دانہ ہیل ہر ایک سات ماشہ۔ شیرہ تخم شبت ۶ ماشہ۔ شیرہ

تودری گلگوں ا تولہ نکال کر مصری تین تولہ۔ ترنجبین ٦ ماشہ اضافہ کر کے آگ پر پکائیں اور حسب معمول استعمال کریں۔

حریرہ نسواں۔ بچہ جننے کے بعد عورتوں کو دیا جاتا ہے۔ نہایت مفید ہے استعمال۔ حسب معمول تیار کر کے آدھ پاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ روغن زرد۔ پاؤ سیر۔ میدہ گندم پاؤ سیر۔ قند سیاہ آدھ پاؤ۔ فلفل دراز۔ فلفلموبہ۔ زنجبیل اجوائن دیسی ہر ایک تین ماشہ ترکیب۔ روغن زرد کو داغ کر کے میدہ کو اس میں بریان کریں اور قند سیاہ کو بقدر ضرورت پانی میں گھول کر پلا دیں اور چمچہ ہلاتے رہیں۔ جب اتنا غلیظ ہو جائے کے چمچہ پیا جا سکے۔ تو آگ سے اتار کر ادویہ کو باریک پیس کر ملا دیا جائے اور ہر روز تازہ استعمال کیا جائے۔ کمزور عورتوں کو ۱/۴ سے ۱/۲ مقدار میں دیا جائے۔

حقنہ

حقنہ کسی سیال شے کو بذریعہ پچکاری رودہ مستقیم میں داخل کرنے کو عربی میں حقنہ اور انگریزی میں انیما کہتے ہیں۔

حقنہ یا تو سخت قبض کی حالت میں کیا جاسکتا ہے۔ تاکہ فضلہ فورا خارج ہو جائے یا ایسی حالت میں کہ جب مریض غذا نہ کھا سکتا ہو۔ تو بطور تغذیہ حقنہ کیا جاتا ہے جسے حقنہ غذائی کہتے ہیں ۔ حقنہ کرنے کے واسطے پچکاریاں ایجاد ہو گئیں پچھلے زمانہ میں جو طریقہ حقنہ کرنے کا تھا۔ وہ اب متروک ہو گیا ہے حقنہ کرنے کی پچکاریاں مختلف قسم کی ہوتی ہے مگر عام استعمال کے لئے ربڑ کی انیما کرنے پچکاری کافی ہے۔

اس پچکاری کا ایک سرا مقعد میں داخل کرتے ہیں اور دوسرا سرا اس برتن میں رہتا ہے جس میں دوا یا پانی ہوتا ہے پچکارتی کے دونوں گول حصہ کو دبانے سے ہوا نکل کر اس میں پانی بھر جاتا ہے اور اسے بار بار دبانے سے وہ پانی رودہ مستقیم اور اس سے اوپر کی انتڑی میں چلا جاتا ہے۔

حقنہ ذخیر صادق۔ پیچش سدی میں نہایت سریع الاثر ہے۔ سدہ کو بہت جلد خارج کرتا ہے۔ نہایت مجرب و مستعمل ہے۔

استعمال ادویہ کو جوش دے کر حسب معمول حقنہ کریں۔

نسخہ گل سرخ۔ گل بنفشہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ تخم خبازی۔ خطمی ۔ خار خسک۔ تخم حلبہ ہر ایک ایک تولہ ۔ عناب تین تولہ سب ادویہ کو باریک کوٹ کر ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب دو حصہ خشک ہو جائے تو صاف کر کے چار تولہ خیار شنبر تین تولہ۔ شکر سفید دو تولہ روغن بادام اضافہ کر کے استعمال کریں۔

حقنہ سحج۔ مرض سحج (آنتوں میں خراش ہو جانا) وقرحہ امعاء آنتوں میں پھوڑا نکل آنا) میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔ قرحہ کو مندمل کرتا ہے۔ درد کو تسکین دیتا ہے سخت مروڑ اور درد کو بہت جلد روکتا ہے۔

استعمال:۔ حسب معمول نسخہ:۔ برنج۔ کشک جو۔ عدس مقشر ہر ایک ڈھائی تولہ۔ حب پوست انار ترش ہر ایک سوا تولہ۔ سب دواؤں کو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب دو حصہ خشک ہو جائے صاف کر کے رکھیں۔ صمغ عربی۔ کافور پسے ہوئے۔ گل ارمنی۔ گل تبری ہر ایک تین ماشہ۔ سفید آب۔ قلعی۔ دم الاخوین اقاقیا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ سرکہ شراب میں جوش دیئے ہوئے دو عدد بکری کے گردہ کی چربی پگھلا کر صاف کی ہوئی چھ ماشہ سب کو کوٹ پیس کر کپڑے میں چھان لیں۔ بکری کے گردہ کی چربی گیارہ انڈوں میں ملا کر پگھلا کر ہاون دستہ یا کھرل میں ڈال کر خوب مخلوط کریں۔ اور رکھے ہوئے پانی میں ملا کر نیم گرم کر کے حقنہ کریں۔

حقنہ قولنج

۔ درد قولنج میں مستعمل ہے۔ سدہ کو خارج کرتا ہے۔ درد کو تسکین دیتا ہے۔ نہایت سریع الاثر اور مجرب ہے

استعمال:۔ حسب معمول تیار کر کے تین مرتبہ حقنہ کریں۔ نسخہ:۔ قنطوریون باریک چھ ماشہ۔ بنفشہ۔ انیسون۔ نیلوفر۔ گاؤ زبان۔ بادیان۔ پوست بیخ بادیان۔ تخم کاسنی۔ پوست بیخ کاسنی۔ کوہ خشک۔ تخم شبت۔ اسطوخودوس۔ سفائج فستقی۔ نیم کوفتہ۔ پرسیاؤشاں ہر ایک نو ماشہ۔ سنائی ایک تولہ۔ حلبہ۔ اکلیل الملک۔ برنجاسف۔ سبوس گندم۔ بابونہ ہر ایک سات ماشہ۔ برگ چقندر۔ برگ خطمی ہر ایک ایک تولہ۔ سب دواؤں کو اڑھائی سیر پانی

میں جوش دیں۔ جب تین پاؤ پانی باقی رہے۔ صاف کر کے نمک طعام پسا ہوا دو ماشہ۔ غاریقون پسا ہوا دو ماشہ۔ مغز خیار شنبر۔ ترنجبین شیرخشت۔ شکر سرخ آبکامہ۔ روغن بنفشہ۔ روغن گل بنفشہ ہر ایک ۹ ماشہ اس میں حل کریں۔ اور حسب معمول عمل کریں۔

حقنہ لثیرغس

۔ مرض لثیر غس (ورم بلغمی دماغی) میں نہایت مفید ہے۔ استعمال حسب معمول بذریعہ پچکاری۔

نسخہ:۔ تخم خنظل قرطم۔ لیمکوفتہ۔ کتان۔ تخم انجرہ۔ پوست بیخ کبر۔ فودرنج دشتی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ سب دواؤں کو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ سیر پانی باقی رہے۔ صاف کر کے پاؤ سیر پانی میں سوا تولہ۔ روغن زیت ملا کر نیم گرم حقنہ کریں۔

حلواء

حلوائے انبہ۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ اور منی کو گاڑھا کرتا ہے۔

استعمال:۔ ۶ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ:۔ شیرہ انبہ پختہ شیریں تین سیر۔ گھی آدھ سیر دودھ ایک سیر شہد پاؤ سیر۔ سونٹھ ایک تولہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ ستاورا تولہ۔ ثعلب مصری۔ مغز بادام ہر ایک ۴ تولہ۔ چوب چینی۔ مغز تخم خربزہ ہر ایک ۴ تولہ۔ خولنجاں ۶ ماشہ۔ سازج ہندی ۶ ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۱ تولہ موصلی سینبل ۱ تولہ۔ شقاقل مصری۔ سنگھاڑہ خشک ۴ تولہ۔ آم کے شیرہ اور شہد نیز دودھ کا قوام کر کے مغزیات کو حل کر کے دواؤں کو کوٹ چھان کر حلوا تیار کریں۔

حلوائے ارد۔ منی کو جماتا اور گاڑھا کرتا ہے نیز قوت باہ بڑھاتا ہے استعمال:۔ علے الصبح روزانہ اسی قدر تیار کریں اور کھائیں۔ نسخہ:۔ دال ماش مقشر ۱ تولہ شیر گاؤ حسب ضرورت۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ تخم تمرہندی بریان۔ آرد سنگھاڑہ ہر ایک ۱ تولہ شکر سفید ہموزن ادویہ۔ گھی ۳ تولہ۔ دال کو دودھ میں تر کریں۔ جب دودھ جذب ہو جائے۔ سایہ میں خشک کر کے دیگر دوائیں کوٹ چھان کر ملا لیں اور گھی و شکر ملا کر حلوا تیار کریں۔

فائدہ:۔ مقدار مندرجہ بالا صرف ایک روز کی خوراک ہے۔

حلوائے بادام۔ دماغ کو قوی کرتا ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ اور تولید منی کرتا ہے۔

استعمال:۔ روزانہ علی الصباح ۴ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ:۔ مغز بادام شیریں مقشر ۲۰ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۵ تولہ۔ مغز تخم کدو شیریں ۵ تولہ۔ تخم خشخاش سفید ۵ تولہ۔ مغز چرونجی ۲ تولہ۔ شکر سفید ڈیڑھ سیر۔ گلاب ۱۰ تولہ حسب معمول شکر کے قوام میں ملا کر حلوا تیار کریں۔

حلوائے بیضئہ مرغ۔ دل کو قوت دیتا ہے۔ رنگ نکھارتا ہے۔ چہرہ کو سرخ کرتا ہے۔ فربہی لاتا ہے۔ مادہ منویہ کو گاڑھا کرتا ہے۔ اور باہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال:۔ علی الصبح ۵ تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ:۔ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد۔ مصری ۱۹ تولہ۔ عرق بہار۔ عرق نارنج۔ عرق بیدو بید مشک ہر ایک ۱۰ تولہ۔ حسب ضرورت جو زبوا ۵ ماشہ ۔بسباسہ ۵ ماشہ زعفران۔ مشک ہر ایک ۱ ماشہ۔ مصری کو عرقیات میں حل کر کے زردی کو اس میں خوب ملا لیں اور آنچ پر رکھ کر جب تیار ہو جائے۔ تو بقیہ دواؤں کو داخل کر کے حلوا تیار کرلیں۔

حلوائے ثعلب مصری۔ جریان کو دور کرتا ہے۔ دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ رنگ نکھارتا ہے فربہی لاتا ہے۔ اور تمام اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتا ہے۔ تقویت کے لئے عجیب الاثر ہے۔
استعمال:۔ علی الصبح بقدر ۲ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔
نسخہ:۔ آرو نخود ۱۱ تولہ۔ میدہ گندم۔ آرو باقلا ہر ایک ۷ تولہ۔ گھی حسب حاجت۔ شہد ۱۱ تولہ۔ مصری بقدر ضرورت۔ عرق بید مشک۔ عرق بہار۔ آب آہن گراں بقدر حاجت۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز حب الزلم۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز حب القلقل ہر ایک ۴ تولہ ۹ ماشہ دار چینی۔ مصطگی۔ خولنجاں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۴ ماشہ۔ جو زبوا۔ ۔بسباسہ۔ سونٹھ۔ زعفران۔ مشک۔ عنبرا شہب ہر ایک ۲ ماشہ۔ آرو نخود اور آرو باقلا۔ نیز میدہ گندم کو گھی میں بھون کر شہد کو عرقیات میں حل کر کے دونوں کو باہم ملا کر آنچ پر پکائیں۔ جب حلوا تیار ہوجائے تو دیگر دواؤں کو کوٹ کر چھان کر شامل کرلیں۔

حلوائے چوب چینی۔ باہ کو بڑھانے اور جذام و فساد و خون میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ علی الصباح گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ۔ میدہ گندم ۲ سیر۔ روغن زیتون۔ روغن گاؤ ہر ایک ۳ سیر شہد خالص ۳ سیر مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ۷ تولہ۔ چوب چینی ۲۷ تولہ۔ قرنفل۔ دانہ الائچی خورد۔ دار چینی ۔ نر کچور۔ بادیان۔ زنجبیل۔ انیسون۔ نانخواہ۔ ایذر جو۔ سورنجاں شیریں۔ دار فلفل خولنجاں سعد ک وفی ہر ایک ۵ تولہ۔ میدہ کو گھی میں بھون کر شہد کے قوام میں ملا کر مغزیات کوٹ کر شامل کریں۔ جب حلوا تیار ہو جائے تو دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کریں۔

حلواء سپاری پاک۔ گردہ کو قوی کرتا ہے قوت باہ بڑھاتا ہے۔ مادہ منویہ کو قابل تولید بناتا۔ ہاضمہ بڑھاتا اور سیلان الرحم کو دور کرتا ہے۔ پرسوت اور نسائی امراض میں بالخصوص فائدہ مند ہے۔

استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

نسخہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ تج ۔ سازج ہندی۔ ناگر موتھ۔ دار فلفل۔ پودینہ خشک۔ اجوائن خراسانی۔ الائچی خورد ہر ایک ۳ ماشہ۔ زرنب۔ جاوتری۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ مرچ سیاہ۔ جوزبوا ہر ایک ۵ ماشہ۔ زیرہ سفید ۷ ماشہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ قرنفل۔ کشنیز خشک پپلا مول ہر ایک ا تولہ گل نیلوفر ۹ ماشہ۔ سنگھاڑہ خشک۔ ستاور۔ ناگیسر ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم کھرنی ۴ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مویز منقیٰ ہر ایک ۵ تولہ۔ سپاری اسیر۔ قند سفید اسیر شہد اسیر۔ شیر گاؤ ۸ سیر۔ گھی آدھ سیر۔ مویز منقیٰ کو پیس لیں۔ اور چھالیہ کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے دودھ میں جوش دیں۔ جب دودھ جذب ہو جائے۔ تو باریک پیس کر شہد اور شکر کے قوام میں دیگر دواؤں کے ساتھ حلوا تیار کریں۔

حلوائے فرنگ۔۔ باہ کو قوت دیتا ہے اور بالخصوص گردوں کو قوی کرتا ہے

استعمال۔ ۳ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

نسخہ۔ دودھ ایک سیر زردی بیضہ مرغ ۵ عدد۔ مصری آدھ پاؤ۔ مشک ا ماشہ عنبرا شہب ۶ ماشہ۔ عرق گلاب ۲ تولہ۔ زردی کو دودھ میں جوش دے کر کھویا بنائیں اور

دیگر دوائیں عرق گلاب میں حل کر کے شامل کر کے حلوا تیار کریں۔

حلوائے گذر۔ منی کی پیدائش میں زیادتی کرتا ہے۔ اور قوت باہ بڑھاتا ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ علی الصبح استعمال کریں۔

نسخہ گاجر۔ دودھ گھی شکر سفید۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز نارجیل۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز چھوہارا ہر ایک ۶ ماشہ۔ گاجر کو کدو کش کر کے دودھ میں جوش دیں اور پھر گھی میں بھون کر دو چند شکر کے قوام میں شامل کر کے دیگر مغزیات کو داخل کر کے حلوا تیار کریں۔

حلوائے گذر مغز سر کنجشک والا۔ منی کو بڑھاتا ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے اور بدن کی عام کمزوری کو زائل کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کے درد کے لئے بالخصوص مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ روزانہ صبح اور شام کے وقت بقدر ۳ تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گاجر شیریں۔ خرما بقدر ضرورت۔ شیر گاؤ پانچ سیر۔ پانچ آرد نخود بریاں۔ میدہ گندم ہر ایک ایک چھٹانک۔ گھی آدھ سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ شہد خالص آدھ سیر مغز سر کنجشک ۴۰ عدد۔ مغز فندق۔ مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ۳ تولہ۔ ثعلب مصری۔ گوکھرو۔ دار چینی۔ سونٹھ۔ خولنجاں ہر ایک ۱ تولہ۔ زعفران اصلی۔ مشک خالص ہر ایک ۳ ماشہ۔ گاجر اور خرما کو کدو کش کر کے دودھ میں پکائیں۔ جب خوب گل جائیں تو پیس کر گیہوں اور چنے کا آٹا شامل کر کے گھی میں بھون کر شہد اور شکر کے قوام میں ملالیں اور بقیہ مغزیات وغیرہ شامل کر کے حلوا تیار کریں۔

حلوائے مرغ سیاہ۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۲ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مرغ کڑکناتھ ۲ عدد۔ گلاب ۴ حصہ مصری ۴ سیر۔ مغز بادام شیریں مغز حب صنوبر۔ مغز پستہ آلوئے شیریں ہر ایک ۵ ماشہ۔ شقاقل مصری ۲۲ ماشہ مرغ کے گوشت کو عرق گلاب میں خوب پکائیں۔ جب اچھی طرح پک جائے تو مل چھان کر مصری ڈال کر قوام کر کے دیگر چیزوں کو شامل کر کے حلوا تیار کریں۔

حلوائے مغز تخم بیدانجیر۔ قولنج میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ مغز تخم بیدا بنجیر۔ شکر ہر دو مساوی الوزن۔ شیر گاؤ حسب ضرورت مغز تخم بیدا بنجیر کو دودھ میں بھگوئیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے۔ پیس کر ہلکی آنچ پر شکر ملا کر قوام پر لے آئیں۔

حلوائے موچرس۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ بینائی کو تیز کرتا ہے۔ بالوں کو دراز کرتا ہے۔ گردوں کو مضبوط بناتا ہے۔ اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ کمر کو مضبوط کرتا ہے۔ نسوانی شکایات کے لئے مفید و معمول ہے۔

استعمال۔ روزانہ صبح شام ۳ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ۔ زعفران۔ جوزبوا۔ جلوتری ہر ایک ۱ ماشہ۔ دار چینی۔ دانہ الائچی خورد۔ لونگ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ سونٹھ۔ دار فلفل ہر ایک ۱۲ ماشہ پوست بیخ لونٹ کٹارہ۔ تالمکھانہ موصلی سیاہ۔ مجیٹھ گوند ڈھاک۔ تخم انگن ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز نار جیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز بادام ہر ایک ۲ چھٹانک۔ آرد موچرس۔ آرد سنگھاڑہ۔ آرد دال ماش۔ آرد گوند ببول۔ مغز تخم کونچ۔ نشاستہ۔ شہد ہر ایک پاؤ سیر۔ گھی آدھ سیر دودھ اور مصری اڑھائی سیر۔ ورق نقرہ و ورق طلاء بقدر ضرورت تمام کو کوٹ چھان کر گھی دودھ اور شکر کے قوام میں ملا کر حلوا تیار کریں۔

حمول

حمول۔ (سپازیٹری) کپڑے کو دوا میں لت کر کے فرج یا دبر میں رکھنے کو عربی میں حمول اور انگریزی میں سپازیٹری کہتے ہیں۔

حمول استسقاء۔ استسقاء طبلی میں اخراج ریاح کے واسطے بہت مفید ہے۔

استعمال۔ روئی کو دواؤں سے لت کر کے مقعد میں رکھیں۔

نسخہ۔ بورہ ارمنی۔ سداب ہر ایک تین ماشہ۔ شہد خالص بقدر ضرورت دواؤں کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر استعمال کریں۔

حمول بواسیر۔ بواسیر کے درد کو فوراً روکتا ہے۔ نیز درد رحم (جو بوجہ ورم یا صلابت کے ہو) تسکین دیتا ہے نہایت مفید و مستعمل ہے۔

استعمال۔ حسب دستور مقعد یا فرج میں رکھیں۔

نسخہ۔ چربی بط۔ بابونہ۔ افیون۔ موم سفید ہر ایک چھ ماشہ۔ باریک پیس کر کپڑے میں لت کر کے استعمال کریں۔

حمول محلل۔ رحم کے ریاح کو تحلیل کرنے میں بے حد مفید و سریع التاثیر ہے
استعمال۔ بدستور
نسخہ۔ بادیان۔ انیسون۔ تخم کرفس۔ برگ سداب۔ معتر ہرایک تین ماشہ شہد خالص ایک تولہ۔ شہد کو گرم کر کے ادویہ کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر چھوہارہ کی گٹھلی کے برابر شافہ بنا کر استعمال کریں۔ یا روئی کہنہ کو ادویہ میں لت کر کے رکھیں۔
حمول منقی۔ رحم کو رطوبت سے پاک کر دیتا ہے۔ نہایت فائدہ مند و مجرب ہے۔
استعمال۔ حسب معمول
نسخہ۔ صبر زرد۔ بوِنگ کابلی۔ تخم شبت ہر ایک دو ماشہ۔ سنائے مکی۔ نمک سنگ۔ کف دریا ہر ایک ا ماشہ۔ باریک پیس کر شہد خالص میں ملا کر روئی کہنہ میں لت کر کے رکھیں۔

باب الخاء خمیرہ جات

خیسانده۔ دیکھو نقوع۔

خمیرہ۔ معجون ہی کی قسم سے ایک مرکب ہے اس میں اور معجون میں صرف اتنا فرق ہے کہ اس کا قوام بہ نسبت معجون کے کسی قدر پتلا ہوتا ہے۔ اور شیرینی زیادہ پڑتی ہے۔

خمیرہ ابریشم بارد۔ تقویت قلب و دماغ کے لئے نہایت مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ عرق بید سادہ۔ شربت نیلوفر ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ابریشم خام ۳۷ تولہ۔ رب سیب شیریں۔ آب سیب شیریں ہر ایک ۸ تولہ عنبر اشہب ۶ ماشہ۔ مشک تین ماشہ۔ طباشیر۔ مروارید ناسفتہ ہر ایک ایک تولہ کہربائے شمعی۔ بسد احمر۔ گل سرخ۔ صندل سفید ہر ایک ۸ ماشہ۔ ابریشم خام کو چاندی اور سونے سے دو مرتبہ تاب دیئے ہوئے پانی میں ایک رات دن تر رکھیں اور عرق گاؤزبان ۳۰ تولہ۔ عرق بید مشک۔ عرق گلاب ہر دو قدرے اضافہ کر کے جوش دیں۔ اور رب سیب شیریں اور آب سیب و قند سفید اضافہ کر کے قوام پر لے آئیں۔ اور آخر قوام میں مشک و عنبر ملا دیں پھر کہربا طباشیر و مروارید کو سرمہ کی طرح باریک کر کے اور بقیہ کو خوب باریک کوٹ کر شامل کر دیں۔

خمیرہ ابریشم سادہ۔ گھبراہٹ۔ پریشانی اور خفقان کو دور کرتا ہے۔ بینائی کو قوت دیتا ہے اور دل و دماغ کو تقویت بخشتا ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ ابریشم مقرض ۳۲ تولہ۔ عود غرق ۴ ماشہ۔ بالچھڑ۔ پوست ترنج۔ مصطگی لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ساذج ہندی ہر ایک ۵ ماشہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ عرق گاؤ زبان۔ عرق گلاب۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں۔ اب انار شیریں ہر ایک ۱۴ تولہ آب باراں ۲ سیر۔ شہد پاؤ سیر۔ قند تین پاؤ۔ حسب معمول خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا۔ خفقان کو دور کرتا ہے۔ اور اعضاء رئیسہ کو تقویت بخشتا ہے۔ برے خیالات۔ گرم نزلات اور سوداوی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ۲ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ۔ عرق گذر ۵ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ ابریشم مقرض ۳۲ تولہ عود غرق ۴ ماشہ۔ بالچھڑ۔ پوست ترنج۔ مصطگی لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ساذج ہندی ہر ایک ۵ ماشہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق بید مشک۔ عرق گلاب۔ آب سیب شیریں۔ آب انار شیریں۔ آب بہی شیریں ہر ایک ۱۴ تولہ۔ آب باراں ۲ سیر۔ شہد خالص پاؤ سیر۔ قند سفید تین پاؤ عنبرا شہب ۶ ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ۔ یاقوت رمانی یشب سفید ہر ایک ۹ ماشہ۔ کہربا شمعی۔ مرجان ہر ایک ۶ ماشہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ زعفران ۵ ماشہ۔ حسب معمول خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا۔ نگاہ کو تیز کرتا ہے۔ معدہ کو قوت دیتا ہے حافظہ بڑھاتا ہے۔ سل اور دق کو زائل کرتا ہے۔ مالیخولیا مراقی۔ خفقان اور خشک کھانسی میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ ابریشم خام ۱۴ تولہ۔ رب سیب شیریں۔ رب بہی شیریں۔ رب سیب ترش۔ رب انار شیریں۔ رب انار ترش۔ رب انگور شیریں۔ شیرہ عناب۔ شیرہ گاؤزبان۔ شیرہ صندل ہر ایک ۲ تولہ۔ عرق گلاب۔ شکر سفید ہر ایک ۱۵ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ مشک تبتی۔ عنبرا شہب ہر ایک ۴ ماشہ۔ ابریشم کو تین دن پانی میں بھگو کر جوش دیں

پانی جل جانے پر مل چھان کر ربوب میں قوام کر کے خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ ابریشم عود مصطگی والا۔ معدہ اور دل و دماغ نیز جگر کو قوت دیتا ہے بادی بواسیر کو زائل کرتا ہے۔ برے خیال اور مراق میں بالخصوص مفید ہے۔
استعمال۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک علی الصباح ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں
نسخہ۔ عود مصطگی۔ مشک ہر ایک ۲ ماشہ۔ یاقوت کہربا۔ مرجان۔ یشب ہر ایک ۵ ماشہ۔ مروارید۔ عنبراشہب ہر ایک ۹ ماشہ۔ برگ باد نجبویہ۔ برگ فرنجمشک ہر ایک ۷ تولہ۔ ابریشم خام ۳۴ تولہ۔ نبات سفید ایک سیر حسب معمول خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ اسطوخودوس۔ دماغی تنقیہ اور فالج لقوہ اور دیگر عصبی بیماریوں میں بہت مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل اسطوخودوس ایک تولہ۔ گل گاؤزبان۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ۶ ماشہ ورق نقرہ ۱۰ عدد۔ عنبراشہب ۳ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ آملہ۔ معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا اور دستوں کو بند کرتا ہے
استعمال۔ ۱ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آملہ ۱۷ ماشہ مصطگی رومی۔ الائچی۔ دار چینی۔ طباشیر سفید۔ زرشک ہر ایک ۲ ماشہ۔ مصری پاؤ سیر۔ دودھ آدھ سیر۔ آملہ کو تین روز تک دودھ میں تر رکھیں۔ بعد تین روز کے صاف کر کے مصری کے قوام میں دیگر دواؤں کے ساتھ خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ بنفشہ۔ دماغ کی خشکی اور قبض کو دور کرتا ہے۔ اور صفرا کو خارج کرتا ہے۔ نمونیا اور پسلی کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ عرق گذر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل بنفشہ ۱۰ تولہ۔ شکر سفید ایک سیر حسب معمول خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ خشخاش۔ کھانسی کو زائل کرتا ہے۔ کھنگار میں خون آنے کو روکتا ہے۔ گرم نزلہ کو دور کرتا ہے۔ اور سر کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ حیض کی زیادتی کو روکتا ہے اور گرم بخاروں میں مفید ہے۔
استعمال۔ علی الصباح نہار منہ ۷ سے ۱۲ ماشہ تک عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ اور خونی کھنگار کی حالت میں سنگجراحت ۱ ماشہ چھڑک کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ کوکنار ۱۰۰ عدد۔ قند ایک سیر۔ کوکنار کو رات کے وقت پانی میں بھگوئیں صبح جوش دے کر اور مل کر چھان کر شکر کا قوام کر کے خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ خس۔ دل اور جگر کی تقویت نیز خفقان گرم میں خصوصیت سے مفید ہے
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ خس ہندی ۵ تولہ ۔ عرق خس ایک سیر۔ شکر سفید آدھ سیر عطر خس قدر ضرورت خس کو عرق خس میں رات بھر تر رکھیں۔ صبح خوب جوش دے کر جب نصف رہ جائے تو صاف کر کے شکر سفید ملا کر قوام پر لے آئیں۔ اور آخر قوام میں عطر خس اضافہ کر کے خمیرہ تیار کریں۔
فائدہ۔ دق کے لئے انہی اجزاء میں ۲ ماشہ کافور کا اضافہ کر دینا نہایت مناسب ہے اسی طرح مرض اسہال میں طباشیر سفید ۲ ماشہ اس نسخہ میں شامل کر دینا مفید ہے۔

خمیرہ زہر مہرہ۔ اختلاج قلب کو دور کرتا ہے۔ اور دل کو قوت بخشتا ہے تقویت دل میں بالخصوص مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ شکر سفید پاؤ سیر۔ عرق کیوڑہ حسب ضرورت ۔ زہر مہرہ ایک تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ عرق کیوڑہ میں شکر کا قوام کر کے زہر مہرہ (گلاب میں گھسا ہوا) اور طباشیر آخر قوام میں شامل کر کے خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ زمرد۔ سوداوی خفقان کو زائل کرنے اور دل کی قوت بڑھانے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زمرد سائیدہ ۲ تولہ۔ لاجورد مغسول۔ بہمن سفید۔ ابریشم مقرض۔ گاؤزبان گیلانی ہر ایک ۳ ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک چار ماشہ عنبر اشہب ۴ ماشہ۔ گلاب بید مشک۔

آب انار شیریں ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ مصری آدھ سیر۔ شہد خالص ۷ تولہ شربت سیب ۸ تولہ۔
بدستور خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ صندل سادہ۔ اندرونی گرمی کو تسکین دیتا ہے۔ پیاس کو زائل کرتا ہے۔ فرحت بخش ہے۔ اور دل کو قوت دیتا ہے۔ نیز اختلاج قلب کو دور کرتا ہے خفقان حار میں معمول ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ یا عرق گنزر ۷ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ صندل سفید ۸ تولہ۔ عرق گلاب آدھ سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ حسب معمول خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ صندل ترش ورق طلا والا۔ قے صفراوی کو دور کرتا ہے۔ خفقان گرم کو زائل کرتا ہے۔ دل کی کمزوری اور سور مزاج حار نیز تپ و اسہال میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ صندل سفید ۹ تولہ۔ کشنیز خشک ۲ تولہ۔ آب انگور ۳۰ تولہ۔ سرکہ خالص ۳ تولہ۔ عرق گلاب ۷ ۳ تولہ۔ طباشیر ۳ تولہ۔ عرق بید مشک ۳ تولہ۔ مروارید یشب۔ عنبر۔ زعفران ہر ایک ۴ تولہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ۲ ماشہ۔ شکر سفید ایک سیر۔ صندل اور دھنیا کو سرکہ و عرقیات میں تر کر کے صبح جوش دیں اور شکر ملا کر قوام پر لائیں۔ آخر قوام میں دوائیں مذکورہ ملا کر خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ صندل کافوری۔ جگر اور معدہ کی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ دل کی گرمی کو بجھاتا ہے۔ تپ محرقہ۔ تپ دق اور خفقان حار میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ تخم خرفہ مقشر عرق بید مشک استعمال کریں۔
نسخہ۔ صندل ۷ تولہ۔ گلاب و عرق بید مشک۔ عرق نیلوفر ہر ایک ۱۷ تولہ۔ آب بہی شیریں۔ آب بہی ترش ہر ایک ۳۵ تولہ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ صندل سفید۔ طباشیر سفید ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی ہر ایک ۷ ماشہ کافور قیصوری ۲ ماشہ۔ بدستور معروف خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ عود ترش۔ ہاضمہ بڑھاتا ہے۔ متلی اور قے کو روکتا ہے۔ اور اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ طبیعت کو فرحت دیتا ہے۔ خفقان۔ جنون اور ابتدائے استسقا میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ عود قماری ۵ ماشہ۔ صندل سفید ۳ ماشہ۔ گل سرخ۔ مصطگی۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ بالچھڑ اسارون۔ بسباسہ۔ سازج ہندی ہر یک ۱ ماشہ۔ مشک خالص عنبرا شہب ورق طلاء ہر ایک ۴ رتی شربت سیب شیریں۔ شربت سیب ترش۔ شربت انار شیریں۔ شربت انار ترش ہر ایک ۶ تولہ۔ بدستور معروف خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ گاؤ زبان سادہ۔ بینائی کو فائدہ دیتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے دل اور دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ اور گھبراہٹ و پریشانی کو زائل کرتا ہے۔

استعمال۔ ۱ تولہ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ گاؤ زبان ۴ تولہ۔ گل گاؤ زبان۔ کشنیز خشک مقشر۔ ابریشم مقرض بہمن سرخ بہمن سفید۔ صندل سفید۔ تخم بالنگو۔ فرنجمشک۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۱ تولہ۔ شکر ۱ سیر شہد پاؤ سیر۔ حسب معمول خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ گاؤ زبان عنبری۔ حافظہ کو قوی کرتا ہے۔ نگاہ کو تیز کرتا ہے۔ دل اور دماغ کو قوت بخشتا ہے اور اختلاج قلب (دل کی دھڑکن) کو زائل کرتا ہے۔ دماغی کمزوری میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ۔ گاؤزبان ۳ تولہ ۔ گل گاؤ زبان۔ ابریشم مقرض۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ بادر نجبویہ۔ اسطوخودوس۔ تخم بالنگو۔ تخم فرنجمشک۔ تودری سرخ۔ تودری سفید ہر ایک ۱ تولہ عنبر ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ قند سفید ۱ سیر شہد پاؤ سیر حسب معمول خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا۔ فرحت بخشتا ہے۔ تکان کو زائل کرتا ہے۔ حافظہ بڑھاتا ہے۔ بصارت کو تیز کرتا ہے۔ دل و دماغ کے لئے عجیب الاثر ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ خمیرہ گاؤ زبان عنبری ورق طلاء والا میں مروارید۔ یاقوت۔ زمرد کہربا یشب ہر ایک ۳

ماشہ اضافہ کریں۔

خمیرہ گاؤ زبان عنبری جدوار عود صلیب والا۔ فالج۔ مرگی۔ لقوہ۔ اختناق الرحم اور دیگر دماغی سرد بیماریوں میں مفید ہے۔ تقویت اعصاب میں بالخصوص فائدہ مند ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا میں جدوار۔ عود صلیب ہر ایک ۱ تولہ زیادہ کریں

خمیرہ مروارید۔ حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ خفقان اور پریشانی کو زائل کرتا ہے اور دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ نیز موتی جھرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ زہر مہرہ۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۲ تولہ۔ مروارید ناسفتہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید تودری سرخ۔ تخم بادر نجبویہ۔ زعفران۔ عنبرا شہب۔ مشک ہر ایک ۱ تولہ۔ گل گاؤزبان خرفہ مقشر ہر ایک ۱۰ تولہ۔ عرق بید مشک۔ گلاب ہر ایک ۱ سیر شکر سفید ۲ سیر حسب دستور تیار کریں۔

خمیرہ مروارید بہ نسخہ دیگر۔ کہربا۔ بنسلوچن۔ یشب۔ زہر مہرہ۔ صندل سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ مروارید ۵ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ شربت سیب۔ شربت انار۔ شربت بہی ہر ایک ۶ تولہ۔ شکر سفید ۱۵ تولہ۔ بدستور معلوم خمیرہ تیار کریں اور بقدر سابق استعمال کریں۔

خمیرہ مروارید نسخہ کلاں۔ دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ نقاہت و کمزوری کو جو زیادہ دست یا خون کھل جانے سے ہو زائل کرتا ہے۔ چیچک اور موتی جھرہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق گذر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ مروارید ۱ تولہ۔ یشب کہربا۔ صندل سفید۔ طباشیر ہر ایک ۶ ماشہ رب انار۔ رب سیب۔ رب بہی ہر ایک ۵ تولہ۔ عرق کیوڑہ۔ حسب ضرورت قند سفید پاؤ سیر۔ شہد خالص ۵ تولہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ ورق طلاء ۲ ماشہ بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ مروارید دیگر۔ تقویت قلب و دماغ میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ عرق بید سادہ ۶ تولہ عرق گلاب ۳ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ابریشم۔ گل گاؤزبان۔ عودقماری۔ مرجان۔ صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ مصطگی۔ کہربائے شمعی ہر ایک چار ماشہ۔ مروارید۔ یاقوت۔ زہر مہرہ بہ گلاب۔ سائیدہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق بید مشک۔ گلاب۔ نبات سفید ہر ایک پاؤ سیر شربت سیب شیریں آٹھ تولہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ بطریق معروف خمیرہ تیار کرکے محفوظ رکھیں۔

خمیرہ ممسک۔ امساک لاتا ہے اور بالخصوص سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ جماع سے دو گھنٹہ قبل گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست خشخاش ۱۷ تولہ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ سونٹھ ۵ تولہ۔ جوزبوا مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ زعفران گلنار فارسی ہر ایک ۲ ماشہ پوست خشخاش کو جوکوب کرکے آب آہنگراں میں جوش دیں۔ جب نصف یا کچھ زائد پانی رہ جائے تو مل چھان کر شکر ڈال کر خمیرہ کا قوام کرکے آگ پر سے اتار کر دیگر دوائیں کوٹ چھان کر شامل کرلیں۔

خمیرہ یاقوت۔ سوداوی خفقان۔ اختلاف اور مالیخولیا کو دور کرتا ہے۔ رنج و فکر پریشانی اور خیالات فاسد کو زائل کرتا ہے۔ تقویت دل میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۷ تولہ عرق گذر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق صندل ۱۹ تولہ۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں آب امرود۔ گلاب عرق بید مشک ہر ایک ۳۷ تولہ۔ قند سفید ۲ سیر۔ یاقوت رمانی ۲ تولہ۔ لاجورد مغسول۔ زہر مہرہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ عنبراشہب ۵ ماشہ۔ بدستور معروف خمیرہ تیار کریں۔
بنسخہ دیگر۔ آب انار شیریں۔ آب امرود۔ آب بہی شیریں۔ ہر ایک ۳ تولہ شکر آدھ سیر۔ گلاب عرق بید مشک عرق گاؤزبان ہر ایک ۳۷ تولہ۔ مشک ۳ ماشہ کافور

تیموری۔ عنبر اشہب۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ یاقوت رمانی ۳ تولہ بدستور معروف خمیرہ تیار کریں۔ اور بمقدار سابق استعمال کریں۔

باب الدال

دبید ایرسا۔ معدہ کی اصلاح کرتا ہے۔ اور استسقائے زقی کے زائل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق کاسنی ۶ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ ایرسا (بیخ بنفشہ) ۶ تولہ۔ فلفل سیاہ ۵ تولہ۔ زنجبیل۔ انجدان ہر ایک ۴ تولہ انیسون۔ مصطگی۔ بادیان ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ اجوائن دیسی۔ تخم کرفس ہر ایک ۲۵ ماشہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں ملائیں۔

دبید الورد۔ جگر کی تقویت اور استسقاء کے ازالہ میں خصوصیت سے مفید ہے

استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق کاسنی ۶ تولہ۔ عرق مکوہ ۶ تولہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ بالچھڑ۔ مصطگی۔ زعفران۔ طباشیر۔ دار چینی۔ اذخر۔ اسارون۔ قسط شیریں۔ غافث۔ تخم کشوث۔ مجیٹھ۔ لک مغسول۔ تخم کاسنی۔ تخم کرفس۔ زراوند طویل۔ عود بلسان۔ حب بلسان۔ عود غرقی۔ ریوند چینی۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۳ ماشہ۔ گل سرخ برابر وزن ادویہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب دستور معجون تیار کریں۔

دواء الاربعہ۔ جوڑوں کے درد میں مفید و مجرب ہے۔

استعمال۔ شروع موسم سرما سے آخر موسم سرما تک ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیاں ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ منڈی۔ گکروندہ۔ پکھان بید۔ تخم سداب ہر ایک ۴ ماشہ۔ روزانہ تمام دواؤں کو اسی قدر مقدار میں لے کر شہد میں ملا کر تیار کریں۔

دوا بواسیر۔ خونی بواسیر کو روکنے کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ علی الصباح ۶ ماشہ ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ۔ سعد کوفی۔ بالچھڑ۔ لونگ۔ جوزبوا۔ حب الرشاد۔ گلنار۔ طراثیث ہر ایک ۷ ماشہ۔ خبث الحدید ۶ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ حب الاس۔ گل سرخ ہر ایک ۳ ماشہ۔ میتھی ۱ تولہ۔ تخم

گندنا۔ گوگل۔ کشمش۔ سبز ہر ایک ۳ تولہ۔ شہد حسب ضرورت تمام دواؤں کو پیس کر اور گوگل، آب گندنا میں حل کر کے شہد میں ملا کر تیار کریں۔

دواء البیض۔ قوت باہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ زردی اور سپیدی بیضہ کو دودھ کے ساتھ کھائیں۔
نسخہ۔ بیضہ مرغ۔ پارہ ا تولہ۔ انڈے میں مسور کے برابر سوراخ کر کے پارہ بھر دیں اور سوراخ کو ارد کے آٹے سے بند کر کے بھوبل میں دبا دیں۔ پک جانے پر انڈے کو توڑ کر پارہ نکال لیں اور سفید اور زردی کو علیحدہ کر لیں۔
فائدہ۔ روزانہ اسی طرح پارہ کو انڈے میں بند کر کے اور پک جانے پر نکال کر زردی و سپیدی کھاتے رہیں۔ آٹھویں روز پارہ کو بدل دینا چاہئے۔ شدت کی سردی کے زمانہ میں چالیس روز تک کھائیں۔

دواء التربد۔ بلغمی بخاروں میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ روزانہ رات کو ا تولہ گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سونٹھ۔ مصطگی رومی ہر ایک ۳ تولہ۔ تربد موصوف ۶ تولہ۔ شکر طبرزد ۱۲ تولہ دوا تیار کریں۔

دواء الترنجبین۔ گرم مزاج اشخاص کی تقویت باہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ یہ دوا گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔
نسخہ۔ ترنجبین ۱۴ تولہ۔ شیر مادہ گاؤ آدھ سیر۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ ترنجبین کو دودھ میں جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو ثعلب مصری کوٹ چھان کر شامل کر لیں۔

دوا التوتیا۔ آتشک اور جذام نیز دیگر جلدی زخموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ شوربہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔لیموں کاغذی ا عدد۔ توتیا ہندی۔ گل سرخ۔ توتیا کو جلا کر راکھ کر لیں پھر لیموں کاغذی کو درمیان سے تراش کر کے توتیا کو ہر دو حصہ پر چھڑک دیں شوربا یا دال مونگ کے مصنوعی شوربا میں لیموں کے ٹکڑوں کو نچوڑیں۔ اور قدرے نمک و پیاز سے بگھار لیں۔

دواء التودریین۔ رنگ نکھارتی ہے۔ چہرہ سرخ کرتی ہے۔
آواز کھولتی ہے۔ فربہی لاتی اور قوت بڑھاتی ہے۔
استعمال۔ ۱ تولہ ہمراہ گائے کے دودھ کے استعمال کریں۔
نسخہ۔ تودری سرخ۔ تودری زرد ہر ایک ۵ ماشہ۔ شیر گاؤ ڈیڑھ پاؤ۔ بہمن
سرخ۔ خولنجان۔ سونٹھ۔ دار چینی ہر ایک ۴ رتی۔ مصری ۳۵ ماشہ۔ حسب
معمول دواء بنائیں (مجربہ علویخاں)

دواء الثوم۔ چوتھیہ میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ نوبت آنے سے پہلے تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ لہسن ۲ ماشہ۔ قسط۔ مغز جوز۔ ہر دو ۹ ماشہ تمام کو کوٹ کر شامل کر کے
ایک خوراک بنالیں۔

دوائے جالینوس۔ دیوانہ کتے کے کاٹے میں معمول و مفید ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام کو تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سرطاق محرق ۲ تولہ۔ کندر ۱ تولہ۔ مصری ۲ تولہ حسب دستور دوا تیار
کریں۔

دواء جریان خاص۔ جریان میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ سے ۴ چاول بالائی میں رکھ کر کھائیں۔
نسخہ۔ سیماب مدبر ۶ ماشہ۔ قلعی ۱ تولہ۔ میٹھا تیلیا مدبر ۳ ماشہ۔ مرچ سفید
دکھنی ۲ تولہ قلعی کو پگھلا کر پارہ ملائیں۔ اور خوب کھرل کریں۔ دیگر دواؤں کو
جداگانہ پیس کر اس میں ملا کر کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

دوائے چھاجن۔ چھاجن میں بہت مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ ادویہ کو جوش دے کر ہاتھ کو بخارات پہنچائیں۔
نسخہ۔ پوست نیم ۴ ماشہ۔ تومری ایک عدد دونوں کو کوٹ کر ۴ سیر پانی میں
جوش دیں کہ نصف باقی رہ جائے۔ فائدہ۔ گاہے کا پھل بھی اضافہ کیا جاتا
ہے۔

دواء الحرمل۔ جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔

نسخہ۔ ہزار اسپند۔ تخم ترب۔ ہینگ۔ مرکی۔ بورا ارمنی۔ نوشادر ہر ایک مساوی وزن بدستور تیار کریں۔

دواء الحلتیت۔ بخار نیز زہریلے جانوروں کے کاٹنے میں مفید ہے۔

استعمال۔ چوتھیا میں سکنجبین کے ہمراہ اور زہریلے جانوروں کے کاٹنے میں شراب کے ساتھ ۶ ماشہ کی مقدار میں استعمال کریں۔

نسخہ۔ ہینگ۔ سداب۔ مرسیاہ مرچ ہر ایک مساوی وزن۔ بدستور دوا تیار کریں۔ اور چالیس روز کے بعد استعمال کریں۔

دواء الخسک۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ علی الصباح نہار منہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ خسک بقدر ضرورت آب خسک حسب حاجت دودھ پاؤ سیر مصری ۳۵ تولہ۔ خسک خشک کو کوٹ کر آب خسک میں تین روز تر رکھیں۔ اور خشک کر لیں اور مصری دودھ میں شامل کر لیں۔ مندرجہ بالا صرف ایک خوراک کا وزن ہے سرد مزاج اشخاص میں سونٹھ یا عاقر قرحا وغیرہ کا اضافہ بہتر ہے۔

دوائے خنازیر۔ خنازیر و دیگر اورام صلبہ میں مفید ہے۔

استعمال۔ دوا کو باریک کر کے مرہم داخلیون میں ملا کر خنازیر یا اورام پر ضماد کریں۔

نسخہ۔ بیخ سوسن آسمان گوں چھ ماشہ۔ مرہم داخلیون ایک تولہ۔

دوائے دراج۔ پرانی پیچش اور دستوں میں مفید و مجرب ہے۔

استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ مربائے بیلگری استعمال کریں۔

نسخہ۔ تیتر۔ ساق انار دانہ ہر دو مساوی وزن۔ تیتر ذبح کر کے پیٹ کی آلائش نکال دیں اور دوائیں مذکورہ پیٹ میں رکھ کر پیٹ کو بند کر کے اور گل حکمت کر کے تنور میں دبا دیں۔ جب وہ جل کر کوئلہ بن جائے تو نکال کر نان گندم سوختہ ہم وزن ملا کر سفوف تیار کریں (مجوزہ حکیم علی گیلانی)

دوائے دق الاطفال۔ بچوں کی دق یعنی مرض سوکھا کو دور کرنے میں مفید و معمول ہے۔

استعمال۔ ا ماشہ ماں کے دودھ میں حل کر کے پلائیں۔

نسخہ۔ خاکسی مصفی ۱۰ تولہ شیر بز ڈیڑھ سیر۔ خاکسی کو دودھ میں جوش دیں اور کپڑے میں چھان کر خاکسی کو سایہ میں خشک کریں۔ اور دوبارہ اسی طرح اسی قدر دودھ میں جوش دے کر پھر چھان کر خشک کریں۔ اور پھر تیسری مرتبہ اسی طرح جوش دے کر خشک کر لیں۔

دوائے دمامیل۔ دمل و اورام میں بہت مفید ہے۔

استعمال۔ دواؤں کو چنبیلی کے تیل میں ملا کر ضماد کریں۔

نسخہ۔ میعہ سائلہ ۴ ماشہ۔ تخم کتان۔ تخم حلبہ ہر ایک دس ماشہ۔ موم سفید بیس ماشہ۔ سب کو باریک کر کے روغن چنبیلی میں ملا کر ضماد کریں۔

دوائے زبان حامض۔ خصیہ اور عضو مخصوص نیز تمام بدن کی خارش میں مفید ہے۔

استعمال۔ بدن پر نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ انار ترش ا عدد۔ سرکہ انگوری حسب ضرورت۔ کبریت زرد۔ پوست ہلیلہ زرد۔ توتیائے کرمانی۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز خیارین۔ مغز تخم کدو۔ تخم پنواڑ پوست کدو سوختہ۔ رسوت ہر ایک ۴ ماشہ۔ روغن بقدر حاجت۔ انار کو سرکہ انگوری میں ڈال کر تانبے کے بغیر قلعی کے برتن میں پکائیں۔ جب خوب پک جائے تو ہاون دستہ میں ڈال کر اور دیگر دواؤں کو ملا کر کوٹ کر روغن گل شامل کر کے بطور مرہم تیار کریں۔

دوائے اسہال لسجح۔ پیچش اور مروڑ میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ صمغ عربی۔ گل قبرسی ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ اقاقیا۔ ریشہ برگد۔ کہرباء۔ بسد مروارید ہر ایک تین ماشہ۔ تخم حماض ۵ ماشہ۔ تخم خرفہ بریان ۷ ماشہ۔ بدستور سفوف تیار کریں۔

دوائے سرخباده۔ سرخباده میں معمول و مفید ہے۔
استعمال۔ علی الصباح جوشاندہ استعمال کریں۔ لیکن بہتر ہے کہ عورت ایام حیض میں شروع کرے۔ تاکہ بچہ اس مرض سے محفوظ رہے۔
نسخہ۔ عناب ۷ دانہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ شاہترہ ۷ ماشہ۔ برگ حنا۔ گل سرخ ہر ایک ۳ ماشہ۔ پوست درخت کچنال ۴ ماشہ۔ برم ڈنڈی نیلکنٹھی ہر ایک ۳ ماشہ۔ سرپھوکہ ۵ ماشہ۔ منڈی ۴ ماشہ۔ شکر سفید ۲ تولہ سب کو پانی میں جوش دے کر جوشاندہ تیار کریں۔

دوائے سوزاک۔ نئے اور پرانے سوزاک میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۱ ماشہ دوا شربت بزوری ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گندھک ۱ تولہ۔ شورہ قلمی ۱ تولہ۔ بھنگڑی بریان ایک تولہ گندھک اور شورہ کو پیس کر لوہے کی کڑاہی میں ڈالیں۔ اور اوپر سے دوسری کڑاہی ڈھک کر گل حکمت کر کے چولھے پر رکھ کر نرم آنچ کریں۔ جب وہ جل کر مثل میدہ کے ہو جائے اتار کر بھنگڑی بریاں ملا لیں۔

دوائے سیاہ۔ سودا کو بذریعہ اسہال خارج کرتی ہے۔ آتشکی مادہ کو نکالتی ہے۔ آتشک کے لئے آزمودہ و مجرب ہے۔
استعمال۔ ۳ سرخ قدرے دودھ میں حل کر کے پی لیں۔ اوپر سے آدھ سیر دودھ پی لیں۔
نسخہ۔ پارہ۔ گندھک ہر ایک مساوی الوزن۔ مغز حب السلاطین مدبر دو چند وزن گندھک۔ سنگ بھری برابر وزن گندھک۔ پارہ اور گندھک کی کجلی کریں۔ یعنی کھرل میں خوب باریک پیس لیں اور پھر مغز حب السلاطین کو شامل کر کے دوبارہ پیسیں۔ اسی طرح سنگ بھری کو شامل کر کے پیسیں۔ جب سنگ بھری کسی قدر باریک ہو جائے تو مٹی کے نئے پیالہ میں دوا رکھ کر کھرل کو دھو کر پانی کو خشک کر دیں اور سایہ میں خشک کر کے محفوظ رکھیں۔ دوران استعمال میں دودھ چاول استعمال کریں۔

دوا سیاہ پیچش۔ دموی اور سدی پیچش میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ زلال برنج ساٹھی ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱۰ تولہ۔ شکر سفید ۱۰ تولہ۔ ہلیلہ کو گھی سے چرب کر کے کوٹ چھان لیں اور شکر ملا کر سفوف بنا لیں۔

دواء سیاہ جریان۔ جریان میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ دو چاول ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ سیسہ حسب ضرورت ۔ شکر قدر قلیل۔ سیسہ کو لوہے کی کڑاہی میں پگھلا کر سانجنہ کی لکڑی سے چلائیں۔ اور کچی شکر چھڑک دیں۔ خاک ہو جانے پر نکال کر نگاہ رکھیں۔

دوائے طحال۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرنے میں بالخصوص مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ چاول بتاشہ میں رکھ کر حلق میں چھوڑ لیں۔ اور اوپر سے بکری کا دودھ پی لیں۔
نسخہ۔ بھنگرہ۔ سجی۔ توتیا سبز ہر ایک ا تولہ۔ عرق گاؤزبان پانی ہر ایک ایک سیر۔ دواؤں کو تانبے کے برتن میں ڈال کر پانی اور عرق سے تر رکھیں پھر جوش دے کر خشک کر لیں۔

دوائے غذائی۔ تقویت باہ اور تولید منی میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ علی الصباح ۶ تولہ گائے کے دودھ ڈیڑھ پاؤ کے ساتھ استعمال کر لیں۔

دوائے غذائی۔ تقویت باہ اور تولید منی میں مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصباح ۶ تولہ گائے کے دودھ ڈیڑھ پاؤ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سویق گندم (گیہوں کا ستو) ا سیر۔ شکر سفید ا سیر۔ مغاث بغدادی بہمن سفید۔ جوز گندم۔ نرکچور۔ کتیرا۔ تخم خشخاش۔ کہربا ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ روغن زرد حسب ضرورت ستو کو گھی میں بھون کر شکر کے ساتھ ملا کر حلوا تیار کریں۔ اور اخر تیاری میں دوائیں مذکورہ کوٹ کر چھان کر شامل کر لیں۔

دواء قشر بیض۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑنے میں مجرب ہے

استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۳ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست بیضہ مرغ۔ کانچ شامی۔ نانخواہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ صمغ آلو ۷ ماشہ پوست بیضہ اور کانچ کو جلا کر دیگر دواؤں کو شامل کر کے سفوف تیار کریں (مجربہ انطاکی)

دوائے قوئی اربعہ۔ بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ قبض کو رفع کرتی ہے۔ معدہ اور آنتوں کو قوت دینے میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ۔ غذا سے پہلے یا غذا کے بعد استعمال کریں۔
نسخہ۔ انار دانہ ۱۸ تولہ۔ سونٹھ۔ زیرہ سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ تربد سفید زیرہ سیاہ تخم جرجیر۔ پوست ہلیلہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نمک سنگ ہر ایک ۳ تولہ۔ بدستور دوا تیار کریں۔

دواء الکبریت۔ سرد مزاج اشخاص کے معدہ اور آنتوں کو قوت بخشنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بالچھڑ۔ قسط تج۔ مصطگی۔ حب الغار۔ سونٹھ۔ لونگ۔ بسباسہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ زراوند طویل۔ فلفل سیاہ۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ نانخواہ ۔ اسارون زیرہ کرمانی۔ قنطوریون۔ کبریت زرد۔ انجدان (بیخ درخت ہینگ) پودینہ دشتی پودینہ خشک۔ تخم انجرہ۔ کندر ہر ایک ۲ تولہ۔ عود ہندی۔ فلفل سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ زعفران ۷ ماشہ۔ مشک تبتی۔ افیون ہر ایک ۴ ماشہ۔ شہد حسب ضرورت حسب معمول بطور معجون تیار کریں۔

بنسخہ دیگر۔ گندھک مصفی ایک تولہ۔ بالچھڑ۔ قسط۔ تج۔ مصطگی۔ سونٹھ لونگ۔ بسباسہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ سیاہ مرچ۔ کرفس۔ انیسون۔ اجوائن دیسی۔ زیرہ سیاہ۔ پودینہ جنگلی ہر ایک ۹ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں اور بدستور سابق کام میں لائیں۔ نیز ہر دو نسخہ جات کو تیاری کے چھ مہینہ بعد استعمال کرنا مناسب ہے

دواء الکرکم صغیر۔ جگر اور تلی کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ استسقاء میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ سے ۷ ماشہ تک ہمراہ عرق مکوہ عرق کاسنی ۶ تولہ۔ شربت دینار ۴ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ زعفران۔ تج۔ بالچھڑ ہر ایک ۷ ماشہ۔ فقاح اذخر (اذخر کی کلی) مرکی قسط۔ دار چینی ہر ایک ۴ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ۲۴ گھنٹہ شراب میں تر رکھیں اور شہد کے قوام میں معجون تیار کریں۔

دواء الکرکم کبیر۔ سدہ کھولتی ہے۔ مثانہ اور گردوں کو قوت بخشتی ہے جگر کے ورم کو تحلیل کرتی ہے اور استسقاء کو زائل کرتی ہے۔ تلی اور جگر کی سرد بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم مکوہ کاسنی والا ۵ تولہ۔ شربت دینار ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ زعفران ۴ تولہ ۔ بالچھڑ ۲ تولہ۔ روغن بلسان ا تولہ۔ اسارون انیسون پیپلا مول۔ ریوند چینی۔ دوقو۔ مرصاف ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ مجیٹھ ۷ ماشہ۔ قسط ۔ تج۔ فقاح اذخر۔ حب بلسان ہر ایک ۴ ماشہ۔ شہد خالص تین پاؤ بدستور سابق تیار کریں۔

دواء الکمون۔ دستوں کو بند کرنے میں مفید ہے۔

استعمال۔ بناسبت عمر ۲ سے ۵ رتی تک شربت حب الاس ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ۔ زیرہ سفید ۴ رتی غنچہ انار (انار کی کلی) ا عدد۔ برگ درخت مغیلاں تازہ ۳ رتی۔ تمام کو پانی کے ساتھ آہستہ آہستہ پیس کر تیار کریں۔

دواء الک صغیر۔ جگر اور تلی کے امراض میں مفید و معمول ہے۔

استعمال۔ ۷ ماشہ گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔

نسخہ۔ لک مغسول۔ قسط تلخ۔ فقاح اذخر۔ ترمس۔ حب الغار۔ میتھی۔ فلفل ہر ایک ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۴ تولہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ حسب معمول معجون بنائیں

دواء الک کبیر۔ جگر اور تلی کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ سدہ کھولتی ہے مثانہ اور گردہ کی پتھری توڑتی ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم مکوہ کاسنی والا ۶ تولہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ لک مغسول۔ دوقو۔ تخم کرفس کوہی۔ زیرہ کرمانی۔ زنجبیل ہر ایک ۲۸ ماشہ دار فلفل۔ زوفا خشک ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ پکھان بید۔ زراوند مدحرج ہر ایک ۳ ماشہ ایلوا۔ بابھڑ ہر ایک ۴ تولہ۔ مجیٹھ ۵ تولہ ۔ حب بلسان۔ تج مصطگی۔ گوگل چرائتہ اسارون ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ کندر ۱۴ ماشہ۔ زراوند طویل ہر ایک ۱۰ ماشہ ریوند۔ اذخر ہر ایک ۷ ماشہ ۔ فلفل۔ قسط ہر ایک ۳۵ ماشہ رب السوس ۷ تولہ انجدان رومی ۱۰ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ حسب معمول معجون تیار کریں۔

دوائے مبہی۔ تقویت باہ کے لئے بے نظیر ہے۔ منی کو زیادہ کرتی ہے۔ بدن کو قوت دیتی اور فربہ کرتی ہے۔

استعمال۔ روزانہ ایک خوراک تیار کر کے استعمال کریں۔ ترش اشیاء سے احتراز کریں۔ مقویات کا استعمال رکھیں۔

نسخہ۔ زردی و سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد۔ روغن زرد۔ آب پیاز آب گاجر شہد خالص ہر ایک ہم وزن۔ زردی سفیدی سب کو باہم ملا کر نرم آنچ پر پکا کر روزانہ استعمال کریں۔ یہ سب ایک خوراک ہے۔

دوائے مہبل۔ استقرار حمل میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۱ تولہ گھی شامل کر کے استعمال کریں۔ اسی طرح دوسرا اور تیسرا حصہ شام اور صبح کو کھائیں۔

نسخہ۔ تخم زردک۔ بادیان۔ تخم بابڑنگ۔ سونٹھ۔ نرکچور۔ انبہ ہلدی ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ۷ ماشہ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے علیحدہ علیحدہ تین حصہ کریں ایک حصہ مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر جوش دیں۔ جب دو چھٹانک رہ جائے اتار کر گڑ میں ملائیں۔

دوائے مخدر۔ جوڑوں کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ استعمال ایک گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں

نسخہ۔ تخم کاہو بزرالبنج۔ ہر ایک ۳۵ ماشہ ۔ شیطرج ہندی۔ افیون ہر ایک ۳ ماشہ۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

دوائے مسقط۔ اسقاط حمل میں عجیب الاثر ہے۔
استعمال۔ ۹ تولہ ہمراہ آب سداب استعمال کریں۔
نسخہ۔ مجیٹھ۔ تج۔ خرفہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ کنجد سیاہ۔ نخود سیاہ ہر ایک ۲ تولہ میتھی ۶ تولہ۔ خستہ خرما (چھوارہ کی گٹھلی) ۴۴ تولہ پانی میں جوش دے کر سب کو صاف کر لیں۔

دواء المسک بارد سادہ۔ فرحت بخشتی ہے۔ اور دل و دماغ کو قوت دیتی ہے۔ معدہ کی کمزوری کو زائل کرتی ہے۔ مرض استرخاء اور کزاز نیز دیگر سوداوی امراض میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ۵ تولہ عرق گاؤ زبان ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ابریشم خام مقرض۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ مغز کدو شیریں۔ گل گاؤزبان۔ مشک خالص ہر ایک ۲ ماشہ۔ کہربا ۹ ماشہ۔ رب سیب شیریں ۹ تولہ۔ قند سفید ۱۹ تولہ۔ ورق نقرہ ۴ ماشہ۔ عرق کیوڑہ ۹ تولہ۔ بدستور معروف بطور معجون تیار کریں۔

دوا المسک بارد جواہر والی۔ یہ تقویت قلب اور تفریح میں دواء المسک سادہ سے قوی ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گذر ۵ تولہ و عرق گلاب ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مذکورہ بالا اجزاء میں مروارید نا سفتہ۔ عنبر ہر ایک ۵ ماشہ اضافہ کریں۔

دواء المسک حار سادہ۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ اور رطوبتوں کو خشک کرتی ہے۔ نیز دل اور دماغ کو قوت دیتی ہے۔ مالیخولیا خفقان اور کزاز۔ فالج۔ لقوہ وغیرہ سرد امراض میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال ۵ ماشہ ہمراہ عرق گذر ۹ تولہ۔ عرق عنبر ۳ تولہ مصری ۲ تولہ ڈال کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ زرنبور۔ درونج عقربی ہر ایک ۳ تولہ۔ ابریشم مقرض ۲ تولہ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ بالچھڑ۔ ساذج ہندی۔ الائچی خورد۔ لونگ ہر ایک ایک تولہ اشنہ۔ دار فلفل۔ سونٹھ ہر ایک اتولہ۔ مشک ۷ ماشہ۔ کہرباء شمعی۔ بسد احمر ہر ایک ۳ تولہ شہد ایک سیر بطریق معجون تیار کریں۔

دواء المسک حار جواہر والی۔ یہ حار سادہ سے زیادہ مفید اور مقوی ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ عرق گذر سادہ ۴ تولہ عرق عنبر ۳ تولہ مصری ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ اجزاء مذکور میں مروارید ناسفتہ ۳ تولہ اضافہ کریں۔

دواء المسک مر۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ مرگی و خفقان سوداوی میں مفید ہے۔ نیز ہر قسم کے درد کو زائل کرتی ہے۔ معدہ کے ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ افسنتین رومی۔ صبر سقوطری ہر ایک ۴۵ ماشہ۔ بالچھڑ۔ مرمکی ہر ایک ۱۴ ماشہ ریوند چینی۔ پودینہ۔ نانخواہ۔ زعفران۔ تخم کرفس۔ ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ مشک ناروین ساذج ہندی۔ مروارید ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ جندبیدستر ۴ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول معجون تیار کریں۔

دواء المسک معتدل۔ سادہ معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ۔ عرق گذر سادہ ۴ تولہ عرق عنبر ۴ تولہ نبات سفید ۲ تولہ ڈال کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل سرخ ابریشم مقرض۔ دار چینی ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ درونج عقربی زعفران ہر ایک ۷ ماشہ عود ہندی۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۵ ماشہ ۔ مصطگی۔ اشنہ ۔ الائچی خورد ہر ایک ۴ ماشہ۔ ورق نقرہ ا ماشہ۔ زرشک ایک تولہ۔ طباشیر سفید۔ صندل سفید ۔ صندل سرخ۔ کشنیز خشک۔ گل گاؤزبان۔ آملہ منقیٰ۔ بسد تخم خرفہ مقشر ہر ایک ۱۰ ماشہ مشک تبتی ا ماشہ۔ رب سیب شیریں۔ قند سفید۔ شہد خالص ہر ایک مساوی وزن ادویہ۔ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

دوا المسک معتدل جواہر والی۔ معدہ جگر اور دل کو قوت بخشتی ہے۔ سوداوی بخارات کو تحلیل کرتی ہے۔ سوداوی خفقان اور مالیخولیائے مراقی میں بالخصوص فائدہ مند ہے۔
استعمال۔ ۳ سے ۷ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ عرق گذر ۳ تولہ عرق عنبر ۲

تولہ۔ نبات سفید ۲ تولہ ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ مندرجہ بالا معتدل سادہ کے اجزاء میں مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی ہر ایک ۴ ماشہ۔ عنبر اشہب ا ماشہ اضافہ کریں۔

دوائے معتدل۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری کو توڑ کر باہر خارج کرتی ہے۔ استعمال۔ ۸ ماشہ شربت بزوری ا تولہ میں ملا کر چٹائیں۔ اور اوپر سے تخم خبازی تخم خرپزہ۔ خارخسک ہر ایک ۵ ماشہ کا پانی میں شیرہ نکال کر پلائیں۔
نسخہ۔ حجرالیہود۔ سنگ سرماہی۔ حب القلت۔ تخم ترب ہر ایک ۲ ماشہ سب کو پیس کر رکھیں۔

دوائے مفجر۔ پھوڑے اور دنبل کو پھوڑتی ہے۔
استعمال۔ مقام ماؤف پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ چونہ قلعی آب نارسیدہ ۹ ماشہ۔ سجی ۴ ماشہ دونوں کو پانی کے ہمراہ خمیرہ کریں۔ تقویت اثر کے لئے گاہے پوست درخت پیپل ۱ ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں۔ یاد ہے کہ ضماد مذکورہ سوائے مقام ماؤف دوسرے حصہ پر نہ لگنے پائے۔

دوائے مہاسہ۔ چہرہ کے داغ چھائیں اور مہاسوں کو دور کرنے میں مفید و معمول ہے
استعمال۔ روزانہ علی الصباح چہرہ پر مل کر دو گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے دھو دیں
نسخہ۔ پوست درخت سرس۔ کنجد سیاہ ہر ایک مساوی وزن سب کو پیس کر لیپ تیار کریں۔

دیگ بردیگ۔ بواسیر مسوں کو دور کرتی ہے۔ اور کاٹ کر گراتی ہے۔
استعمال۔ ۲ رتی یا کچھ زیادہ مسوں پر چھڑکیں۔
نسخہ۔ پارہ نوشادر ہر ایک ا حصہ۔ کندر۔ زرنیخ زرد سودہ ہر ایک ۲ حصہ تمام اجزاء کو سرکہ میں تر رکھیں۔ یہاں تک کہ پارہ کشتہ ہو جائے۔ خشک ہونے پر سرد پانی سے تر رکھیں۔ اور ایک دیگ میں رکھ کر دوسری اوپر ڈھک کر نرم آنچ کریں۔ یہاں تک کہ دوا بذریعہ بخارات اوپر والی دیگ میں جم جائے۔

دیا قوزہ۔ سینہ کو صاف کرتا ہے۔ خشک کھانسی اور نزلہ میں خاص کر مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ سے ۲ ماشہ تک عرق گاؤ زبان ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ کوکنار مسلم ۲ عدد۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ بہدانہ ہر ایک ۹ ماشہ اصل السوس مقشر ۳ تولہ اسپغول مسلم ۲ تولہ شہد خالص ۲۰ تولہ۔ مصری ۴۰ تولہ۔ رب السوس۔ کتیرا صمغ عربی۔ شکر تیغال

ہر ایک ۴ ماشہ رب السوس وغیرہ کے علاوہ دواؤں کو رات کو گرم پانی میں بھگوئیں صبح جوش دیں جب نصف رہ جائے۔ تو مصری اور شہد کا قوام کر کے رب السوس وغیرہ پیس کر قوام میں شامل کریں اور ۲ تولہ ہمراہ تازہ پانی یا بغیر کسی بدرقہ کے استعمال کریں۔

باب الذال

ذرور۔ دواؤں کو خشک پیس کر زخموں وغیرہ پر چھڑکنے کو ذرور کہتے ہیں۔

ذرور ابیض۔ دانت اور مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ دانتوں پر نزلہ گرنے سے روکتا ہے۔

استعمال۔ بدستور معلوم استعمال کریں۔

نسخہ۔ عاقر قرحا۔ درج ترکی۔ کزمازج۔ سعد کوفی ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ پوست انار مازو سبز۔ پوست کندر۔ گلنار فارسی۔ گل سرخ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ سمندر جھاگ۔ نمک طبرزدی۔ شب یمانی۔ صدف سوختہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ فلفل سفید۔ مصطگی۔ عود بلسان ایک ۳ ماشہ۔ مروارید۔ بسد۔ خاکستر چینی سفید ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ فیلگوش سوختہ۔ بیخ سوسن کبود ہر ایک ۳ ماشہ۔ شاخ گوزن کوہی سوختہ۔ ۳ ماشہ۔ اشنہ ہلیلہ۔ طباشیر۔ تخم خرفہ۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ کشنیز۔ خشک بریاں۔ آرد مسور ہر ایک ۲۵ ماشہ۔ کوفتہ بیختہ۔ کافور قیصوری ۲ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر کافور شامل کر کے ذرور تیار کریں۔

ذرور اربعہ۔ زخموں سے خون رسنے کو بند کرتا ہے۔ اور جلدی بھر دیتا ہے

استعمال۔ بدستور سابق کام میں لائیں۔

نسخہ۔ کندر۔ انزروت۔ دم الاخوین۔ ہر ایک مساوی الوزن حسب معمول تیار کریں

ذرور اسود۔ مسوڑوں سے خون بہنے کو روکتا ہے۔ اور فاسد گوشت کو کاٹتا ہے۔

استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں۔

نسخہ۔ چھالیہ کہنہ۔ گلنار فارسی ہر ایک ۹ ماشہ۔ شاخ بز کوہی سوختہ ایک تولہ کاغذ خطائی سوختہ ۴ ماشہ۔ نمک شور شہد میں حل کر کے جلایا ہوا۔ سماق۔ سعد کوفی ہر ایک ۹ ماشہ۔ جو مقشر سوختہ۔ طباشیر۔ غنچہ گل سرخ۔ ہر ایک ۵ ماشہ نمک اندرانی عاقر قرحا۔ شب یمانی ہر ایک ۳ ماشہ۔ کزمازج۔ استخوان۔ ہلیلہ زرد۔ انجبار۔ عود خام سوختہ۔ صندل سفید۔ سک۔ رامک۔ پوست ترنج۔ لونگ۔ برگ مورد۔ حب الآس۔ شاخ گوزن سوختہ۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ دم الاخوین۔ کندر۔ لوخر کی

ہر ایک ۳ ماشہ حسب معمول ذرور تیار کریں۔

ذرور اسیقولان۔ پرانے زخموں کو جلد بھرتا ہے۔

استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں۔

نسخہ۔ گل ارمنی۔ گل سرخ ہر ایک ۹ ماشہ۔ جفت بلوط ۴ ماشہ۔ مرصاف ۴ ماشہ کندر ۷ ماشہ۔ گلنار ایک تولہ۔ تمام کو کوٹ کر ریشمی کپڑے میں چھان لیں

ذرور اصفر صغیر۔ آشوب چشم میں نافع ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت آنکھ میں چھڑکیں۔

نسخہ۔ انزروت ۲۱ ماشہ ۔ شیاف مامیثا ۴ ماشہ ایلوا ماشہ حسب معمول ذرور بنائیں۔

ذرور اعظم۔ تشکی زخموں میں مفید ہے۔

استعمال۔ زخموں پر چھڑکیں۔

نسخہ۔ سفید آب قلعی۔ توتیائے کرمانی شستہ۔ کندر ہر ایک ۳ ماشہ۔ موئے سر آدمی سوختہ۔ گلنار۔ شاخ گوزن سوختہ۔ برگ عناب۔ گل ارمنی ہر ایک ٦ ماشہ تمام کو کوٹ کر ریشمی کپڑے میں چھان کر سفوف بنائیں۔

ذرور انزروت۔ زخموں کو بھرتا ہے۔ اور جلد گوشت جماتا ہے۔

استعمال۔ زخموں پر چھڑکیں۔

نسخہ۔ کندر۔ مرصاف۔ دم الاخوین۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ تانبہ سوختہ ۱۸ ماشہ انزروت۔ پوست انار۔ نازشب یمانی کلفذ سوختہ ہر ایک ۳ تولہ حسب معمول ذرور تیار کر لیں۔

ذرور چشخام۔ ہر قسم کے آشوب میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت آنکھ میں ڈالیں۔

نسخہ۔ چاکسو مقشر ٦ ماشہ۔ مصری۔ مامیراں چینی ہر ایک ۳ ماشہ بدستور معروف تیار کریں۔

ذرور شعر۔ منہ کے زخموں کو خشک کرتا ہے اور سوزش کو تسکین دیتا ہے۔

استعمال۔ زخموں پر چھڑکیں۔

نسخہ۔ کافور ا ماشہ۔ تخم ریحان ۲ ماشہ۔ پوست پیاز۔ سوختہ ۴ ماشہ موئے آدمی سوختہ ۹ ماشہ۔ حسب معمول ذرور بنائیں۔

ذرور قرطاس۔ گوشت خوردہ میں مفید و معمول ہے۔

استعمال۔ زخموں پر چھڑکیں۔

نسخہ۔ سیسہ سوختہ ۲۱ ماشہ۔ ہڑتال۔ گندھک زرد۔ ہر ایک ۴ تولہ کاغذ سوختہ ۷ تولہ بدستور معروف کوٹ چھان کر دوا تیار کریں۔

ذرور کتھ۔ منہ آنے میں خصوصیت سے نافع ہے۔ استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں۔

نسخہ ذرور۔ کتھ سفید۔ کباب چینی۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر ہر ایک ۳ ماشہ حسب دستور ذرور بنائیں۔

ذرور کافوری۔ آشوب چشم اور آنکھ کی سوزش و جلن کو دور کرتا ہے۔

استعمال۔ حسب حاجت آنکھ میں چھڑکیں۔

نسخہ۔ صدف سوختہ۔ موارید ناسفتہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ نشاستہ ۴ ماشہ۔ کافور ۴ رتی۔ کوٹ چھان کر ذرور بنائیں۔

ذرور گاؤزبان۔ بچوں کے منہ آنے نیز بلغمی جوشش دہن میں مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول کام میں لائیں۔ نسخہ۔ گاؤ زبان سوختہ۔ عود بلسان سوختہ۔ جو سوختہ۔ دھنیہ سوختہ۔ ہر ایک ۲ ماشہ سب کو باریک پیس کر بطور سفوف تیار کریں۔

ذرور مامیراں۔ بینائی کو قوت دیتا ہے اور آنکھ کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت آنکھ میں چھڑکیں۔ نسخہ۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ مامیراں۔ فلفل۔ فلفل دراز۔ توتیائے کرمانی مغسول صمغ عربی ہر ایک مساوی وزن حسب معمول ذرور تیار کریں۔

ذرور مردارسنگ۔ آلہ مخصوصہ کے تشکی زخموں کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ شادنج مغسول سقوطری۔ مردارسنگ۔ پوست کدو سوختہ تمام مساوی الوزن۔ بدستور سابق ذرور تیار کریں۔

ذرور ملحم۔ زخموں کے بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ تھوڑا تھوڑا

زخموں پر چھڑکتے رہیں۔ نسخہ۔ گلنار۔ زیرہ گل سرخ۔ کندر۔ مرکی۔ ہر ایک مساوی الوزن۔ کوٹ چھان کر ذرور بنائیں۔

ذرور ملکایا۔ ابتدائے آشوب چشم میں مفید ہے۔
استعمال۔ آنکھ میں چھڑکیں۔
نسخہ۔ انزروت (پروردہ بہ شیر خر) نشاستہ۔ صمغ عربی۔ مصری ہر ایک مساوی الوزن۔ کوٹ پیس کر ریشمی کپڑے میں چھان لیں۔

ذرور وردی ابیض۔ آنکھ دکھنے میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ابتداء آشوب میں آنکھ میں ڈالیں۔
نسخہ۔ اقلیمیائے نقرہ۔ سفید آب۔ صبر سقوطری۔ ہر ایک ۷ ماشہ کتیرا ۶ تولہ۔ صمغ عربی ۲ تولہ۔ گل سفید ۷ تولہ۔ نشاستہ ۹ تولہ۔ افیون ۳ تولہ۔ بادیان سبز کے پانی میں سب کو کھرل کر کے ٹکیاں کر لیں۔

باب الراء

رب۔ (ست یا شیرہ) پھل یا میوہ وغیرہ کے صاف نچوڑے ہوئے پانی کو جو آگ پر جوش دے کر یا دھوپ میں رکھ کر غلیظ کر لیا گیا ہو۔ اصطلاح طب میں رب یا ست یا شیرہ کہتے ہیں۔ چنانچہ سیب۔ انار۔ انگور۔ بہی وغیرہ کا رب اسی طرح تیار کرتے ہیں۔

رب انار شیریں۔ فرحت بخشتا ہے۔ قے اور متلی کو روکتا ہے۔ اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ نیز دل کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصباح بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۲ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انار ترش ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر آب انار میں شکر سفید ملا کر رب کا قوام کر کے اتار کر محفوظ رکھیں۔

رب انار شیریں۔ پیاس بجھاتا۔ دل و دماغ کو قوت دیتا اور فرحت بخشتا ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان عرق نیلو فر ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ رب انار شیریں ایک سیر شکر سفید ۲ سیر۔ دونوں کو باہم ملا کر بدستور سابق رب تیار کریں۔

رب انگور ترش۔ گھبراہٹ اور پریشانی کو دور کرتا اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ و عرق عنبر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انگور ترش ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر بدستور سابق رب تیار کریں۔

رب انگور ترش۔ گھبراہٹ اور پریشانی کو دور کرتا اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ و عرق عنبر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انگور ترش ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر بدستور سابق رب تیار کریں۔

رب انگور شیریں۔ قے کو روکتا اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ معدہ کی کمزوری کو زائل کرتا ہے۔ اور دل کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ عرق گاؤ زبان ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انگور شیریں ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ بدستور معروف تیار کریں۔

رب بہی شیریں۔ معدہ کو قوی کرتا ہے۔ اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ نیز قے کو روکتا ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۶ تولہ و عرق بادیان ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بہی تازہ ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ بہی کو چھیل کر اور قاشیں کرکے بیج نکال دیں۔ اور پانی میں جوش دیں۔ جب نرم ہو جائیں تو چھان کر شکر سفید شامل کرکے رب کے قوام پر لے آئیں۔
بنسخہ دیگر آب بہی ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر بہی کو کچل کر عرق نکالیں اور شکر ملا کر قوام پر لے آئیں۔

رب جامن۔ جگر اور معدہ کی اصلاح کرتا ہے اور قوت دیتا ہے۔ نیز تلی کے ورم کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب جامن سیاہ ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ بدستور سابق دونوں کو ملا کر قوام پر لے آئیں۔

رب سیب۔ جگر اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ دل اور دماغ کی کمزوری کو زائل کرتا ہے۔ اور فم معدہ پر انصباب مواد کو روکتا ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ آب سیب ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ بدستور سابق تیار کریں (یا ترکیب رب بھی بتائیں)

روغن یا تیل

روغن بنانے کے طریقے۔ اگر ایسی ادویہ کا روغن حاصل کرنا ہو۔ جن کے اندر روغنی اجزاء موجود نہ ہوں۔ یا بہت ہی کم ہوں۔ تو اس کی ترکیب یہ ہے کہ اگر دوائیں پھولوں کی قسم سے ہوں۔ اور پھول تازہ ہوں۔ تو تازہ صاف شدہ پھول چار حصہ لے کر پانچ حصے تلوں کے تیل میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ دس بارہ دن تک دھوپ دینے سے جب پھول اچھی طرح مرجھا جائیں۔ تو پھولوں کو ہاتھ سے خوب مل کر چھان لیں۔ اور تیل کو شیشہ میں بھر کر رکھیں۔ اگر قوی الاثر تیل بنانا مقصود ہو۔ تو اسی تیل میں دوسری مرتبہ تین حصہ اور تیسری مرتبہ دو حصہ پھول مل کر دھوپ دیں۔ اور صاف کر کے رکھیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تازہ پھولوں کا رس نچوڑ تین حصے میں دو حصے تلوں کا تیل ملا کر اس قدر پکائیں کہ سب پانی جل جائے۔ اور تیل باقی رہ جائے جس قدر نرم آنچ پر پکائیں گے۔ اسی قدر بہتر اور عمدہ تیل ہوگا۔ اس کے بعد چھان کر تیل رکھ لیں۔ اگر دوائیں یا پھول خشک ہوں تو پہلے ایک دن رات انہیں پانی میں بھگو کر آگ پر جوش دیں۔ اور چھان کر جوشاندہ کا نصف وزن تلوں کا تیل ملا کر آگ پر جوش دیں۔ کہ پانی سب جل جائے جب صرف تیل رہ جائے تو چھان کر رکھیں۔

اس کے علاوہ یہ بھی طریقہ ہے کہ دواؤں کو تلوں کو تیل میں اتنا پکائیں کہ وہ سرخ مائل بہ سیاہی ہو جائے پھر چھان کر رکھ لیں۔

اگر پھولوں کے علاوہ سبز پتیوں یا تازہ جڑوں کا تیل بنانا ہو۔ تو ان کا رس (شیرہ) نکال کر تلوں کے تیل میں پکائیں۔ لیکن اگر پتے یا جڑیں خشک ہوں تو خشک پھولوں کی طرح اول جوشاندہ بنا لیں۔ پھر تیل میں پکا کر چھان کر رکھیں۔ اگر تیل میں زعفران۔ کافور وغیرہ جیسی خوشبو دار دوائیں شامل کرنی ہوں تو تیل کو آگ سے اتار کر صاف کرنے کے بعد خوشبو دار دوا ملا دینی چاہیے۔

روغن آجر۔ جوڑوں کے درد نیز بلغمی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ مقام ماؤف پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ خشت پختہ آب نادیدہ۔ روغن زیت۔ حسب ضرورت۔ اینٹ کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے آگ میں سرخ کر کے روغن مذکور میں بجھا کر سرد کریں۔ بعد ٹکڑوں کو باریک کر کے آتشی شیشہ میں ڈال کر بطریق معروف روغن کشید کریں۔

روغن ارنڈی۔ معدہ کے تمام فاسد مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے اور بطور مالش جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ تولہ نیم گرم دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز ارنڈی حسب ضرورت۔ مغز ارنڈی کو تھوڑا سا پانی ڈال کر باریک پیسیں اور دیگچی میں پانی ڈال کر پسے ہوئے مغز کو اس میں حل کر دیں۔ جب جوش آ جائے اور تیل پانی پر معلوم ہونے لگے۔ تو تیل کو اتار لیں اور دوبارہ جوش دے کر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن اسقیل۔ سکتہ فالج۔ استرخاء اور دیگر امراض بلغمی میں خاص کر نافع ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ اسقیل تازہ ۱۲ تولہ روغن تلخ ایک سیر ۷ تولہ۔ عاقر قرحا۔ جند بید ستر رائی۔ قسط تلخ۔ فرفیون ہر ایک ۵ ماشہ۔ مشک تبتی ۳ ماشہ۔ اسقیل (کولیکاندا) کو تیل میں اس قدر پکائیں۔ کہ وہ آسانی سے ملا جا سکے۔ پھر مل کر اور بقیہ دوائیں پیس کر شامل کر کے اچھی طرح ملا کر محفوظ رکھیں۔ تیل کا استعمال تنقیہ کے بعد کرنا چاہیئے۔

روغن اعظم۔ کان کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ گرانی اور بھنبھناہٹ کو زائل کرتا ہے۔ زخموں کو بھرتا ہے اور کان کے کیڑوں کو مارتا ہے۔
استعمال۔ بوقت حاجت نیم گرم کر کے کان میں ٹپکائیں۔
نسخہ۔ افسنتین۔ زرد چوب مقشر۔ ہر ایک ایک تولہ۔ قسط تلخ۔ مغز بادام تلخ ہر ایک ۲ تولہ۔ اجوائین۔ سونٹھ ہر ایک چھ ماشہ۔ اصل السوس ۷ ماشہ۔ ہینگ۔ بورہ ارمنی تخم حنظل ہر ایک ۳ ماشہ۔ عاقر قرحا ۲ ماشہ۔ پیاز سفید ۲ عدد عرق برگ سداب سبز۔ عرق برگ

مردہ سبز۔ عرق برگ کریلا۔ عرق مولی سبز۔ عرق برگ سدرشن شراب ہر ایک ۵ تولہ روغن کنجد پاؤ سیر۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے گائے کے پتہ میں رات کو تر رکھیں۔ جب کسی قدر تر ہو جائیں تو صبح کو عرقیات مذکورہ نیز روغن کنجد میں جوش دیں۔ جب پانی وغیرہ جل جائے تو تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔ (مولفہ مجربہ اعظم خاں)

روغن افستنین۔ ثقل سماعت میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔
نسخہ۔ افستنین رومی۔ آب مولی سبز۔ روغن گل۔ روغن بادام تلخ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مومیائی ا سرخ۔ افستنین کو مولی کے عرق میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے۔ تو روغن گل اور روغن بادام شامل کر کے دوبارہ جوش دیں۔ صرف روغن رہ جانے پر مومیائی حل کر کے محفوظ رکھیں۔ (منقول از ذکائی)

روغن آملہ۔ آتشک کے لئے خصوصیت سے نافع ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ نبات سفید استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب آملہ سبز ایک سیر۔ روغن گاؤ ادھ سیر۔ آب آملہ کو گھی میں جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن اوراق۔ فالج اور دیگر بلغمی امراض نیز جوڑوں کے درد میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ نیم گرم مالش کر کے اوپر سے ارنڈ کے پتے باندھ دیں۔
نسخہ۔ برگ آک۔ برگ بکائن۔ برگ ارنڈ۔ برگ سنبھالو۔ برگ سہنجنہ۔ برگ دھتورہ سیاہ۔ برگ تھوہر۔ برگ بھنگرہ۔ روغن کنجد۔ حسب ضرورت پتوں کو کوٹ کر عرق نکالیں۔ اور تل کے تیل میں ملا کر جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے رکھیں۔

روغن بابونہ۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ کان، کمر اور جوڑوں کے درد نیز ریاحی دردوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ گل بابونہ ۱۱ تولہ ۔ روغن کنجد۔ دونوں کو ملا کر برتن میں بند کر کے چالیس روز تک دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن بادام تلخ۔ سر اور کان کے ریاحی دردوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ کان کے درد میں نیم گرم ڈالیں۔ اور سر پر سرو کے تیل کا استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز بادام تلخ بقدر ضرورت شکر سفید قدر قلیل حسب معمول روغن تیار کریں۔

روغن بادام شیریں۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔ خشکی کو زائل کرتا ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ تقویت دماغ کے لئے سر پر پالش کریں اور رفع قبض کے لئے چھ سے بارہ ماشہ تک عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ ملا کر کھلائیں۔
نسخہ بادام شیریں حسب ضرورت۔ شکر سفید قدر قلیل۔ مغز بادام کو کوٹ کر شکر اور پانی ملا کر آنچ پر رکھیں۔ جب گرم ہو جائے تو اتار کر نچوڑ لیں۔ اور تیل کو کسی صاف شیشی میں محفوظ رکھیں۔

روغن بادنجان۔ بواسیری مسوں کی جلن و سوزش اور درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ بواسیری مسوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ بادنجان (بینگن) زرد۔ روغن تخم کدو۔ حسب ضرورت گل بینگن قدر حاجت بینگن کا شکم چاک کر کے اور اندر سے خالی کر کے اس میں روغن مذکورہ اور گل بینگن بھر کر کپڑے میں لپیٹ کر تنور میں ایک ساعت دبائیں اور پھر نکال کر نچوڑیں۔

روغن بان۔ معدہ کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اور پیٹ کے پٹھوں کی سختی کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ مقام ورم پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ تخم بکائن پاؤ سیر۔ روغن کنجد ایک سیر۔ تخم بکائن کو پانی میں پیس کر شیرہ نکالیں۔ اور تل کے تیل میں پکائیں۔ جب پانی جل جائے صاف کر کے نگاہ رکھیں۔

روغن برص۔ برص میں سفید داغوں کے دور کرنے کے لئے مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ روئی کی پھریری سے سفید داغوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ پوست بیخ چیتہ۔ سہاگہ۔ کھونگچی۔ سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ روغن کنجد ۱ تولہ سب کو کوٹ چھان کر روغن کنجد میں کھرل کر کے بذریعہ آتشی شیشہ تیل نکالیں اگر تیل،

لگانے سے آبلہ پڑ جائے تو تیل کو موقوف کر کے چھالیہ سوختہ اور کتھ کا ذرور کریں۔

روغن بلادر۔ زخموں کو بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ مرغی کے پر سے تیل مذکور زخموں پر لگائیں۔
نسخہ۔ بھلانواں ۹ دانہ۔ روغن کنجد آدھ پاؤ۔ سنگجراحت ۷ ماشہ۔ بھلانواں کو تل کے تیل میں بریان کر لیں۔ یہاں تک کہ وہ جل کر خاک ہو جائے جل جانے پر اس کو نکال لیں۔ اور سنگجراحت پیس کر روغن مذکور ملا دیں۔

روغن بنفشہ۔ دماغ کی خشکی کو زائل کرتا ہے۔ بیخوابی کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ دماغ پر مالش کریں۔
نسخہ۔ گل بنفشہ ۱ تولہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ۔ گل بنفشہ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو چھان کر تیل مذکورہ شامل کر کے جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے رکھ لیں۔

روغن بیشن۔ فالج ۔ لقوہ۔ رعشہ۔ اور سن بھری میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ بیش سیاہ۔ ازراقی۔ عاقر قرحا۔ تخم دھتورہ۔ بزرا لبنج۔ بیخ کنیر سفید ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ ما لکنگنی۔ کلونجی۔ ہر ایک آدھ پاؤ۔ روغن کنجد ایک سیر تمام دواؤں کو کوٹ کر گائے کے دودھ میں دو روز تر رکھیں۔ بعد کو روغن کنجد میں جوش دیں۔ جب دودھ جل جائے۔ تو روغن نکال کر محفوظ رکھیں۔

روغن بیضہ مرغ۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ بالوں کو سیاہ رکھتا ہے اور قوت باہ بڑھاتا ہے۔
استعمال۔ تقویت باہ کے لئے بطور طلاء اور دیگر امور کے لئے سر پر پالش کریں۔
نسخہ۔ بیضہ مرغ حسب ضرورت لے کر پانی میں جوش دے کر نیم برشت کر لیں اور زردی نکال کر کسی تانبہ کے برتن میں ڈال کر آنچ پر رکھ دیں۔ تیل نکل آئے گا۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔

روغن ترب۔ کان کے درد کو فوراً تسکین دیتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔

استعمال۔ نیم گرم ایک قطرہ کان میں ٹپکائیں۔

نسخہ۔ آب مولی ۳۰ تولہ۔ روغن کنجد سفید ۳۰ تولہ۔ دونوں کو ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو تیل مذکورہ کو صاف کر کے نگاہ رکھیں۔

روغن تمباکو۔ جوڑوں کے بلغمی دردوں میں مفید و معمول ہے۔

استعمال۔ مقام ماؤف پر نیم گرم مالش کریں۔ اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔

نسخہ۔ تمباکو مقرض ۹ تولہ گل بابونہ ۲ تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ روغن کنجد ۳۵ تولہ تمام دواؤں کو آدھ سیر پانی میں رات کو بھگوئیں۔ صبح روغن مذکورہ شامل کر کے جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور صرف تیل باقی رہ جائے تو شیشی میں بھر کر نگاہ رکھیں۔ تیل مذکورہ کا استعمال بعد تنقیہ زیادہ مناسب ہے۔

نوٹ۔ بعض نسخوں میں برگ کنیر ۲۰ عدد کا اضافہ کیا گیا ہے اگر شامل کر لئے جائیں تو زیادہ قوی الاثر ہو جاتا ہے۔

روغن ثم۔ قوت باہ بڑھاتا ہے۔ اور زائل شدہ طاقت کو واپس لاتا ہے۔

استعمال۔ حسب ضرورت آلہ مخصوصہ پر طلا کریں۔

نسخہ۔ لہسن (ثوم) مقشر۔ فرفیون۔ عاقر قرحا ہر ایک ۹ ماشہ فلفل۔ سداب ہر ایک ۳ ماشہ روغن زیتون ۹ تولہ۔ تمام دواؤں کو روغن زیتون میں جوش دیں تہائی حصہ جل جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن جل نیب۔ پھوڑے پھنسی خشک خارش اور گنج وغیرہ میں مفید ہے۔

استعمال۔ بدن پر مالش کریں۔

نسخہ۔ جل نیب تازہ۔ روغن کنجد۔ حسب ضرورت۔ جل نیب تازہ کو کوٹ کر نچوڑیں اور ہم وزن روغن کنجد میں پکا کر جب پانی جل جائے تو صاف کر کے رکھیں۔

روغن خبطیانا۔ کمر کے نیز تمام ریاحی دردوں کو دور کرتا ہے۔ فتق وغیرہ کو زائل کرتا ہے۔ اور بلغمی و ریاحی ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔

استعمال۔ کمر اور گردہ وغیرہ پر نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ پکھان بید رومی ۲۵ ماشہ۔ زراوند گرد۔ سعد کوفی۔ تج سیاہ۔ بیخ کبر۔ ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ روغن بادام تلخ ۳۴ تولہ تمام دواؤں کو جو کوب کر کے روغن بادام تلخ میں شامل کر کے شیشہ میں ڈال کر دس روز آفتاب میں رکھیں۔ اور صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن چوب چینی۔ فساد خون میں بہت مفید ہے۔

استعمال۔ روزانہ صبح شام بقدر ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ چوب چینی آدھ سیر۔ چوب انجیر دشتی ۵ سیر۔ ہلیلہ سیاہ پاؤ سیر۔ جاوتری ۵ تولہ۔ روغن زرد ۵ سیر۔ پانی ۲۲ سیر۔ چوب چینی اور جاوتری کو علیحدہ کوٹ کر علیحدہ علیحدہ پوٹلی میں باندھ کر گھی اور پانی میں شامل کر کے دیگ میں ڈال کر چولہے پر چڑھا دیں۔ اور ابتدا" آگ کو تیز کر کے بتدریج کم کرتے جائیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو دونوں پوٹلیوں کو نچوڑ لیں۔ اور سرد جگہ دیگ کو رکھیں اور رات بھر رہنے دیں۔ صبح کو پانی پر روغن آ جائے گا۔ اسے اتار کر محفوظ رکھیں۔

روغن چہار برگ۔ جوڑوں کے درد میں خصوصا" سردی کے زمانہ میں اگر ہو تو زیادہ مفید ہے۔

استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔

نسخہ۔ برگ دھتورہ۔ برگ آکھ۔ برگ اسپند۔ برگ ارنڈ ہر چہار ہم وزن روغن کنجد۔ تمام پتوں کو کوٹ کر عرق نکالیں۔ اور تیل میں ملا کر آگ پر رکھیں جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہے صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن حرمل۔ فالج۔ رعشہ اور تشنج میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت استعمال کریں۔

نسخہ۔ اسپند سوختی ۳۴ تولہ۔ سونٹھ ۸ تولہ۔ روغن کنجد ۲ سیر جوزا لطیب ۲۰ عدد۔ اسپند اور سونٹھ کو جوکوب کر کے رات کو پانی میں رکھیں۔ اور صبح کو روغن مذکورہ میں جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو تیل کو چھان کر اور جوزا لطیب کو کوٹ کر اس میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

روغن حمص۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت ۲ قطرہ بتاشہ میں ڈال کر استعمال کریں۔

نسخہ نخود حسب ضرورت لے کر جوکوب کر کے اور کدو دراز کو خالی (کھوکھلا) کر کے اس میں نخود کو بھر دیں۔ کہ گلہ خالی رہے بعد کو کدو پر مٹی وغیرہ لپیٹ کر اور منہ کدو کا بند کر کے بطریق پتال جنتر تیل کشید کریں اور بوقت ضرورت دو قطرہ بتاشہ میں ڈال کر استعمال کریں۔

روغن حنا۔ بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ لنگڑی کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ نیز تمام جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔

استعمال۔ حسب ضرورت مالش کریں۔

نسخہ۔ آب برگ حنا پاؤ سیر۔ روغن کنجد آدھ پاؤ۔ آب برگ حنا کو روغن کنجد میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل جائے تو اتار کر محفوظ رکھیں۔

روغن حواصل۔ فالج اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔

استعمال۔ جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ حواصل (گگن بھیڑ) ا عدد یا پھرٹے۔ بسباسہ۔ سورنجان۔ بوزیدان جوزبوا۔ خولنجان۔ نرکچور۔ زراوند طویل۔ بیخ نے۔ زیرہ عود صلیب۔ دار چینی ہر ایک ۲ ماشہ۔ قسط بحری۔ لونگ ہر ایک ۳ ماشہ زعفران چار رتی۔ خفاش زندہ (چمگادڑ) ۱۰ عدد روغن زیتون حسب ضرورت۔ گلاب ایک سیر پانی سوا دو سیر تمام دواؤں کو جوکوب کر کے خفاش اور گگن بھیڑ کو معہ ادویہ کے روغن زیتون میں شامل کر کے دیگ میں ڈال کر چولہے پر رکھیں۔ اور اوپر سے گلاب اور اپنی ڈالیں جب تیل پانی پر آجائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن خراطین۔ خونی بواسیر میں نافع ہے۔

استعمال۔ مسوں پر روغن مذکورہ لگائیں۔

نسخہ۔ خراطین (کیچوے) ۵۰ عدد۔ روغن کنجد۔ دنبالہ بینگن ۳۰ تولہ موم حسب ضرورت۔ خراطین کو روغن کنجد میں بریان کر کے علیحدہ کر لیں۔ اور دنبالہ بینگن کے ساتھ پیس لیں۔ پھر روغن مذکورہ میں موم شامل کر کے پسی ہوئی دوا ملا کر قیروطی تیار کریں۔ اگر مسوں سے خون بھی رستا ہو تو ادویہ مذکورہ میں مازو سبز اضافہ کر لینا چاہیئے۔

روغن خسک۔ پیشاب کھول کرلاتا ہے۔ حرقت بول میں خاص کر مفید ہے۔

استعمال۔ 4 قطرہ بتاشہ۔ میں ڈال کر کھائیں اور دو قطرہ سوراخ بول میں ٹپکائیں۔

نسخہ۔ خسک (گوکھرو) 4 تولہ۔ سونٹھ 18 ماشہ۔ روغن کنجد چہار چند۔ سونٹھ اور گوکھرو کو جوکوب کر کے پانی میں جوش دیں۔ اور پھر روغن مذکورہ شامل کر کے دوبارہ جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن خضاب۔ بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت بالوں پر لگائیں۔

نسخہ۔ کیری انبہ پاؤ سیر۔ مازو۔ برادہ فولاد ہر ایک 11 ماشہ انار ترش پاؤ سیر روغن قند سیاہ نیم پاؤ۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر تیل میں ملا کر مٹی کے پرانے برتن میں ڈال کر چالیس روز تک لید میں دفن کریں۔ اور چالیس دن کے بعد نکال کر محفوظ رکھیں۔

روغن خفاش۔ جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔

استعمال۔ ماؤف جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ جندبیدستر۔ قسط تلخ ہر ایک 10 ماشہ زراوند 14 ماشہ۔ روغن زیتون۔ عصارہ مر زنجوش ہر ایک 34 تولہ۔ چمگادڑ (خفاش) ذبح کی ہوئی 12 عدد۔ پانی حسب ضرورت سب کو شامل کر کے جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہے صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن دفلی۔ کمر اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔

استعمال۔ رات کو سوتے وقت مالش کریں اور صبح کو گرم پانی سے نہائیں۔

نسخہ۔ روغن زیتون 34 تولہ۔ برگ خر زہرہ 35 ماشہ دونوں کو باہم ملا کر اور تھوڑے پانی اضافہ کر کے آگ پر جوش دیں۔ اور جب پانی جل جائے تو تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن دھتورہ۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ وغیرہ میں مفید ہے۔

استعمال۔ حسب ضرورت نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ سیماب (پارہ) تخم دھتورہ۔ زہر میٹھا ہر ایک 3 ماشہ روغن کنجد 6 تولہ تیل کو آگ پر رکھیں۔ جب سرخ ہو جائے اتار کر دوائیں مذکورہ شامل کر کے آہنی دستہ

سے گھوٹ لیں۔

روغن دیودار۔ چوٹ کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ زخموں کو بھرتا ہے۔
استعمال۔ مقام چوٹ پر نیم گرم مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھ دیں۔
نسخہ۔ چوب دیودار۔ زرد چوبہ۔ اصل السوس۔ دار ہلد۔ دودھ سقف۔ نخود بریان ہر ایک اڑھائی تولہ ۔ پانی ڈیڑھ سیر۔ تمام دواؤں کو پانی میں پیس کر دیگچہ میں پانی ڈیڑھ سیر ڈال کر اور پسی ہوئی دوائیں ڈال کر جوش دیں۔ جب ایک حصہ پانی جل جائے تو پھوک کر نکال کر اور کپڑے میں رکھ کر دیگچہ میں خوب نچوڑیں اور پھر تیل مذکورہ اضافہ کر کے خوب جوش دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن روباہ۔ فالج اور تشنج نیز دیگر سرد بیماریوں میں مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ روباہ زندہ۔ لومڑی 1 عدد۔ فلفل مویہ۔ ما لکنگنی۔ جوزبوا۔ سداب یا جھڑ۔ ہینگ ہر ایک آدھ پاؤ۔ تخم دھتورہ ایک سیر پوست بیدانجیر تین پاؤ افیون خالص 42 تولہ۔ شیرہ دھتورہ سیاہ 5 سیر۔ روغن کنجد 5 سیر۔ لومڑی کے ہاتھ پاؤں باندھ کر بیس سیر گرم پانی میں چھوڑ کر خوب جوش دیں۔ جب خوب گل جائے تو پانی کو صاف کر کے علیحدہ رکھیں۔ اور دواؤں کو جوکوب کر کے ایک من پانی میں جوش دیں۔ جب 15 سیر رہ جائے تو لومڑی کا پکا ہوا پانی شامل کر کے شیرہ دھتورہ اور روغن کنجد اضافہ کر کے خوب جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن زرنیخ۔ (خدر) یعنی سن بھری میں مفید ہے۔
استعمال۔ ماؤف مقامات پر طلا کر کے اوپر سے پان باندھ دیں۔
نسخہ۔ زرنیخ زرد (ہڑتال زرد) 18 ماشہ آب شاہترہ بقدر ضرورت ہڑتال کو آب شاہترہ میں حل کر کے گولیاں بنائیں اور بطریق پتال جنتر روغن کشید کریں اگر زخم پڑ جائے۔ تو گائے کے گھی کو دھو کر زخم پر لگائیں۔

روغن زعفران۔ تشنج کو دور کرتا ہے۔ اور پٹھوں کو نرم کرتا ہے نیز رحم اور معدہ کی سختی کو تحلیل کرتا ہے۔

نسخہ۔ زعفران 21 ماشہ۔ چرائتہ 17 ماشہ مرمکی صاف 2 ماشہ قرومانا (کرویہ دشتی) 21 ماشہ۔ سوائے قرومانا کے تمام دواؤں کو جوکوب کر کے سرکہ انگوری میں سات روز تر رکھیں اور ہر دوسرے روز سرکہ کو بدلتے رہیں۔ آٹھویں روز روغن کنجد 10 تولہ میں جوش دیں۔ جب سرکہ جل جائے تیل کو صاف کر کے قرومانا کو پیس کر شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن زفت۔ اعصاب کو قوت بخشتا ہے۔ اور رطوبتوں کو خشک کرتا ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ زفت رومی مصطگی رومی ہر ایک 2 تولہ روغن کنجد 10 تولہ دونوں کو سفوف کر کے روغن مذکورہ میں جوش دے کر چھان کر محفوظ رکھیں۔

روغن زیرہ۔ بواسیری مسوں کے نفخ (پھول جانے) میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت مسوں پر لگائیں۔

نسخہ۔ زیرہ سیاہ 10 ماشہ۔ روغن کنجد 3 تولہ۔ زیرہ کو 3 تولہ پانی میں رات کو بھگو دیں اور صبح کو جوش دے کر صاف کر کے روغن مذکورہ اضافہ کر کے جوش دیں جب پانی جل جائے تو صاف کر کے رکھیں۔

روغن سام ابرص۔ خنازیری۔ گلٹیوں کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ خنازیری گلٹیوں پر طلا کریں۔

نسخہ۔ سام ابرص۔ (چھپکلی) 3 عدد۔ روغن نیب ایک سیر۔ خاکستر شاخ مادہ گاؤ 5 تولہ۔ چھپکلی کو روغن نیب میں جوش دیں۔ جب گل جائے تو خاکستر مذکورہ شامل کر کے خوب اچھی طرح پھینٹ لیں۔ اور صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن سرخ۔ فالج۔ لقوہ اور دیگر عصبی کمزوریوں میں خاص کر مفید ہے نیز چوٹ وغیرہ کے درد اور ورموں کو زائل کرتا ہے۔

استعمال۔ دو پہر کے وقت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ مجیٹھ 20 تولہ ۔ تج ۔ جوزبوا۔ اشنہ ہر ایک 4 تولہ بالچھڑ۔ سعد کوفی صندل سفید۔ کچلہ۔ میدہ لکڑی ہر ایک 2 تولہ۔ ساذج ہندی۔ لونگ۔ دارچینی زرد چوب دار ہلد۔ عود غرقی ہر ایک 1 تولہ۔ نرکچور 8 تولہ۔ الائچی خورد 3 تولہ۔ زعفران 4 تولہ۔ جاوتری۔ مشک خالص ہر ایک 6 ماشہ۔ عرق گلاب ایک سیر۔ روغن کنجد 2 سیر۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے عرق گلاب میں بھگوئیں۔ اور جوش دیں کہ نصف گلاب جل جائے پھر روغن مذکورہ اضافہ کر کے دوبارہ جوش دیں اور گلاب جل جانے پر تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن سرخبادہ۔ بچوں کے سرخبادہ میں مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت بدن پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ چاکسو۔ صندل سرخ۔ کمیلہ ہر ایک 3 ماشہ۔ سپاری چھالیہ سنگ جراحت کا ت سفید۔ لوہ چون۔ وج خراسانی۔ ہلیلہ زنگی۔ بھنگرہی مہندی ہر ایک 2 ماشہ۔ برگ نیب 14 ماشہ۔ دھاسہ 14 ماشہ۔ برگ بکائن 28 ماشہ نیلا تھوتھا 2 ماشہ۔ فلفل سیاہ 7 ماشہ۔ روغن سرسوں سوا پاؤ۔ پہلے تمام پتوں کو پیس کر آدھا لوہ چون پتوں کے ساتھ ملا کر 2 قرص بنائیں۔ اور تیل کو جوش دیں اور قرص کو اس میں چھوڑ دیں۔ جب وہ جل جائیں تو تمام دواؤں کو کوٹ کر اور چھان کر شامل کریں۔ اور لوہے کے دستہ سے خوب گھوٹیں اور محفوظ رکھیں۔

روغن سرشف۔ جوڑوں کے درد میں خصوصاً اور دوسرے دردوں میں بالعموم مفید ہے۔
استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ برگ دھتورہ۔ برگ آکھ ہر ایک 2 تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ افیون 6 ماشہ۔ روغن سرسوں 10 تولہ۔ حسب معمول روغن تیار کریں۔

روغن ساعت کشا۔ حار امراض کے نتیجہ میں جو ثقل ساعت پیدا ہو اس میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ نیم گرم دو تین قطرہ کان میں ٹپکائیں۔
نسخہ۔ آب انار ترش 10 تولہ سرکہ خالص 6 ماشہ۔ روغن کنجد 5 تولہ۔ کندر 3

ماشہ انار کے چھلکوں کو آب انار میں جوش دیں اور مل کر صاف کریں اور بعد میں سرکہ تیل نیز کندر وغیرہ ملا کر جوش دیں پانی جل جانے پر روغن کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن سورنجاں۔ وجع المفاصل (جوڑوں کے درد) میں مفید ہے۔

استعمال۔ جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ سورنجاں مصری آب کرفس ہر ایک 4 تولہ ۔ چرائتہ 2 تولہ روغن زیتون 12 تولہ بدستور معروف روغن تیار کریں۔

روغن شبت۔ سردی کے دردوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ماؤف جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ آب شبت سبز (سویا) روغن کنجد سیاہ۔ ہر ایک سیر۔ قسط سونٹھ گل بابونہ۔ اسپند ہر ایک 1 تولہ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے آب شبت اور روغن میں ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن شفا۔ فالج۔ لقوہ اور دیگر سرد بلغمی امراض نیز لنگڑی اور جوڑوں کے درد میں خصوصیت سے مفید ہے۔ رحم کی بیماریوں اور ثقل سماعت نیز تقویت باہ میں مفید ہے۔

استعمال۔ تقویت باہ کے لئے بطور طلاء اور امراض رحم میں بطور فرزجہ اور درد وغیرہ کے لئے نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ میتھی۔ کلونجی۔ ہر ایک 10 تولہ ۔ روغن کنجد ایک سیر۔ دونوں دواؤں کو کوٹ کر تیل میں پکائیں۔ جل جانے پر تیل کو صاف کر کے رکھیں۔

روغن شقائق۔ بالوں کو بڑھاتا ہے۔

استعمال۔ حسب ضرورت بالوں پر لگائیں۔

نسخہ۔ تخم مورد۔ برگ مورد۔ تخم کرفس۔ تخم چقندر۔ گل شقائق۔ پوست جوز تر لادن۔ پر سیاؤ شان ہر ایک 17 ماشہ۔ آب آملہ تین تولہ۔ روغن مورد 20 تولہ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ایک رات آب آملہ میں تر رکھیں۔ صبح کو جوش دے کر صاف کر کے روغن مورد شامل کر کے دوبارہ جوش دیں اور پانی جل جانے پر

صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن صنعان۔ تمام قسم کے زخموں میں مفید ہے۔ نیز ناصور و پیچش وغیرہ میں نافع ہے۔ استعمال۔ حسب ضرورت ناصور یا زخموں پر روئی کی پھریری سے لگائیں۔ نسخہ۔ جدوار خطائی 5 تولہ۔ کات سفید۔ شنگرف۔ جوزبوا۔ مرداسنگ۔ کمیلہ رال۔ تخم بیل۔ ہڑتال سرخ۔ مومیائی کانی ہر ایک ایک پاؤ ابہل آدھ سیر اشق آدھ پاؤ۔ دار ہلد۔ چوب گز۔ دیودار۔ بیخ مہک۔ گندہ بہروزہ۔ ہلیلہ زرد منقیٰ۔ آملہ منقیٰ۔ تراشہ آبنوس۔ ہر ایک 1 سیر پوست درخت مغیلان۔ برگ حنا۔ فوفل خانہ عنکبوت۔ چوب چینی ہر ایک 2 سیر۔ دودھ چھپر۔ بھیڑ بھونجہ۔ ہوچوبہ ہر ایک 3 سیر۔ زرد چوبہ چھ سیر۔ آب برگ نیم تازہ۔ آب برگ پان ہر ایک نصف من روغن کنجد ایک من۔ برگ مہندی اور زرد چوبہ دار ہلد۔ تراشہ آبنوس۔ چوب گز ابہل۔ اصل السوس۔ دودھ چھپر پوست درخت مغیلاں۔ فوفل ۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ آملہ ۔ چوب چینی کو پانی میں خوب باریک پیس لیں۔ اور باقی دواؤں کو جوکوب کر کے آب برگ نیم۔ آب برگ پان و روغن کنجد میں شامل کر کے اور پسی ہوئی دواؤں کو ملا کر جوش دیں۔ جب روغن باقی رہ جائے صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن صنفدع۔ بواسیر میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مسوں پر بطور مرہم لگائیں۔ نسخہ۔ صنفدع سبز (مینڈک) گوگل 7 ماشہ۔ دم الاخوین 9 ماشہ۔ شاخ گوزن سوختہ 11 ماشہ۔ رسوت مکی۔ صبر سقوطری۔ شیاف مامیثا ہر ایک 4 ماشہ کافور قیصوری 3 ماشہ۔ روغن ختہ زرد آلو تلخ۔ مغز ساق بز۔ روغن گل ہر ایک 4 تولہ۔ مینڈک کو آب برگ گندنا سبز میں پکائیں۔ جب گل جائے خوب اچھی طرح کوٹ لیں۔ یہاں تک کہ مثل مرہم کے بن جائے اور گوگل کو علیحدہ آب برگ گندنا سبز میں حل کر کے اور دیگر دواؤں کو کوٹ کر روغن مذکور میں پکائیں۔ اور مینڈک کو شامل کر کے خوب گھوٹ لیں اور مثل مرہم تیار کریں۔

روغن عقرب۔ مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے اور بواسیری مسوں کو تحلیل کرتا ہے۔ استعمال۔ پتھری کے لئے دو تین قطرہ سوراخ بول میں ٹپکائیں اور مرغی کے پر سے بواسیری مسوں پر لگائیں۔ نسخہ۔ عقرب زندہ (بچھو) 20 عدد۔ روغن کنجد ایک

بر بچھوؤں کو روغن مذکورہ میں جلا کر تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔ بنسخہ جو خصوصیات بالا میں قوی الاثر ہے۔ استعمال۔ بدستور سابق کام میں لائیں۔
نسخہ۔ ریوند چینی۔ سعد کوفی۔ پکھان بید رومی۔ پوست بیخ کبر ہر ایک 3 تولہ روغن بادام 36 تولہ۔ بچھو زندہ 10 عدد۔ تمام دواؤں کو تیل میں ملا کر شیشی میں سات روز تک دھوپ میں رکھیں۔ اور پھر بچھوؤں کو اس میں ڈال کر پندرہ روز اسی طرح دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد تیل کو صاف کر کے نگاہ رکھیں۔

روغن عقر قرحا۔ تقویت باہ میں مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت آلہ مخصوصہ پر طلا کریں۔
نسخہ۔ عاقر قرحا 32 ماشہ۔ روغن کنجد 30 تولہ۔ عاقر قرحا کو کوٹ کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی نصف رہ جائے۔ تو روغن مذکورہ شامل کر کے خوب جوش دیں۔ اور پانی کے جل جانے پر تیل صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن فرفیون۔ تشنج اور استرخا وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ گردن اور پشت پر دھوپ میں بیٹھ کر مالش کریں۔
نسخہ۔ سورنجاں مصری۔ سونٹھ جوزبوا۔ فلفلموبہ۔ ما لکنگنی۔ خردل (رائی) فرفیون ہر ایک 1 تولہ۔ روغن زیتون تین پاؤ۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر روغن مذکورہ میں کھرل کریں۔ خوب اچھی طرح حل ہو جانے پر نگاہ رکھیں۔

روغن قسط۔ درد کو زائل کرتا ہے۔ پٹھوں کو قوت بخشتا اور فالج رعشہ نیز دیگر سرد بلغمی امراض کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ دھوپ میں بیٹھ کر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ قسط تلخ۔ بابچھڑ ہر ایک 8 تولہ۔ روغن کنجد آدھ سیر۔ عرق بہار آدھ سیر جندبیدستر۔ فلفل سیاہ۔ فرفیون۔ میعہ سائلہ ہر ایک 4 تولہ۔ بابچھڑ اور قسط کو کوٹ کر عرق بہار آدھ سیر اور روغن کنجد آدھ سیر میں جوش دیں۔ جب عرق جل جائے۔ تو آدھ سیر عرق مذکورہ اور اضافہ کریں۔ اسی طرح تیسری مرتبہ عرق ڈالنے پر جب جل جائے تو تیل صاف کر کے ادویہ مذکورہ تیل میں اچھی طرح حل کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن فتیل۔ زخموں کو بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت روئی کے پھاہے کو تر کر کے زخموں پر لگائیں۔
نسخہ۔ کمیلہ۔ روغن سرسوں ہر ایک 3 تولہ ۔ کمیلہ کو باریک پیس کر تیل میں کھرل کریں۔ اور کپڑے میں چھان کر پھر دوبارہ کھرل کریں۔ اسی طرح تین مرتبہ کرکے نگاہ رکھیں۔

روغن قاوندی۔ فالج اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ لونگ۔ عود صلیب۔ تج۔ سورنجاں تلخ۔ راسن۔ عود بلسان ہر ایک 17 ماشہ۔ بالچھڑ۔ سانپج ہندی۔ بیخ سوسن۔ قرفہ۔ قسط تلخ۔ ہر ایک 3 تولہ۔ روغن زیتون ایک سیر۔ تخم قاوند (پھلوا) 5 تولہ۔ مومیائی 14 ماشہ۔ مرکی 10 ماشہ جند بیدستر تخم اور مومیائی وغیرہ کے علاوہ مندرجہ بالا تمام دواؤں کو جوکوب کر کے پانچ سیر پانی میں دو روز تر رکھیں۔ اور روغن زیتون کا اضافہ کر کے جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو تیل کو صاف کر کے تخم قاوند وغیرہ دوائیں پگھلا کر ملا لیں۔ لیکن دوران استعمال میں سرد ہوا سے احتراز کریں۔

روغن کاہو۔ نیند لاتا ہے۔ سر کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ دماغ میں تری پہنچاتا ہے۔
استعمال۔ بوقت حاجت سر پر مالش کریں۔
نسخہ۔ شیرہ کاہو 10 تولہ۔ روغن کنجد 5 تولہ۔ شیرہ کو روغن مذکورہ میں ملا کر جوش دیں۔ جب روغن رہ جائے صاف کر کے رکھیں۔

روغن کچلہ۔ پٹھوں کو قوت دیتا ہے اور جوڑوں کے درد کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔ اور روئی کو سینک کر اوپر باندھیں۔
نسخہ۔ افیون 9 تولہ۔ روغن کنجد۔ شیر گاؤ ہر ایک ایک سیر۔ کچلہ 20 عدد افیون کو دودھ میں حل کریں۔ اور تیل مذکورہ اور کچلہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے لوہے کے برتن میں جوش دیں۔ دودھ جل جانے پر روغن کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن کدو۔ دماغ کو قوت بخشتا اور خشکی کو دور کرتا ہے۔

استعمال۔ بوقت حاجت سر پر مالش کریں۔

نسخہ۔ آب کدو دراز 8 تولہ۔ روغن کنجد 2 تولہ۔ کدو کے پانی کو روغن میں ملا کر جوش دیں۔ پانی کے جل جانے پر صاف کر کے شیشی میں رکھیں۔

روغن کراث۔ بواسیر میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت روئی کے پھاہیہ سے مسوں پر لگائیں۔

نسخہ۔ آب گندنا سبز ایک سیر۔ روغن کنجد آدھ سیر۔ گوگل 3 تولہ۔ گوگل کو آب گندنا میں حل کر اور روغن کنجد شامل کر کے جوش دیں جب پان جل جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن کلاں۔ لقوہ۔ رعشہ اور فالج نیز دیگر اسی قسم کی بیماریوں میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ بادام تلخ ۶ ماشہ کلونجی۔ بیخ انجیر۔ گوگل ہر ایک ۴ ماشہ قسط تلخ۔ فرفیون جند بید ستر۔ چرائتہ شیریں۔ افستین۔ چھکنی بیخ بادیان۔ شیطرج ہندی ہر ایک ۳ ماشہ عاقر قرحا۔ فلفل سیاہ سنبل الطیب بیخ سوسن قرفہ اشنہ۔ راسن سلیخہ (تج) مرکی قرنفل جوزبوا۔ بیکنج۔ صعتر۔ اجوائن دیسی بیخ کرفس۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ نرکچور۔ اسارون۔ جاؤ شیر۔ سونٹھ۔ دار چینی۔ کباب چینی۔ بسباسہ۔ دار فلفل۔ کندر ایک ۲ ماشہ عنبر جوزبوا۔ عنبر مشک اور جندبید ستر کے علاوہ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے پانی چار سیر میں دو روز تر رکھیں۔ بعدہ روغن یا مذکورہ میں جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو تیل کو صاف کر کے فرفیون وغیرہ باریک پیس کر شامل کریں۔

روغن کنجد۔ فالج اور مرگی وغیرہ میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ جندبید ستر۔ فلفل سفید۔ عاقر قرحا۔ تخم حنظل۔ فرفیون ہینگ ہر ایک ۹ ماشہ - عود صلیب ۱۰ ماشہ۔ روغن سداب ۳۴ تولہ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے روغن سداب میں ملا کر شیشہ میں ڈال کر آفتاب میں سات روز تک رکھیں۔ اور روزانہ ہلاتے رہیں۔ آٹھویں روز تیل کو نچوڑ کر دوبارہ ادویہ مذکورہ اسی طرح شامل کر کے سات روز تک آفتاب میں رکھیں اور آٹھویں روز دواؤں کو نکال کر خوب اچھی طرح حل کر کے اسی طرح سات روز

تک پھر آفتاب میں رکھ کر آٹھویں روز صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن بجکرن۔ مجلوقوں کے عضو تناسل کی درازی کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت آلہ مخصوصہ پر طلا کریں۔
نسخہ۔ بیخ سوسن گلیجن۔ ما لکنگنی ۔ میٹھا تیلیا۔ دار چینی ۔ قرنفل۔ بھلانوہ۔ تخم کتائی۔ تخم دھتورہ۔ تخم ترب۔ تخم گذر ہر ایک ۴ ماشہ۔ سم اسپ پتال مدہ ہر ایک ۶ عدد سانڈہ۔ مینڈک ہر ایک ۲ عدد ۔ گھونگچی ۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ تخم کبوتر۔ گج پیپل۔ بیر بہوٹی ۔ پیہ شیر۔ (شیر کی چربی) ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ زہرہ سمک رہو۔ زہرہ نر گاؤ ہر ایک ۳ عدد۔ خراطین (کینچوے) ۴۲ ماشہ کچلہ۔ سفیدی پنچال کبوتر صحرائی۔ کنجد سیاہ ۔ کلونجی۔ عاقر قرحا ہر ایک ۱۴ ماشہ مورچہ کلاں ۵ عدد۔ قضیب اسپ (برادہ کردہ) ا عدد قضیب آہو۔ برادہ کردہ (قضیب گاؤ جوان ہر ایک ا عدد تمام دواؤں کو جوکوب کر کے شراب میں دو روز تر رکھیں۔ بعدہ بکری کے دودھ میں تر کر کے روغن کنجد سے چرب کر کے آتشی شیشہ کے ذریعہ تیل کشید کریں۔

روغن گل۔ کان اور سر کے درد کو تسکین دیتا ہے قبض کو توڑتا ہے۔ دماغی خشکی کو زائل کرتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ نیز اعضاء کی طرف مادہ کو آنے سے روکتا ہے۔
استعمال۔ دماغی تقویت کے لئے سر پر مالش کریں۔ اور کان کے درد میں چند قطرہ نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ سرسامی حالت کے لئے سرکہ اور روغن مذکور میں کپڑا بھگو کر دماغ پر رکھیں اور اگر رفع قبض منظور ہو تو ۱۰ تولہ روغن مذکورہ پانی میں ملا کر پئیں۔
نسخہ۔ گلاب کے تازہ پھول کی سرخ پتیاں ساڑھے سات تولہ۔ روغن کنجد ۵۰ تولہ پھولوں کو تیل میں ملا کر شیشی میں بھر کر دھوپ میں رکھ دیں جب پھول مرجھا جائیں تو پھر تازہ پھول ڈالیں۔ اسی طرح تین مرتبہ پھولوں کو ڈالیں۔ تیسری مرتبہ جوش دے کر تیل چھان لیں۔

روغن گل آکھ۔ جوڑوں کے درد نیز کمر اور پنڈلی وغیرہ کے درد میں مفید ہے
استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔
نسخہ۔ گل آکھ سورنجان تلخ۔ زنجبیل۔ اجوائن خراسانی ۔ برگ بھنگ ہر ایک ا تولہ روغن

سرشف ۱۰ تولہ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے روغن مذکورہ میں ملا کر جوش دیں جل جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن گل چکاں۔ درد سر میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت سر پالش کریں۔ نسخہ۔ گل چکاں۔ دیودار۔ برنگ کابلی۔ صندل۔ خولنجاں۔ روتاس ہر ایک ۱۴ ماشہ گل پچکند۔ گل نیلوفر۔ اصل السوس ہر ایک ۲۸ ماشہ برگ بھنگرہ ۴۲ ماشہ آملہ ۵۶ ماشہ۔ روغن کنجد آدھ پاؤ۔ شیر مادہ گاؤ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ایک دن رات پانی میں تر رکھیں۔ صبح کو جوش دے کر روغن مذکورہ شامل کر کے دوبارہ جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن گندم۔ ورموں کو تحلیل کرتا اور گنج و داد کو زائل کرتا ہے۔ نیز جلد کو ملائم رکھتا ہے۔ استعمال۔ دھوپ میں بیٹھ کر داد یا گنج پر لگائیں۔ نسخہ۔ گیہوں ۴ تولہ۔ روغن کنجد ۴۰ تولہ گیہوں کو رات کو پانی میں بھگوئیں اور صبح کو روغن مذکورہ کے ساتھ آتشی شیشی میں بھر کر روغن کشید کریں۔

روغن گیسو دراز۔ بالوں کو بڑھاتا ہے۔ دماغ کی خشکی کو زائل کرتا ہے اور بالوں کی سیاہی قائم رکھتا ہے۔ استعمال۔ بدستور مذکور استعمال کریں۔ نسخہ۔ برگ آس۔ آملہ خشک ہر ایک ۳۰ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ ہر ایک ۱۵ تولہ چھالیہ ۶ تولہ مصطگی۔ لاون ہنسراج ہر ایک ۳ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ روغن گل ایک سیر بدستور سابق تیل کریں۔

روغن گیلانی۔ بالوں کو نرم کرتا ہے۔ اور گرنے سے روکتا ہے۔ نیز دماغ کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت سر پر لگائیں۔ نسخہ۔ پر سیاؤشاں۔ طباشیر۔ ساق۔ زرورد۔ گلنار فارسی۔ مصطگی۔ لاون ہر ایک ۱ تولہ فوفل۔ پوست انار۔ ہلیلہ زرد ہر ایک ۲ تولہ۔ بلیلہ مازو سبز ہر ایک ۳ تولہ۔ آملہ خشک ۵ تولہ برگ مورد ۱۱ تولہ۔ روغن کنجد۔ روغن گل ہر ایک ۲۰ تولہ ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے رات کو پانی میں بھگوئیں۔ اور صبح کو ہر دو روغن مذکورہ میں شامل کر کے جوش دیں۔ پانی جل جانے پر تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن لاون۔ بالوں کو بڑھاتا اور گرنے سے روکتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت بالوں پر ملیں۔ نسخہ۔ لاون۔ ساذج ہندی۔ حماما۔ سوت کمی۔ آملہ ہر ایک ۱۷ ماشہ ۔ روغن کنجد آدھ سیر تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو تر کریں۔ اور صبح کو روغن میں جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن لبوب سبعہ۔ بے خوابی کو دور کرتا ہے اور دماغی خشکی کو زائل کرتا ہے سرسام سوداوی میں نہایت مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت سر پر خوب ملیں۔
نسخہ۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز بادام شیریں۔ کنجد مقشر۔ مغز چلغوزہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز اخروٹ ہر ایک مساوی الوزن تمام دواؤں کو کوٹ کر اور گرم کر کے نچوڑ لیں۔

روغن مازریون۔ استسقا میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ روغن ہمراہ شیر شتر یا ماء الجبن ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مازریون ۳۴ تولہ آب خالص اڑھائی سیر مازریون کو پانی میں جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن مبارک۔ ثقل سماعت اور گرانی گوش میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ میتھی۔ کلونجی ہر ایک مساوی الوزن۔ دونوں کو کوٹ کر نرم آنچ پر رکھ کر بریاں کریں۔ اور تھوڑا تھوڑا روغن زیتون ڈالتے جائیں۔ جب سہ چند وزن تیل جذب ہو جائے تو بذریعہ قرع انبیق روغن کشید کریں۔

روغن مجرب۔ رعشہ۔ سن بھری۔ فالج اور دیگر سرد امراض میں مفید ہے۔ نیز لنگڑی کے درد اور جوڑوں کی سختی میں مفید ہے۔ استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم اور دیگر امراض کے لئے بطور مناسب مالش کریں۔ نسخہ۔ چرائتہ شیریں۔ قسط تلخ ہر ایک ۱۳ ماشہ۔ اذخر مکی۔ سورنجاں۔ کباب چینی ناروین۔ اسارون ہر ایک ۹ ماشہ۔ نرکچور۔ دار شیشعان۔ عاقر قرحا۔ مغاث بغدادی۔ بوزیدان ہر ایک ۵ ماشہ۔ روغن گل سرخ۔ روغن یاسمین۔ روغن زنبق۔ روغن زیتون روغن بابونہ ہر ایک ۴ تولہ۔ جدوار خطائی۔ جندبید ستر۔ فرفیون ہر ایک ۱ تولہ۔ جوزبوا۔ سونٹھ ہر ایک ۲ ماشہ گوگل ۴ ماشہ مومیائی ۱ ماشہ۔ چرائتہ سے لے کر اسارون تک تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب خوب جوش آ جائے اور تہائی پانی رہ جائے تو صاف کر کے پانی مذکورہ میں روغنیات مذکورہ شامل کر کے جوش دیں اور جب پانی جل جائے تو جدوار خطائی وغیرہ تمام دواؤں کو سوائے مومیائی کے کوٹ چھان کر کھرل میں ڈالیں اور تیل مذکورہ آہستہ آہستہ ڈال کر خوب کھرل کریں۔ جب

تمام دوائیں تیل کے ساتھ اچھی طرح مل جائیں تو مومیائی حل کریں اور محفوظ رکھیں۔

روغن مجلوق۔ مجلوق کے لئے نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت سیون چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر سے نیم گرم پان باندھیں۔ نسخہ۔ بیخ کنیر نفہ اور بچھناک۔ گھونگچی سفید۔ خراطین خشک۔ مالکنگنی افیون تخم دھتورہ سیاہ۔ سفید۔ کیوڑہ۔ کچلہ۔ ہینگ۔ سرگین کبوتر صحرائی ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے روغن کنجد میں چرب کر کے دو روز تر رکھیں۔ اور بعد کو شیشہ میں بند کر کے گل حکمت کے ذریعہ تیل کشید کریں۔

روغن محلل۔ معدہ کے ورم کو تحلیل کرتا اور ریاح و قولنج کے ورموں کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ بالچھڑ۔ دار شیشعان۔ بابونہ۔ برگ سداب۔ تخم سویہ۔ کلونجی۔ مصطگی ہر ایک ۱ تولہ زیرہ کرمانی ۲ تولہ۔ روغن بید انجیر و روغن بابونہ ہر ایک ۴ تولہ۔ جندبید ستر۔ عنبرا شہب ہر ایک ۱ ماشہ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ چوتھائی حصہ رہ جانے پر صاف کر کے روغن مذکورہ ملا کر پھر جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے اور جندبید ستر و عنبر حل کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن مخدر۔ درد کو تسکین دیتا ہے۔ اور مقام درد کو سن کر دیتا ہے۔ استعمال۔ مقام درد پر مالش کریں۔ نسخہ۔ بزرا لبنج ۲ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ برگ بھنگ ۶ ماشہ روغن خشخاش ۲ تولہ تمام دواؤں کو پیس کر روغن مذکورہ میں جوش دیں جل جانے پر تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن مصطگی۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ اور پٹھوں کی کمزوریوں کو دور کرتا ہے نیز کمر کے درد وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔ نسخہ۔ مصطگی رومی ۲۰ تولہ۔ روغن کنجد سوا سیر۔ مصطگی کو کوٹ کر روغن مذکورہ میں جوش دیں۔ جب مصطگی پگھل جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن مفاصل۔ جوڑوں کے درد اور سختی میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔ نسخہ۔ افیون ۹ تولہ۔ روغن کنجد ایک سیر۔ شیر گاؤ ایک سیر۔ کچلہ ۲۰ عدد افیون کو دودھ میں حل کر کے روغن مذکور اور کچلہ کو ٹکڑے ٹکڑے

کر کے شامل کریں۔ اور جوش دیں جب کچلہ اور دودھ جل جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن مورد۔ بالوں کو بڑھاتا ہے اور گرنے سے محفوظ رکھتا ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت بالوں پر لگائیں۔

نسخہ۔ آب مورد ۳ تولہ۔ روغن زیتون ۱ تولہ۔ لاون ٦ ماشہ اول دونوں کو ملا کر جوش دیں اور پانی جل جانے پر لاون کو ڈال کر پگھلائیں اور صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن موم۔ درد کو تسکین دینے اور مواد کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ دردناک مقام پر مالش کریں۔

نسخہ۔ موم ایک سیر۔ نمک شور تین سیر۔ عرقیات کی طرح قرع انبیق کے ذریعہ کشید کریں اور محفوظ رکھیں۔

روغن نارجیل۔ داد اور قوبا وغیرہ جلدی امراض میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت روئی کے پھایہ سے سفید داغوں پر لگائیں۔

نسخہ۔ پوست نارجیل ۴۰ تولہ ۔ توتیائے سبز نوشادر۔ آہک آب نادیدہ۔ سہاگہ ہر ایک ۸ ماشہ۔ روغن کنجد ٦ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر روغن مذکورہ میں ملا کر بطریق پتال جنتر روغن کشید کر کے حفاظت سے رکھیں۔

روغن ناصور۔ پرانے زخموں اور ناصور کے بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت چند قطرے ناصور میں ٹپکائیں۔

نسخہ۔ سم مادہ گاؤ۔ خاکستر چرم کہنہ (تلہ پاپوش) ہر دو مساوی الوزن چھپکلی ۱ عدد۔ روغن سرسوں ۷ تولہ تمام ادویہ کو سرسوں کے تیل میں جوش دیں۔ جب سب جل جائیں تو خوب مل کر روغن تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن نشاط۔ قوت باہ بڑھاتا اور لذت بخشتا ہے۔ نیز مضیق اور معین حمل ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت آلہ مخصوصہ پر مالش کریں۔

نسخہ۔ عطر گلاب ۴ ماشہ۔ عطر دار چینی ۳ ماشہ۔ عطر ناگیسر۔ روغن بلسان ۔ روغن نرگس۔ روغن یاسمین۔ روغن زنبق۔ عنبر خالص۔ (بہ شیرہ زنجبیل پروردہ) عسل خالص روغن خیری زرد ہر ایک ۲ ماشہ۔ مشک ترکی۔ زہرہ خروس خشک۔ بورہ ارمنی ۔ خایہ خروس۔ خشک۔ عاقر قرحا۔ زعفران۔ سعد خولنجان۔ لونگ ہر ایک ۱ ماشہ۔ زہرہ کنجشک ۲ عدد۔ تخم مرغ ۱ عدد۔ زہرہ ماکیان ۱ عدد۔ فرفیون محمودہ ہر ایک ۴ رتی۔ مسکہ تازہ ۳ ماشہ تمام دواؤں کو باریک پیس کر مسکہ میں حل کر کے شیشہ میں محفوظ رکھیں۔

روغن نمل۔ قوت باہ کو برانگیختہ کرتا ہے۔ اور آلہ مخصوص کو دراز کرتا ہے۔
استعمال۔ اول آلہ کو کسی کھردرے کپڑے سے رگڑیں۔ یہاں تک کہ سرخ ہو جائے۔ پھر روغن مذکورہ کو طلا کریں۔
نسخہ۔ مورچہ کلاں ۶۰ عدد۔ روغن زنبق (روغن چنبیلی سفید) ۱۰ تولہ۔ دونوں کو ملا کر شیشی میں بند کر کے سرگین گوسفند میں ایک ہفتہ دفن کریں۔ بعدہ نکال کر خوب ہلا لیں۔

روغن نے۔ جوڑوں کی سختی کو دور کرتا ہے۔ اور نرمی پیدا کرتا ہے۔ استعمال۔ جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔ نسخہ۔ نے خشک شدہ۔ روغن زیتون نے کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے روغن زیتون میں چند روز تر رکھیں۔ جب تیل جذب ہو جائے تو بذریعہ قرع انبیق تیل کشید کریں۔

روغن وزغ۔ بواسیر میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت بواسیر کے مسوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ وزغ (چھپکلی) پیہ بز۔ (بکری کی چربی) دونوں کو کوٹ کر پانی میں جوش دیں جب روغن پانی پر تیرنے لگے۔ روغن اتار کر محفوظ رکھیں۔

روغن ہفت برگ۔ فالج وغیرہ نیز وجع المفاصل میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ برگ آکھ۔ برگ بکائن۔ برگ ارنڈ۔ برگ سنبھالو۔ برگ سہنجنہ ۔ برگ دھتورہ سیاہ۔ برگ زقوم ہر ایک ایک تولہ۔ روغن کنجد حسب ضرورت۔ تمام کو کوٹ کر روغن مذکورہ میں جلائیں۔ اور تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن ہندی۔ سر کے مزمن درد میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت

ضرورت نیم گرم مالش کریں۔ نسخہ۔ پدماکھ۔ صندل سفید۔ پیپل۔ نیلوفر۔ اصل السوس ہر ایک اتولہ شیرہ آملہ ۲۰ تولہ۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ۔

باب الزاءالمعجمہ

زروق۔ جو دوا پچکاری کے ذریعہ سے احلیل (عضو تناسل) میں ڈالی جائے اسے زروق کہتے ہیں۔ (زراقہ بمعنی پچکاری)

نوٹ۔ پچکاری کا منہ گول اور چکنا ہونا چاہیے اور احلیل میں گھما کر داخل کیا جائے دوا داخل کرتے وقت عضو تناسل کو ہاتھ سے سیدھا رکھیں۔ اور کم از کم دس منٹ تک دوا کو ٹھیرائے رکھنے کے لئے عضو کو سیدھا اور انگلی سے اس کا منہ بند رکھیں۔ پچکاری شیشے کی یورتھرا سرنج (Urethra syringe) استعمال کریں۔

زروق حبس بول۔ مثانہ کی پتھری کی وجہ سے جب پیشاب رک جائے تو اس کے استعمال سے فی الفور فائدہ ہوتا ہے۔ اور اسی وقت پیشاب جاری ہو جاتا ہے۔ بے حد مجرب اور مفید ہے۔

استعمال۔ دوا کو پچکاری کے ذریعہ سے احلیل میں پہنچائیں۔

نسخہ۔ پارہ ۲ ماشہ۔ پچکاری میں ڈال کر احلیل میں پہنچائیں۔ پتھری ایک جانب ہو کر پیشاب خارج ہوتا ہے۔ لیکن قاثاطیر (کیتھی ٹر) کا استعمال زیادہ مفید ہے۔

زروق سوزاک۔ نئے اور پرانے سوزاک میں ہمیشہ معمول ہے۔ اور بہت مفید و زود اثر ہے۔

استعمال۔ دن میں پانچ چھ مرتبہ پچکاری سے احلیل میں دوا پہنچائیں۔

نسخہ۔ پھٹکڑی ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔ دونوں کو خوب بریان کر کے باریک پیس کر سوا سیر پانی میں ملا کر رکھیں اور پچکاری کریں۔

زروق سوزاک دیگر۔ سوزاک جدید و قدیم کے لئے لاثانی ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ بے خطا نسخہ ہے۔ نہایت سریع الاثر کثیرالمنفعت ہے۔ **استعمال۔** دوا کو شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت شیشی کو ہلا کر پچکاری کریں۔ **نسخہ۔** ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ایک تولہ کو پانی تین پاؤ میں ایک رات دن بھگو کر چھان لیں اور بوتل میں بھر کر رکھ لیں۔ بعدہ گل ارمنی۔ دم الاخوین۔ انزروت سفید۔ رسوت۔ کتیرا۔ سفیدہ کاشغری۔ نشاستہ۔ مرداسنگ۔ کاغذ سوختہ۔ نیل ولایتی۔ کافور ہر ایک تین ماشہ سب کو سرمہ کی طرح باریک پیس کر ایک تولہ اس میں سے لے کر بوتل مذکورہ میں ڈال کر خوب ہلائیں۔ اور پچکاری کریں۔

زروق سوزاک دیگر۔ ہر قسم کے سوزاک میں مجرب و بے مثل ہے۔ نہایت جلد اپنا اثر کرتی ہے۔ کبھی خطا نہیں کی۔ بارہا کی آزمودہ و مجرب ہے۔ **استعمال۔** دن میں چار مرتبہ پچکاری کی جائے۔ **نسخہ۔** رسوت ایک تولہ۔ کتھ سفید چھ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ ایک سیر پانی میں بارہ گھنٹہ بھگو کر چھان لیں۔ بعد ازاں کافور۔ رسکپور۔ پھٹکڑی بریاں۔ نیلہ تھوتھا بریاں ہر ایک ا ماشہ سب کو باریک پیس کر اس میں ملا دیں۔ اور پچکاری کریں۔

زروق سوزاک دیگر۔ سوزاک کے لئے بے نظیر دوا ہے۔ نہایت مجرب و مفید ہے۔ **استعمال۔** دواؤں کی گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ اور بوقت ضرورت بکری کے دودھ میں حل کر کے پچکاری سے دن میں تین چار مرتبہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** سفیدہ کاشغری۔ کندر۔ انزروت۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ دم الاخوین۔ برگ نیم۔ جملہ مساوی الوزن سب کو کوٹ کر نیم کے پتوں کے پانی میں ملا کر گولیاں بیر کے برابر بنا لیں اور بوقت ضرورت بکری کے ۳۲ تولہ دودھ میں حل کر کے بدستور مذکور پچکاری کریں۔

زروق سوزش بول۔ پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔ نیز احلیل کے زخم میں مفید ہے۔ **استعمال۔** بدستور پچکاری سے استعمال کریں۔ **نسخہ۔** ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ مساوی الوزن باریک کوٹ کر رات کو قدرے پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو جوش دے کر یا بغیر جوش دیئے ہوئے چھان کر پچکاری کریں۔

زروق قرحہ۔ سوزاک کے زخم میں نہایت مفید ہے۔ **استعمال۔** معلوم۔ **نسخہ۔** گل ارمنی۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک ا تولہ۔ افیون خالص نو ماشہ۔

ماشہ۔ سب کو باریک کوٹ کر پانی میں ملا کر رکھیں۔ اور عندالضرورت پچکاری کریں۔

باب السین المہملہ

سعوط۔ کسی سیال چیز کے (از قسم روغن یا عرق وغیرہ) ناک میں ٹپکانے کو سعوط کہتے ہیں۔ شیخ بو علی سینا کے قول کے مطابق سعوط اس سیال دوا کو کہتے ہیں جو ناک یا کان یا احلیل وغیرہ میں سے کسی میں ٹپکائی جائے۔

سعوط ام الصبیان۔ بچوں کی مرگی میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔ استعمال۔ ناک میں ٹپکائیں۔ نسخہ۔ جندبیدستر۔ حلتیت۔ مساوی الوزن خوب باریک پیس کر بقدر چار جو کے ماں کے دودھ میں حل کر کے قطرہ قطرہ ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط بخرالانف۔ ناک سے بدبو آنے میں نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ حسب دستور سابق۔ نسخہ۔ عنبر۔ زعفران۔ برابر بقدر ضرورت لے کر پودینہ سبز کے نچوڑے ہوئے پانی میں ملا کر سعوط کریں۔

سعوط زکام۔ بند زکام کے جاری کرنے میں ہمیشہ معمول و مجرب ہے۔ استعمال۔ حسب دستور۔ نسخہ۔ فلفل سیاہ پانچ عدد۔ باریک پیس کر مسکہ گاؤ ایک تولہ میں ملا کر سعوط کریں۔

سعوط رعاف۔ نکسیر کے روکنے میں نہایت سریع الاثر ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ کندر۔ افیون۔ کافور ہر ایک دو جو بھر لے کر پانی میں پیس کر سعوط کریں۔

سعوط سکتہ۔ مریض سکتہ کو فوراً ہوش میں لاتا ہے۔ نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ عود صلیب باریک پسا ہوا تین ماشہ۔ روغن بابونہ۔ روغن نرگس۔ ہر ایک چھ ماشہ میں ملا کر ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط شقیقہ و عصابہ۔ بھوؤں کے درد اور آدھے سر کے درد میں مفید و مستعمل ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔

نسخہ۔ کافور ایک ماشہ روغن گل دو تولہ میں حل کر کے طلوع آفتاب سے پہلے تین دن تک متواتر مریض کی ناک میں چند قطرے روزانہ ٹپکائیں۔

سعوط صداع باردوریحی۔ درد سر باردوریحی میں بہت مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول۔
نسخہ۔ جندبیدستر۔ مشک ہر ایک آدھ ماشہ روغن چنبیلی ایک تولہ حل کر کے کان میں ٹپکائیں۔

سعوط صداع حار۔ درد سر گرمی میں جب سخت تکلیف اور شدت سے ہو تو بہت جلد فائدہ دیتا ہے۔ نہایت سریع الاثر و مجرب ہے۔ استعمال۔ حسب دستور۔ نسخہ۔ کافور۔ افیون ہر ایک تین سرخ۔ روغن گل ۳ ماشہ میں حل کر کے ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط صرع۔ مرض صرع میں نہایت مفید و زود اثر ہے۔
استعمال۔ ۲ حسب معمول۔ نسخہ۔ پوست بیخ آکھ تین ماشہ۔ شیر بز تین تولہ میں پیس کر صاف کر کے ناک میں چند مرتبہ ٹپکائیں۔

سعوط فساد شم۔ مرض فساد شم (یعنی ناک میں ہر خوشبو دار چیز کی بری بو آنا) میں بے حد مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ حسب معمول۔
نسخہ۔ جندبیدستر۔ کندش۔ قرنفل۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ آب کرفس۔ روغن زرد ہر ایک دو تولہ۔ روغن بنفشہ ایک تولہ آگ پر سب دواؤں کو خوب گرم کر کے سعوط کریں۔

سفوف

ایک یا چند خشک ادویات کو باریک پیس کر تیار کرنا سفوف کہلاتا ہے۔

سفوف آب حیات۔ قبض کو رفع کرتا ہے۔ اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست ہلیلہ کلاں۔ بادیان۔ سناء مکی۔ نمک سیاہ۔ زیرہ سفید۔ پوست ہلیلہ ہر ایک ایک تولہ پیپلا مول ۳ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر بدستور سفوف تیار کریں۔

سفوف ابن ماسویہ۔ پیچش اور مروڑ میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ صبح۔ شام۔ نقوع طباشیر ۳ ماشہ گل ارمنی ۳ ماشہ۔ صمغ عربی ۳ ماشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خطمی۔ خبازی مقشر ہر ایک ۱۷ ماشہ نشاستہ بریاں ۱۰ ماشہ صمغ عربی گل ارمنی ہر ایک ۷ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف اترج فالج میں مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصبح بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادر نجبویہ ۴ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست زرد اترج۔ بادر نجبویہ۔ فقاح اذخر۔ آملہ منقیٰ۔ پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ۲۲ ماشہ اسارون بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دار چینی۔ تج۔ کرویہ وشتی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ جدوار خطائی مشک ترکی۔ عنبرا شہب۔ جندبیدستر ہر ایک ۳ ماشہ ورق طلاء مومیائی ہر ایک ۲ ماشہ۔ جوزبوا۔ زراوند طویل۔ سفائج فستقی۔ بادیان خطائی۔ سونٹھ۔ تخم سداب۔ کہربا چندرس۔ عود خام۔ باچھڑ۔ قسط تلخ۔ عود صلیب۔ تخم انجدان رومی۔ اسطوخودوس ہر ایک ۴ ماشہ۔ صعتر فارسی ۵ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

سفوف اذخر۔ بھوک لگاتا اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ گرم پانی کے ساتھ نہار منہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بیخ ۴ ماشہ۔ عود۔ باچھڑ ہر ایک ۲ ماشہ تمام کو کوٹ چھان کر ایک خوراک بنائیں۔

سفوف اربع۔ منی کو گاڑھا کرتا اور امساک لاتا ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست ببول۔ صمغ ببول۔ پھلی ببول۔ کونپل ببول۔ ہر ایک ایک تولہ شکر ہم وزن مجموعہ تمام کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف ارسطا طالیس۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے اور دستوں کو بند کرتا ہے۔
استعمال۔ ۳ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ قرفہ۔ ساذج ہندی۔ دانہ الائچی خورد۔ عود۔ اسارون۔ مصطگی۔ ہلیلہ کابلی نارمشک۔ فرنجمشک۔ زیرہ سیاہ۔ دار چینی۔ چھڑیلہ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ سونٹھ۔ لونگ انار دانہ

بوزیدان۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک ۷ ماشہ۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ۳ ماشہ۔ مصری ۶ حصہ۔
بدستور معروف تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف اسقولوقندریون۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو خارج کرنے میں
بالخصوص مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ آب زلال نخود سیاہ و سکنجبین استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خیار۔ تخم خیار بادرنگ (کھیرا) تخم خربزہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ حب القلت
(کلتھی) خار خسک۔ صمغ آلو۔ پر سیاؤ شاں۔ اسقولو قندریون ہر ایک ۷ ماشہ۔ حب
المحلب بادیان۔ پوست بیخ بادیان۔ بیخ کبر ہر ایک ۳ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ
چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف اقماع الرمان۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ آب سرد (گرم میں) و آب گرم (سرما میں) استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل انار۔ بھنگرہ۔ سماق۔ بلوط خرنوب۔ آرد کنار۔ تخم مورد۔ انار دانہ
ترش بزرالنج سفید۔ کزمازج (جھاؤ کا پھل) طراثیث (کھمب) کشتہ ابرک۔ کشنیز
بریاں۔ دانہ انگور بریاں۔ افیون۔ مازو سبز ہر ایک مساوی الوزن۔ نخود بریاں ۵ حصہ
بدستور سابق کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف الاملاح۔ بھوک لگاتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے اور قبض کو
توڑتا ہے نیز معدہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۴ رتی جوارش سفرجلی ۱۷ ماشہ کے ہمراہ کھائیں۔
نسخہ۔ کھار بھنگ۔ کھار پھکنی۔ کھار پودینہ۔ کھار مولی۔ کھار برگ کٹائی۔ ہر ایک
۲ تولہ۔ ست اجوائن ۱۰ تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف آملہ۔ پرانے اور نئے سوزاک میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آملہ منقیٰ۔ زردچوب مساوی الوزن۔ شکر برابر وزن مجموعہ بدستور سابق
سفوف تیار کریں۔

قبض اور پیٹ کے درد میں مفید ہے۔

سفوف انار دانہ۔ قبض اور پیٹ کے درد میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ یا ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔

نسخہ۔ بادیان ۔ سونٹھ۔ ہلیلہ زرد۔ نمک سیاہ۔ ہر ایک ٦ ماشہ سنائی انار دانہ ہر ایک ایک تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف اندری جلاب۔ آلات بول کے زخموں کو صاف کرتا ہے۔ پیشاب کھول کر لاتا ہے۔ اور تمام گندہ مواد نکالتا ہے۔

استعمال۔ ٦ ماشہ دودھ کی لسی کے ہمراہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ شورہ قلمی۔ ریوند چینی ہر ایک ۷ ماشہ۔ جو اکھار ٦ ماشہ۔ زیرہ سفید ایک تولہ شکر سفید ۱۲ تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف تیار کریں۔

سفوف انیسون۔ نفخ کو دور کرتا ہے۔ اور معدہ کی ریاح کو تحلیل کرتا ہے

استعمال۔ ڈیڑھ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ انیسون۔ نانخواہ۔ تخم کرفس۔ ہر ایک ۱۸ ماشہ کندر ۱۴ ماشہ۔ فقاح اذخر قسط۔ مصطگی ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ اسپندان سفید ۷ تولہ ۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف بادیان۔ پیچش میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ بادیان۔ ہلیلہ سیاہ ہر دو مساوی الوزن طباشیر بریان شکر سفید بقدر ضرورت۔ بادیان اور ہلیلہ کو چرب کریں۔ اور کوٹ چھان کر سب کو شامل کر کے سفوف تیار کریں۔ نیز سرد مزاج اشخاص میں طباشیر کے بجائے زنجبیل زیادہ مناسب ہے۔

سفوف برص۔ برص میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ٦ ماشہ سفوف رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو زلال لے کر شہد یا شربت عناب ۲ تولہ۔ شامل کر کے استعمال کریں۔ اور پھوگ کو پیس کر سفید داغوں پر لگائیں۔ تیل گڑ اور مرچ وغیرہ تمام اشیاء سے پرہیز کریں۔ اور صرف بیسنی روٹی مرغن کھائیں۔

نسخہ۔ چاکسو۔ تخم پنواڑ۔ باپچی۔ پوست درخت انجیر دشتی۔ پوست اندرونی درخت نیب۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف برنگی۔ پیٹ کے کیڑے بالخصوص ۔ کینچوے مار کر خارج کرتا ہے۔

استعمال۔ ڈیڑھ تولہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔
نسخہ۔ ہلیلہ زرد۔ آملہ۔ برنگ مقشر ۳ تولہ تربد سفید ۷ تولہ شکر سفید دو چند وزن ادویہ تمام کو کوٹ چھان کر حسب معمول سفوف تیار کریں۔

سفوف بڑھل۔ دستوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ آب سرد استعمال کریں۔
نسخہ۔ انار دانہ۔ زیرہ سفید بریاں۔ بادیان ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ خبث الحدید مدبر بہ سرکہ۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ گلنار۔ مویز۔ جفت بلوط۔ مصطگی ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ موچرس۔ پوست ہلیلہ بریاں۔۔ آملہ بریاں۔ بیلگری۔ سعد کوفی۔ تخم بڑھل۔ دار چینی۔ جوزبویہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ طباشیر۔ زعفران۔ ہر ایک ۳ ماشہ مصری ہم وزن ادویہ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف بزور۔ پیشاب کھول کر لاتا اور گردہ و مثانہ کی ریگ کو خارج کرتا ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ و آب خالص استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم گندر دشتی ۳ ماشہ۔ تخم خرپزہ۔ تخم کرفس ہر ایک ۲ تولہ شکر سفید ۶ ماشہ بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

سفوف بلوط۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بلوط مقشر ۷ ماشہ۔ کندر ۱۰ ماشہ ۔ کشنیز۔ گل ارمنی ۔ صمغ عربی ہر ایک ۳ تولہ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف بنفشہ۔ درد سر صفراوی میں مفید ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ روزانہ علی الصبح ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بنفشہ خشک ۷ تولہ۔ گلسرخ ۳ تولہ۔ کشنیز مقشر ۲ تولہ شکر سفید ہم وزن ادویہ تمام کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف بہدانہ۔ جگر کی حرارت کو دور کرتا ہے۔ جگر کے سدے کھولتا ہے اور یرقان کو زائل کرتا ہے۔

استعمال۔ ۳ ماشہ ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ا ماشہ طباشیر ۲ ماشہ گل ارمنی۔ گل سرخ۔ لک مغسول ۔ باچھرٹ۔ اصل السوس۔ ہر ایک ۳ ماشہ ۔ بہدانہ مقشر۔ نشاستہ ۔ مغز تخم خیار ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ بدستور سابق تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف بیجبند۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ اور سرعت انزال کو دور کرتا ہے جریان میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ علی الصبح بقدر ۷ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بیج بند سیاہ۔ تخم ہلہل ہر ایک ۴ تولہ۔ گوکھرو۔ تا لمکھانہ ۔ اندرجو شیریں ہر ایک ۷ تولہ ۔ لسوڑہ ۲۸ تولہ شکر ہم وزن ہمہ ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف بیج بند خاص۔ جریان وغیرہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ علی الصبح نہار منہ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بیجبند۔ تخم ہلہل ہر ایک ۴ تولہ۔ گوکھرو۔ تا لمکھانہ۔ اندرجو شیریں۔ ہر ایک ۷ تولہ ستاور ۲۸ تولہ۔ قند سفید ہم وزن ادویہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر قند ملا کر سفوف بنائیں

سفوف بینائی۔ معدہ کی رطوبات کو خشک کرتا اور نزلہ کو دور کرتا ہے۔ استعمال۔ ۲ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عود غرقی۔ لونگ ہر ایک ۲ ماشہ پودینہ بادیان ہر ایک ۱۴ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف پچلونہ۔ ہاضمہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ا ماشہ غذا کے بعد استعمال کریں۔ نسخہ۔ زرشک۔ سماق۔ انار دانہ۔ طباشیر۔ تخم حماض ہر ایک ٦ ماشہ۔ زیرہ گل سرخ ۴ ماشہ۔ گل سرخ ۹ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۵ ماشہ۔ زیر سفید ۴ ماشہ۔ بادیان ٦ ماشہ۔ پوست ترنج ۴ ماشہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ ہر ایک ٦ ماشہ مصطگی ۹ ماشہ۔ انیسون ۔ دار فلفل۔ پودینہ خشک۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ ہر ایک ٦ ماشہ شیطرج ہندی ۴ ماشہ نمک لاہوری ا تولہ۔ نمک طعام۔ نمک سیاہ ہر ایک ا تولہ۔ سہاگہ ۔ شورہ قلمی ہر ایک ۳ ماشہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ چوک ترش ایک تولہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف پکھان بید۔ کثرت حیض اور بواسیری خون کو بند کرتا ہے۔ استعمال۔

بوقت ضرورت بقدر ۵ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد بریان کردہ کہرباء ہر ایک ۵ ماشہ۔ لک مغسول۔ مرجان ہر ایک ۴ ماشہ صدف سوختہ ا تولہ ریوند چینی ۴ ماشہ۔ عود خام۔ گلنار فارسی ہر ایک ا ماشہ۔ نشاستہ بریان ۵ ماشہ۔ تخم حماض ۴ ماشہ۔ چھال بید ۵ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ مرکی ۳ ماشہ۔ آملہ رال ہر ایک ۵ ماشہ صمغ عربی بریاں ا ماشہ۔ دم الاخوین ۲ ماشہ۔ کتیرا ۴ رتی بیخ انجبار۔ ۴ رتی۔ اقاقیا۔ حب آلاس ہر ایک ایک ماشہ۔ زرشک ۲ ماشہ۔ طباشیر۔ گل سرخ۔ گل ارمنی رسوت مرکی ہر ایک ا ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف تنتریک۔ غذا کو ہضم کرتا بھوک لگاتا اور معدہ و آنتوں کو قوت دیتا ہے

استعمال۔ ۷ ماشہ غذا سے پہلے اور بعد کو دونوں وقت تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ انار دانہ ترش ۵ تولہ۔ سونٹھ۔ زیرہ سفید ہر ایک ۷ ماشہ۔ تربد سفید مدبر زیرہ سیاہ۔ ساق ہندی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ نمک سنگ ۹ماشہ بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف تیواج۔ بواسیری دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت ہمراہ عرق بارتنگ ٦ تولہ استعمال کریں
نسخہ۔ تیواج خطائی (پوست اندر جو شیریں) ۲ ماشہ نیلو فر ۵ ماشہ۔ دونو کو پیس کر سفوف بنا لیں۔ اور ایک خوراک کریں۔

سفوف ثعلب۔ پیشاب کی جلن اور سوزش کو دور کرتا ہے۔ مثانہ کو قوت دیتا ہے اور جریان کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ ٦ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ یا آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ۔ طباشیر حجرالیہود۔ گل ارمنی ہر ایک ۲ تولہ کتیرا ایک تولہ صمغ عربی۔ خارخسک۔ تخم کاسنی۔ گل فوفل۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم خیارین۔ گل خطمی۔ گل نیلوفر ہر ایک ۳ تولہ۔ ثعلب مصری برابر وزن ہمہ ادویہ۔ مصری نصف وزن ادویہ بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف جریان خاص۔ سرعت انزال کو زائل اور جریان کو دور کرتا ہے۔

استعمال۔ علی الصبح نہار منہ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ثعلب مصری ۔ تالمکھانہ اسگند ناگوری۔ نیتر بالا۔ مصطگی رومی ۔ نشاستہ دانہ الائچی۔ بھوپھلی۔ کشتہ قلعی۔ تج ہر ایک مساوی الوزن ۔ تمام کوٹ چھان کر تیار کریں۔

سفوف جند۔ استسقاء کی تمام قسموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ شیر شتر یا عرق کاسنی ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ انیسون۔ بادیان۔ تخم کرفس۔ نانخواہ۔ تخم گندروشتی۔ تخم سویہ۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ اسارون۔ قسط تلخ۔ باچھرڑ۔ مصطگی۔ فلفل سفید ہر ایک ۳ ماشہ کرویہ دشتی ۷ ماشہ سکبینج ۲ ماشہ۔ ریوند چینی ۵ ماشہ ۔ جندبید ستر ۲ ماشہ۔ حسب دستور سفوف تیار کریں۔

سفوف جبنین۔ سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ اسپغول ۷ ماشہ تخم خرفہ ۱۰ ماشہ۔ کشنیز خشک ۵ ماشہ۔ سب کو ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف جوز۔ بواسیری خون کو بند کرنے میں مفید ہے۔
استعمال۔ صبح نہار منہ ۲ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ رسوت نگر کوٹی ۱۴ ماشہ۔ انکشت دیوار کہنہ (پرانی دیوار کے کوئلے) ۷ ماشہ۔ دونو کو روغن بادام سے چرب کر کے سفوف بنائیں۔

سفوف چٹکی۔ بچوں کے معدہ کو قوت دیتا ہے اور ہاضمہ کو درست کرتا ہے۔
استعمال۔ بمناسبت عمر ۳ رتی سے ۲ ماشہ تک ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں۔
نسخہ۔ نمک طعام۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ سہاگہ بریاں۔ نوشادر۔ سناکی چاکسو۔ بادیان۔ نرکچور۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پودینہ خشک الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ بابڑنگ۔ گل سرخ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ آملہ خشک نخود خام۔ بہیڑہ۔ نمک سیاہ ہر ایک ۱ تولہ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف چوب چینی۔ جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۶ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں
نسخہ۔ چوب چینی تراشیدہ ۱۴ ماشہ۔ عشبہ مغربی ۷ ماشہ سورنجاں۔ مصری افتیمون ہر ایک تین ماشہ۔ .سفائج ۷ ماشہ سناکی ۹ ماشہ گل سرخ۔ صندل سفید ۳ ماشہ بدستور معروف کوٹ

چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف چوب گز۔ داد۔ خارش اور آتشک وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق منڈی و عرق شاہترہ ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ ماشہ پوست ہلیلہ کابلی ۳۰ ماشہ پوست بلیلہ۔ چوب گز ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ شاہترہ ۳ ماشہ گل سرخ ٦ ماشہ ریوند چینی ۵ ماشہ۔ برگ سناء ۲۰ ماشہ شکر سفید برابر وزن ہمہ ادویہ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف چہار تخم۔ پیچش وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ کھا کر اوپر سے گرم پانی استعمال کریں۔ نسخہ۔ اسپغول۔ تخم ریحان۔ تخم کنوچہ بارتنگ ہر ایک ا تولہ۔ تمام دواؤں کو ملا کر تھوڑا سا پانی ڈال کر ان کو بستہ کرلیں۔

سفوف حابس البطن۔ اسہال کبدی میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ۔ عرق گلاب میں لے کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ۔ تخم خماض۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ زرشک۔ لک افوہ الصبغ (مجیٹھ) صندل سفید ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف حبالی۔ حاملہ عورتوں میں بھوک لگانا اور مٹی وغیرہ کھانے کے خواہش کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ روزانہ ۷ ماشہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ کبابہ ہر ایک مساوی الوزن شکر سہ چند۔ تمام کو کوٹ چھان کر شکر سفید ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف حب الاس۔ دستوں کو بند کرتا اور معدے کو قوی کرتا ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ شاہ بلوط۔ دانہ موریز۔ آرد کنار۔ ہر ایک ۳ تولہ۔ خرنوب نبطی۔ حب الاس ہر ایک ٦ تولہ۔ بدستور معلوم کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف حب الرمان۔ آنتوں اور معدہ کو قوت دیتا اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ انار دانہ بریاں ۳ تولہ۔ بلوط۔ سماق۔ زیرہ کرمانی مدبر حب الاس۔ کشنیز خشک بریاں خرنوب۔ آرد کنار ہر اایک ۱۸ ماشہ عود

خام ۲ ماشہ آملہ منقیٰ ۴ ماشہ۔ حسب دستور سفوف تیار کریں۔

سفوف حب العنب۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ اور دستوں کو روکتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم انگور۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ حب الاس۔ سماق ہر ایک ۳ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف حب النیل۔ آتشک میں تنقیہ مواد کے لئے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ گرم پانی یا عرق گلاب ۶ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ حب النیل (کالا دانہ) ۸۰ دانہ سونٹھ ۴ رتی ریوند چینی ۱ ماشہ گل سرخ ۷ ماشہ حب النیل کو روغن گاؤ سے چرب کر کے دیگر دواؤں کے ساتھ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف حجرالیہود۔ گردہ و مثانہ کی پتھری اور ریگ کو خارج کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ و آب برگ ترب ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ حجرالیہود۔ صمغ آلو۔ خار خسک۔ حب کاکنج۔ تخم ہلیون۔ بادیان مغز آلو بالو ہر ایک ۴ ماشہ مغز۔ تخم خربزہ ۳ تولہ۔ تخم ترب۔ حب القلت ہر ایک ۸ ماشہ خاکستر عقرب۔ کانچ سوختہ ہر ایک ۱۰ رتی۔ صمغ عربی۔ ۶ ماشہ مصری برابر وزن ہمہ ادویہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف حرف۔ تلی کے ورم اور نفخ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۱۰ ماشہ ہمراہ سکنجبین استعمال کریں۔ نسخہ۔ نان حرف (ہالون) ایک تولہ۔ کزمازج۔ پوست بیخ کبر۔ تخم فنجکشت۔ اسقولو قندریون ہر ایک ۶ ماشہ ہالون کو ایک دن رات سرکہ میں تر رکھیں۔ اور خشک کر کے پیس لیں اور قدرے جو کے آٹے کے ساتھ خمیر اٹھا کر تنور میں روٹی پکائیں۔ جب خشک ہو جائے تو باریک کوٹ لیں۔ اس میں سے ایک تولہ وزن لے کر دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کر کے سفوف تیار کریں۔

سفوف حفظ۔ دماغ کا تنقیہ کرتا ہے۔ نسیان کو زائل کرتا اور قوت حافظہ کو بڑھاتا ہے۔ استعمال۔ کندر ۲۵ ماشہ مصطگی ۱۰ ماشہ دار فلفل عنبر گاؤزبان۔ بادر نجبویہ ہر

ایک ۳ ماشہ۔ کاکنج ۳۸ ماشہ۔ شکر سفید مساوی ہمہ ادویہ۔ بدستور سابق سفوف تیار کریں۔

سفوف خاصہ۔ سودا صفرا اور بلغم کو خارج کرنے کے لئے بلا ضرر مسہل ہے۔ استعمال۔ بقدر ایک تولہ ہمراہ شربت خالص استعمال کریں۔ نسخہ۔ سناء مکی۔ تربد موصوف۔ حب النیل (کالا دانہ) ہر ایک ۱۴ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۷ ماشہ نمک ہندی۔ سونٹھ کتیرا ہر ایک ۲ ماشہ تمام کو روغن گاؤ سے چرب کر کے کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف خبث الحدید۔ ابتداو استسقا میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک دہی کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر مریض کو کھانسی کی بھی شکایت ہو تو بجائے دہی کے شہد کے ہمراہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ پوست بلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ ۔ سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل قند سیاہ۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ خبث الحدید ۲ تولہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف خدر۔ مرض خدر یعنی سن بھری میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ بقدر ۴ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ درونج عقربی۔ نر کچور۔ مصطگی۔ ابریشم مقرض۔ بوزیدان۔ تخم بادر نجبویہ گاؤزبان۔ الائچی خورد۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ جدوار۔ عود غرقی۔ عود صلیب ہر ایک ۱ ماشہ برگ فرنجمشک۔ دار چینی ۔ تج ۔ باچھڑ۔ سورنجاں شیریں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۲ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف خرنوب۔ آنتوں کو قوت دیتا ہے۔ معدہ کے دستوں کو بند کرتا اور معدہ کی کمزوری کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ آب تازہ یا عرق بادیان ۱۲ تولہ و شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ خرنوب بنطی۔ بہیدانہ۔ زیرہ کرمانی مدبر۔ ساق پوست کنار۔ حب الاس مصطگی۔ بلوط۔ کشنیز۔ خشک بریاں ہر ایک مساوی الوزن بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف خستہ انبہ۔ بواسیر کو دور کرتا ہے۔ اور خونی دستوں کو بند کرتا ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ۔ و آب گندنا سبز ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ خستہ انبہ۔ خستہ جامن مساوی الوزن۔ دونوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف خشخاش۔ گردہ اور مثانہ کے زخم نیز کھانسی اور پھیپھڑے کے زخموں

میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ شربت خشخاش ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خیارین۔ تخم کتان ہر ایک ۱۰ ماشہ نشاستہ۔ گل ارمنی ہر ایک ۷ ماشہ خشخاش سفید ۱۴ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف خطمی۔ خونی دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ۔ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خطمی سفید۔ مغز۔ تخم خبازی۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ گل ارمنی مغسول۔ طباشیر ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف خیارین۔ مثانہ کے زخموں کو دور کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن اور سوزش کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ سکنجبین و عرق گلاب ۶ تولہ یا ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز تخم خیار۔ بزنگ۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم کدو۔ ہر ایک ۲ تولہ بادیان ایک تولہ بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

سفوف دار چینی والا۔ عورتوں کی بعض رحمی شکایات میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۶ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ صدف ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ دار چینی ۶ ماشہ تمام کو کوٹ کر سفوف بنائیں۔

سفوف داؤدی۔ مثانہ اور گردہ کی عام شکایات میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق شیرہ تخم خربزہ ۳ ماشہ۔ شیر تخم کاسنی۔ شیرہ خارخسک ہر ایک ۳ ماشہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ برگ گل داؤدی خشک۔ نبات سفید ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام کو پیس کر باہم ملا کر سفوف بنا لیں۔

سفوف دم الاخوین۔ خونی قے اور دستوں کو روکتا ہے۔
استعمال۔ بچوں کو چار رتی ماں کے دودھ میں حل کر کے عرق بادیان کے ساتھ اور جوانوں کو بقدر ۱ ماشہ تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خرفہ بریان۔ گلنار۔ تخم حماض۔ طباشیر۔ گل ارمنی ہر ایک ۴ ماشہ گل سرخ۔ مائین۔ حب آلاس۔ نشاستہ۔ دم الاخوین ہر ایک ۲ ماشہ کندر۔ افیون ہر ایک ۱ ماشہ بدستور معروف کوٹ